شمارہ نمبر 4 | جنوری۔جون 2012 | Jan-June 2012 | Edition 4

رَبَّنَا هَبۡ لَنَا مِنۡ اَزۡوَاجِنَا
وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعۡيُنٍ وَّ اجۡعَلۡنَا لِلۡمُتَّقِيۡنَ اِمَامًا.

اے ہمارے رب! ہمیں اپنے جیون ساتھیوں اور اپنی اولاد سے آنکھوں کی
ٹھنڈک عطا کر اور ہمیں متقیوں کا امام بنا دے۔ (الفرقان:۷۵)

رَبَّنَا هَبۡ لَنَا مِنۡ اَزۡوَاجِنَا
وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعۡيُنٍ وَّ اجۡعَلۡنَا لِلۡمُتَّقِيۡنَ اِمَامًا.

'Our Lord, grant us of our wives and children the delight of our eyes, and make us a model for the righteous. [25:75]

لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ کا ترجمان

مریم

A Magazine by Lajna Imaillah Ireland

Maryam

Dear Lajna and Nasirat,
Asalamo alaykum wa rahmatullah,

I wish to congratulate Lajna Imaillah on the publication of the 4th edition of Maryam magazine. The first magazine was published on the occasion of Maryam Mosque inauguration. Since then lajna has published excellent editions of this magazine. I have no reservations in saying that on this platform, lajna has set a standard which other auxiliary organizations are finding difficult to attain. All editions of this magazine are a valuable source of knowledge, and integral for tarbiyyat/training. I understand that a lot of effort is being invested by the nasiraat and lajna on this magazine. My message to lajna and nasiraat is that they should double their efforts in reforming themselves by applying this knowledge in their daily lives so that they can become the best mothers, sisters, daughters, wives, and overall, exemplary Ahmadis. We are fortunate that Allah almighty has enabled us to accept the Imam of the age. However, the mere title "Ahmadi" is insufficient. After accepting the Promised Messiah, it is now mandatory for us to follow the teachings of Ahmadiyyat, the true Islam. We can achieve this goal by adhering to our Ameer-ul-Mu'mineen, Hazrat Mirza Masroor Ahmad (aba). May Allah enable us to fulfil our responsibilities and reward us for our humble efforts, Ameen.

Wassalam,

Muhammad Anwar Malik,

National President Ireland.

پیاری لجنہ اور ناصرات !

السلام علیکم ورحمتہ اللہ و برکاتہ

خاکسار لجنہ اماء اللہ کو مریم میگزین کے چوتھے شُمارے کی اشاعت پر مُبارک باد پیش کرتا ہے۔
مریم میگزین کا پہلا شمارہ مسجد مریم کے سنگ بنیاد کے موقع پر شائع کیا گیا تھا۔
تب سے لجنہ اماء اللہ اس جریدے کے بہترین شمارہ جات شائع کر چُکی ہے۔
مجھے یہ کہتے ہوئے کوئی عار محسوس نہیں ہو رہا کہ اس سطح پر جو معیار لجنہ اماء اللہ نے قائم کر دیا ہے باقی ذیلی تنظیموں
کو اسے حاصل کرنے میں خاصی دُشواری کا سامنا ہے۔
اس جریدے کے تمام شمارہ جات تعلیم و تربیت کا ایک بہترین ذریعہ ہیں۔
خاکسار اس بات سے بخوبی آگاہ ہے کہ لجنہ اور ناصرات کی جانب سے اس میں بہت سی کاوشیں شامل ہیں۔
مگر میرا لجنہ و ناصرات کو یہی پیغام ہے کہ ان تمام باتوں اور اخلاقیات کو اپنی روزمرہ زندگی میں
لاگو کر کے خود کو نئے قالب میں ڈھالیں تا کہ وہ ایک مثالی ماں، بیٹی،
بہن اور بیوی اور سب سے بڑھ کر مثالی احمدی بن سکیں۔
ہم بہت خوش قسمت ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں امام الزماں کو پہچاننے کی توفیق دی مگر
صرف احمدی کہلوانا ہی کافی نہیں بلکہ حضرت مسیح موعودؑ کو ماننے کے بعد ہم سب پر لازم ہے کہ
ہم احمدیت یعنی حقیقی اسلام کی تعلیمات پر مکمل طور سے عمل پیرا ہوں۔
اور ہم یہ نصب العین صرف خلیفہ وقت کے ساتھ مکمل وابستگی کے ذریعہ حاصل کر سکتے ہیں۔
اللہ تعالیٰ ہمیں اپنی ذمہ داریوں کو احسن رنگ میں ادا کرنے کی توفیق عطاء فرمائے
اور ہماری عاجزانہ کوششوں کو باثمر بنائے (آمین)

والسلام

محمد انور ملک ۔ نیشنل صدر آئرلینڈ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ کا ترجمان

مریم

شمارہ نمبر 1 - 2012ء جلد نمبر: 4

نگرانِ اعلیٰ

مکرم و محترم ڈاکٹر محمد انور ملک صاحب (امیر جماعت آئرلینڈ)

زیرِ نگرانی

مکرمہ و محترمہ طیبہ مشہود صاحبہ (صدر لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ)

مربی سلسلہ

مولانا ابراہیم نونن صاحب

سیکرٹری اشاعت

محترمہ ناجیہ نصرت ملک صاحبہ

مدیرہ ۔ لے آؤٹ ، ڈیزائننگ ، ٹائٹل کور

راشدہ کرن خان

مجلس ادارت

محترمہ ساجدہ علیم صاحبہ، فرح دیبا صاحبہ، ندرت ملک صاحبہ

خصوصی معاونات

محترمہ شازیہ مظفر صاحبہ، محترمہ شاہدہ خان صاحبہ، محترمہ خالدہ افتخار صاحبہ

دیگر مُعاونات

محترمہ نازیہ ظفر صاحبہ، محترمہ ڈاکٹر روبینہ کریم صاحبہ، محترمہ نورین شاہد

خصوصی شکریہ

محترمہ طاہرہ چوہدری صاحبہ (کینیڈا)، محترمہ فریدہ عفت صاحبہ (کینیڈا)، محترم احمد مُظفر صاحب (ڈبلن)

اس شمارے میں

	صفحہ نمبر
القرآن الحکیم، احادیث نبوی ﷺ	2
ارشادات عالیہ بانی سلسلہ احمدیہ	2
فرمودات حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ	5
فرمودات حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ	6
خطاب حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ	7
تربیتِ اولاد کے طریق۔ حضرت مصلح موعودؓ	11
تربیت اولاد اور والدین کی ذمہ داریاں	12
صراطِ مُستقیم کی طرف الٰہی راہنمائی	18
اے لوائے اَحمدیت قوم احمد ﷺ کے نشاں	20
اچھی ماؤں کی نگرانی	22
اولاد کی صحیح نہج پر تربیت کے تقاضے	23
تربیتِ اولاد اور ماں	28
پانچ بنیادی اخلاق اور تربیتِ اولاد	31
مالی قربانی	36
ہدایات نیشنل صدر لجنہ اماء اللہ	40
سالانہ کارکردگی شعبہ تعلیم بر موقع سالانہ اجتماع ۲۰۱۱ء	43
رپورٹ مینا بازار ۲۰۱۱ء	45
آپ کے خطوط	46
پکوان	47

القرآن الحکیم

رَبَّنَا هَبۡ لَنَا مِنۡ اَزۡوَاجِنَا

وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعۡيُنٍ وَّ اجۡعَلۡنَا لِلۡمُتَّقِيۡنَ اِمَامًا. (الفرقان ۷۵)

اے ہمارے رب! ہمیں اپنے جیون ساتھیوں اور اپنی اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا کر اور ہمیں متقیوں کا امام بنا دے۔

احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے بچوں کے ساتھ عزت سے پیش آؤ اور ان کی اچھی تربیت کرو۔

(سنن ابن ماجه ـ ابواب الادب ، باب برالوالد)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ جس شخص کو لڑکیوں کے ذریعہ آزمائش میں ڈالے اور وہ ان سے بہتر سلوک کرے وہ اس کے لئے جہنم سے بچاؤ کا ذریعہ ہوں گی۔

(صحیح بخاری، کتاب الادب)

ارشادات عالیہ بانی سلسلہ احمدیہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام

’’اگر کوئی شخص یہ کہے کہ میں صالح اور خدا ترس اور خادمِ دین اولاد کی خواہش کرتا ہوں تو اس کا یہ کہنا بھی نرا ایک دعویٰ ہی دعویٰ ہوگا۔ جب تک کہ وہ اپنی حالت میں ایک اصلاح نہ کرے۔ اگر خود فسق و فجور کی زندگی بسر کرتا ہے اور منہ سے کہتا ہے کہ میں صالح اور متقی اولاد کی خواہش کرتا ہوں تو وہ اپنے اس دعویٰ میں کذّاب ہے۔ صالح اور متقی اولاد کی خواہش سے پہلے ضروری ہے کہ وہ خود اپنی اصلاح کرے اور اپنی زندگی کو متقیانہ زندگی بناوے تب اس کی ایسی خواہش ایک نتیجہ خیز خواہش ہوگی‘‘۔

(ملفوظات جلد اوّل جدید ایڈیشن صفحہ ۵۶۰۔۵۶۱)

’پس جب تک اولاد کی خواہش اس غرض کے لیے نہ ہو کہ وہ دین دار اور متقی ہو اور خدا تعالیٰ کی فرمانبردار ہو کر اس کے دین کی خادم بنے، بالکل فضول بلکہ ایک قسم کی معصیت اور گناہ ہے۔‘‘

(ملفوظات جلد اوّل، جدید اڈیشن صفحہ ۵۶۰)

معزز قارئین!

السلام علیکم ورحمتہ اللہ

خُدا تعالیٰ کے فضل واحسان سے لجنہ اماءاللہ آئرلینڈ کے شعبہ اشاعت کو مریم میگزین کا چوتھا شمارہ پیش کرنے کی سعادت حاصل ہو رہی ہے۔ الحمدللہ علیٰ ذٰلک۔
اس شمارے کا موضوع ''تربیتِ اولاد'' رکھا گیا ہے۔ تربیتِ اولاد ایک بہت وسیع مضمون ہے مگر ہم میں سے کوئی بھی اس بات سے انکار نہیں کرسکتا کہ ماؤں پر بچوں کی تربیت کی سب سے زیادہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ آنحضورﷺ کے اس ارشاد ''جنت ماؤں کے قدموں کے نیچے ہے'' نے اس ذمہ داری کے احساس کو اور بھی تقویت دی ہے۔ جب تک ہم خود کو خدا تعالیٰ اور اس کے پیارے رسولﷺ کے احکامات کے تابع کرتے ہوئے امام الزماں کے ہر فرمان پر لبیک کہیں گی انشاء اللہ یہ جنت ہمارے قدموں تلے ہی رہے گی۔ مگر خدانخواستہ تھوڑی سی بھی بھول چوک ہمیں جنت کے راستہ سے دور لے جاسکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل وکرم سے ہمیں اس قابل بنائے کہ ہم اپنی ذمہ داریوں کو کماحقہٗ ادا کر کے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سرخرو ٹھہریں۔ (آمین)۔
خاکسار شعبہ اشاعت کی پُوری ٹیم اور ایڈیٹر صاحبہ کی تہ دل سے ممنون ہے، جنہوں نے نہایت محنت اور جانفشانی سے ان گلہائے رنگارنگ کو ایک گُل دستہ کی شکل دی ہے۔ بلاشبہ اس رسالہ کا ہر مضمون ایک ایسا پھول ہے جس سے یہ رسالہ گل وگلزار بنا ہے۔ مگر اس محنت اور جانفشانی کے پیچھے جن کی کاوشیں ہیں اگر اُن کا ذکر نہ کیا جائے تو بلاشُبہ یہ زیادتی ہوگی۔
نیشنل سیکرٹری اشاعت لجنہ اماءاللہ ناجیہ نصُرت ملک صاحبہ نے تمام ریجنز میں سرکلرز بھجوائے اور لوکل سیکرٹریان نے بہنوں کو مضامین لکھنے پہ آمادہ کیا۔ خاص کر شازیہ مُظفر صاحبہ نے جنہوں نے اپنے حلقہ کے تقریباً تمام مضامین خود ٹائپ کئے۔ ان تمام مضامین کی پروف ریڈنگ میں نیشنل سیکرٹری اشاعت کے علاوہ محترمہ ساجدہ علیم صاحبہ اور محترمہ فرح دیبا صاحبہ نے نہایت عرق ریزی سے مضامین کو سنوارا ہے۔ فجزاکم اللہ احسن الجزاء۔
اس موقع پر خاکسار پیاری بہن مکرمہ طاہرہ چوہدری صاحبہ (کینیڈا) کی نہایت مشکور ہے جنہوں نے اپنے قیمتی وقت میں سے وقت نکال کر ہمارے رسالہ کی انگلش ٹرانسلیشن اور پروف ریڈنگ میں نہ صرف مدد کی بلکہ ہر جگہ ہماری رہنمائی بھی کی۔ ان کی بیٹی فریدہ عفت صاحبہ نے انگلش ٹائپنگ میں مدد کی۔ اللہ تعالیٰ ان کو بہترین جزاء دے۔ آمین۔
مکرم ابراہیم نونن صاحب مشنری انچارج آئرلینڈ نے انگلش سیکشن کے کُچھ حصہ کی پرُوف ریڈنگ کی۔ خاکسار مکرم ومحترم ڈاکٹر انور ملک صاحب امیر جماعت آئرلینڈ کی نہایت ممنون ہے جنہوں نے بحثیت نگران اعلیٰ ہمیں اپنی قیمتی ہدایات سے نوازا۔ اور احمد مُظفر صاحب جنہوں نے ہمیں جہاں جہاں ضرورت پیش آئی ہماری مدد کی۔ اس کے علاوہ خاکسار نازیہ ظفر صاحبہ، ڈاکٹر روبینہ کریم صاحبہ، ندرت ملک صاحبہ، شازیہ مظفر صاحبہ، شاہدہ خان صاحبہ، خالدہ افتخار صاحبہ، نورین شاہد صاحبہ، فریدہ عفت صاحبہ اور قرۃ العین اور فریحہ علیم کی بے حد ممنون ہے جنہوں نے ٹرانسلیشن اور ٹائپنگ میں ہر مُمکن مدد کی۔
اس رسالہ کی ایڈیٹر محترمہ کرن خان صاحبہ یقیناً دادِ تحسین کی مُستحق ہیں جنہوں نے مریم میگزین کی لے آؤٹ، ڈیزائننگ، گرافکس اور ٹائٹل کور کو تشکیل دیا۔ اس رسالہ کو منظر عام پہ لانے کے لئے ایڈیٹر صاحبہ اور سیکرٹری اشاعت نے خاکسار کی زیر نگرانی جس تندہی سے کام کیا ہے اس کے لئے خاکسار تمام قارئین سے ملتمس ہے کہ ان کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں اللہ تعالیٰ ان کو ہمیشہ خدمت دین کی توفیق دیتا رہے (آمین)
دُعا ہے کہ یہ رسالہ ہمارے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو پسند آئے اور ہم انکی توقعات پہ پورا اترنے والی ہوں۔ (آمین)
آخر میں میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس شمارہ کی معاونت کرنے والے تمام لوگوں کو احسن جزاء عطا کرے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو بے لوث خدمتِ دین کی توفیق عطا فرماتا رہے۔ (آمین)

والسلام

طیبہ مشہود۔ (نیشنل صدر لجنہ اماءاللہ آئرلینڈ)

محترم قارئین!

السلام علیکم ورحمتہ اللہ

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مریم میگزین کا چوتھا شمارہ آپکے ہاتھ میں ہے۔اس بار شمارہ کی اشاعت میں تاخیر ہوگئی ہے،جس کے لئے مریم میگزین کی ٹیم معذرت خواہ ہے مگر وہ کیا کہتے ہیں کہ ؎ ہوئی تاخیر تو کُچھ باعثِ تاخیر بھی تھا

اور باعثِ تاخیر آپکے ارسال کردہ مضامین ہی تھے جن کی proof reading میں کافی وقت لگا۔اور کئی مضامین اچھے ہونے کے باوجود حوالہ جات نامکمل ہونے کی وجہ سے اور ایک ہی طرح کے مضامین کی تکرار کے باعث شاملِ اشاعت نہ ہو سکے۔چونکہ مریم میگزین کا مسوّدہ چھپنے سے پہلے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمتِ اقدس میں پیش کیا جاتا ہے اس لئے مریم میگزین کی ٹیم پر یہ بہت بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ اس رسالہ کے اعلیٰ معیار کو ہر ممکن برقرار رکھتے ہوئے کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔اس بار ہمیں نامکمل حوالہ جات، بار بار ایک ہی مضمون کی تکرار، اور دوسری کتب میں موجود مواد کو اپنے نام سے پیش کئے گئے مضامین کے باعث کافی پریشانی کا سامنا تھا جس کے باعث ہمیں نیشنل صدر صاحبہ مکرمہ طیبہ مشہود کی زیرِ صدارت اشاعت ٹیم کا ایک ہنگامی اجلاس منعقد کروانا پڑا۔اور اس اجلاس میں آئندہ شائع ہونے والے شمارہ جات کیلئے قواعد وضوابط طے کئے گئے۔جن کو صدر صاحبہ کی منظوری کے بعد آپ کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے۔آپ سے التماس ہے کہ آئندہ مضامین ارسال کرتے ہوئے ان تمام قواعد وضوابط کو ملحوظ رکھیں۔

<u>قواعد وضوابط</u>

۱) یہ جماعتی رسالہ ہے جس کا مقصد دینی روایات واقدار کی پاسداری ہے۔پس اس رسالہ میں مضامین ارسال کرنے سے پیشتر دیکھ لیں کہ آیا یہ بھیجے جانے والا مضمون جماعتی اور دینی روایات کی نمائندگی کر رہا ہے۔

۲) کوئی مضمون بغیر مُستند حوالہ جات کے نہ بھیجا جائے۔حوالہ جات کتاب کے نام اور صفحہ نمبر کے ساتھ بھیجے جائیں۔اللہ کے فضل سے بیشتر جماعتی کُتب online موجود ہیں پس اپنا مضمون ارسال کرنے سے قبل ایک بار خود حوالہ جات check ضرور کر لیں۔

۳) اگر کوئی حوالہ کسی اور کتاب سے لیا جائے تو اس حوالہ کو بحوالہ کتاب بھیجا جائے۔

۴) براہِ مہربانی کسی کتاب میں موجود مواد اور خیالات کو اپنے نام سے پیش نہ کریں کیونکہ یہ متعلقہ کتاب کے جُملہ حقوق کی خلاف ورزی ہوتی ہے۔

۵) اپنے مضامین میں آپ حضرت مسیح موعودؑ کی کتب اور خلفاء کے خطابات کے حوالے تو دے سکتی ہیں مگر پورے کے پورے خطابات بھیجنے سے احتراز کریں۔کیونکہ مریم میگزین کی ٹیم ان چیزوں پر بہت پہلے سے کام کرنا شروع کر دیتی ہے۔

ان تمام قواعد وضوابط کو پیش کرنے کے بعد خاکسار اگلے شمارے سے متعلقہ چند اعلانات کرنا چاہتی ہے۔

۱) اگلی مرتبہ شمارے کے لئے کسی خاص موضوع کا انتخاب نہیں کیا جا رہا بلکہ آپ کی سہولت کیلئے اگلی بار آپ کسی بھی موضوع پر لکھ سکتی ہیں یعنی اس بار آپ کے لئے open choice ہے۔

۲) مضامین موصول ہونے کی آخری تاریخ 30 جولائی 2012 ہے۔اس کے بعد موصول ہونے والے مضامین کو شامل اشاعت نہیں کیا جائے گا۔

امید ہے قارئین مندرجہ بالا تمام باتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اگلی بار مزید اچھے اور معیاری مضامین ارسال کریں گے۔کیونکہ یہ آپکا اپنا رسالہ ہے اور آپ نے ہی اس کے معیار کو بلند کرنے میں ہماری مدد کرنی ہے۔

آخر میں خاکسار تمام اشاعت ٹیم کا شُکریہ ادا کرتے ہوئے آپ سب سے گزارش کرتی ہے کہ اشاعت کی تمام ٹیم کو اپنی خاص دُعاؤں میں یاد رکھیں جنہوں نے نہایت محدود وسائل کے باوجود اپنے کام کو مکمل جانفشانی سے کیا۔اللہ تعالیٰ ہم سب کو مقبول خدمت دین کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)

والسلام خاکسار۔ ناجیہ نصرت ملک۔نیشنل سیکرٹری اشاعت آئرلینڈ

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ؒ کا ایک خطاب 15 اکتوبر 1980ء بمقام محمود ہال لندن

ماں کے پاؤں تلے جنّت ہے

''ماں کے پاؤں تلے جنّت ہے'' یہ حضرت رسولِ کریم ﷺ کی حدیث ہے۔اس میں کہا گیا ہے کہ ہم اپنی ماؤں کا احترام کریں۔اُن کا کہنا مانیں۔ان کے نقشِ قدم پر چلیں مگر اسکے ایک اور معنی بھی ہیں اور وہ یہ کہ اگر مائیں اپنی اولادوں کو صراطِ مستقیم پر نہ رکھ سکیں تو نہ اولاد کے لئے جنت رہے گی نہ ان کے اپنے لئے۔حالیہ دورہ میں ایک بات نہایت تکلیف دہ میرے سامنے آئی۔کینیڈا میں ایک ماں زاروقطار رورہی تھی کہ میرا بیٹا میرے کہنے سے باہر ہوگیا ہے راتوں کو باہر رہنے لگا ہے۔اگر مائیں اپنے پاؤں کے نیچے جنت چاہتی ہیں تو اپنی اولادوں کو نیک بنائیں۔جو مخلص ماں اپنی اولاد کی تربیت نہ کرسکی اُس نے اپنے اور اپنی اولاد کے لئے دنیا میں بھی جہنم خرید لیا اور مرنے کے بعد تو خدا تعالیٰ کو پتہ ہے کہ اس کے ساتھ کیا معاملہ ہو۔

اے اُمتِ مسلمہ کی مستورات! اگر تم اِس دنیا میں جنت کا حصول چاہتی ہو تو اپنی نسلوں کو خدا کا سچا پیار کرنے والی بناؤ۔جو قوتیں خدا تعالیٰ نے دی ہیں ان کا استعمال کرو۔ مائیں اپنی عقلوں سے کام لیں اور اپنے بچوں کو جہنم کی آگ سے بچانے کی انتہائی کوشش کریں۔قرآن کریم کو خود پڑھیں اور اپنے بچوں سے اس پر عمل کروائیں۔

ایک وہ وقت تھا جب دشمن تلوار اور تیر کمان سے اسلام کو مٹانا چاہتا تھا۔ مسلمان بچے آٹھ آٹھ نو نو سال کے اپنے بھائی کے سر پر سیب رکھ کر تیر سے سیب اُڑا دیا کرتے تھے۔جس وقت اسلام کے دفاع کیلئے تیر اور کمان کی جنگ تھی انہوں نے تلوار اور تیر میں مہارت حاصل کی آج صحیح طور پر اسلام پر قائم ہوکر۔ اِسلام کے نور سے اپنے ذہنوں کو منور کرکے،اپنے دل میں اپنی نسلوں کے دل میں ایثار کا جذبہ پیدا کرکے آج اپنے خدا کے لئے اور محمد ﷺ کے لئے ہر چیز قربان کرنے کی تڑپ اپنی زندگی میں پیدا کرکے اپنی زندگیوں کو وقف کرکے ہم نے دنیا کا مقابلہ کرنا ہے۔جب تک آپ اور آپ کی نسلیں اس مقام تک نہ پہنچ سکیں جن کا وعدہ خدا تعالیٰ نے دیا ہے اس وقت تک آپ اس جنت کو نہیں پا سکتیں جو صالحات، قانتات،مومنات،مسلمات سے قرآن کریم میں کیا گیا ہے۔اس لئے آج ایک احمدی عورت ماں،بہن،بیوی کی ذمہّ داری ہے کہ نوجوان نسل کی تربیت اپنے سے بھی زیادہ دعاؤں اور تدبیر کے ساتھ کرے۔بچوں کے دلوں میں خدا کا پیار پیدا کریں۔حضرت نبی اکرم ﷺ ایک عظیم الشاّن انسان تھے۔ان سے بڑا آج تک آدم کی اولاد میں سے کوئی پیدا نہیں ہوا۔دلوں میں آپ ﷺ کا پیار پیدا کریں۔

ایک دفعہ پاکستان سے ایک وفد چین گیا۔اس کے سیکریٹری نے ماؤزے تنگ سے پوچھا کہ آپ کی ترقی کا راز کیا ہے؟''اس کا جواب تھا کہ محمد ﷺ کی زندگی کا مطالعہ کرو۔کتابیں پڑھو آپ کو خود ہی راز معلوم ہو جائے گا۔مثلاً اسلام نے دیانت پر اتنا زور دیا ہے جس کی حد نہیں۔نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جو مسلمان جانیں دینے کے لئے میدان جنگ میں جائیں وہ اگر کسی کی ایک کھجور اُٹھا کر بھی اپنے مُنہ میں ڈالتے ہیں تو جہنمی ہیں''۔ماؤزے تنگ نے اسی تخّیل کو اُٹھایا اور اپنی فوج کو حکم دیا کہ ''کسی سے ایک گز دھاگہ بھی نہیں چھیننا اگر ضرورت ہو تو اس کے پیسے دو۔اگر کسی مکان کا شیشہ توڑا ہے تو اسے لگاؤ۔مکان کو جس حالت میں پاؤ اس سے اچھی حالت میں چھوڑو''۔اس طرح جو سبق اسلام نے دیا تھا وہی سبق انہوں نے اپنی سوشلسٹ پارٹی کو دیا۔اسی لئے انہوں نے کہا کہ ''رسول اکرم ﷺ کی زندگی کا مطالعہ کرو''۔

یہ رفعتوں تک پہنچانے والی تعلیم ہے۔اب یہ آپ کی ذمہّ داری ہے کہ اپنی نسلوں کو سنبھالیں کیونکہ جنگ ہمارے سامنے ہے۔یہ جنگ ساری دنیا کو اسلام کے ذریعہ جیتنے کی جنگ ہے۔جو اکیلا تھا وہ ایک سے ایک کروڑ بن گیا۔اب دنیا پہلے سے کہیں زیادہ زور لگائے گی اس جماعت کو مٹانے کی۔

نبی اکرم ﷺ ۱۳ سال مکہّ میں رہے۔مکہ کے لوگ یہ سمجھتے تھے کہ ایک آدمی بُتوں کے خلاف ہے پھر چند غریب لوگ بلالؓ جیسے ساتھ ہوتے تھے پھر ان کی تعداد بڑھی۔پھر مدینہ کی طرف ہجرت ہوگئی۔مدینے میں کچھ سال اور گزرے تو اس وقت سارے عرب کو ہوش آئی کہ ان کے عقائد،ان کی عادتیں،ان کی روایات مٹنے والی ہیں لہٰذا تمام عرب اکٹھے ہوکر حملہ آور ہوئے لیکن خدائی تدبیر کام کررہی تھی سب دشمن پیٹھ پھیر کر بھاگ گئے۔اصلی فیصلہ تو نبی اکرم ﷺ کی

زندگی میں جنگِ احزاب نے کر دیا تھا اور فتح مکّہ کے وقت ہوئی جب کسی نے تلوار نہ اُٹھائی۔اس دن یہ نعرہ بلند ہوا کہ لَا تَثْرِیبَ عَلَیْکُمُ الْیَوْمَ یعنی جاؤ سب کو معاف کیا جاتا ہے۔

ابھی جو میں نے مسجد کی بنیاد سپین میں رکھی ہے تو عیسائیت تلملائی۔ وہاں کے ایک اخبار نے لکھا ہے کہ ۱۹۴۶ میں جو آدمی جھاڑی لگا کر بیٹھا تھا وہ اب آہستہ آہستہ چھوٹے کام کرتے کرتے بڑے کام کرنے لگ گیا ہے۔

اگر تم اپنے خدا سے بے وفائی کرو گی۔اپنی تربیت نہ کر سکو گی تو کوئی اور قوم آگے آجائے گی جو اسلام کی خدمت کرے گی اور خدا تعالیٰ کے انعامات کی وارث ہو جائے گی۔میری دعا ہے خدا تعالیٰ آپ کو توفیق دے مرد بھی قربانیاں کریں اور عورتیں بھی۔اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہمارے ذریعہ اسلام کو غالب کرے اور ہم اُس کے فضلوں اور رحمتوں کے وارث بنیں۔کامیابیاں جماعتِ احمدیہ کے لئے مقدّر ہیں لیکن جماعت احمدیہ سے مراد وہ افراد ہیں جنہوں نے بیعت کر کے عہد کیا ہے کہ ہم اپنے خدا سے کبھی بے وفائی نہ کریں گی اور اُس کا دامن نہ چھوڑیں گی۔اللہ تعالیٰ آپ سب کو توفیق دے۔آمین‘‘۔

(المصابیح۔صفحہ۳۷۳۔۳۷۴۔۳۷۵)

آنکھوں کی ٹھنڈک

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ گھروں کو پُرسکون اور مثالی بنانے اور دُنیا میں ہی ایک چھوٹی سی جنت کی تعمیر اور ایک صحت منداور مثالی معاشرہ کی تشکیل و ترویج کے سلسلہ میں احباب وخواتین سے متعدد بار مخاطب ہوئے۔آپ فرماتے ہیں۔’’چنانچہ قرآن کریم فرماتا ہے کہ جب دونوں فریق ایک دوسرے کے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک نہ بنیں اُس وقت تک یہ توقع رکھنا کہ اولاد سے ہمیں آنکھوں کی ٹھنڈک نصیب ہوگی یہ ایک فرضی بات ہے اور اس میں ایک بہت ہی گہری حکمت بیان فرمائی گئی ہے۔جس کا انسانی نفسیات سے گہرا تعلق ہے۔حقیقت یہ ہے کہ وہ والدین جو ایک دوسرے آنکھوں کی ٹھنڈک پاتے ہیں اُن کی اولادیں ہمیشہ اُن کے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک بنتی ہیں۔تربیت میں یکجہتی پائی جاتی ہے اور ایک ہی مزاج کے ساتھ بچے پرورش پا رہے ہوتے ہیں اور وہ ماں باپ جو ایک دوسرے سے سچا پیار کرنے والے،اور ایک دوسرے کا ادب کرنے والے اور ایک دوسرے کا لحاظ کرنے والے،اور ایک دوسرے کی ضروریات کی طرف دھیان رکھنے والے،اور اخلاق سے پیش آنے والے ماں باپ ہوتے ہیں۔اُن کی اولاد بھی اپنے ماں باپ سے پیار کرنے والی بنتی ہے اور آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ نسبتاً بہتر تعلقات قائم کرتی ہے اور ایسی اولاد پھر ماں باپ کی آنکھوں کی ٹھنڈک بن جاتی ہے۔‘‘ (خطبہ جمعہ مورخہ 29 جون 1990ء بعنوان گھر کی جنت)

ماں کو اپنی تکالیف کا ذکر بچوں کے سامنے نہیں کرنا چاہیئے

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

’’اگر کوئی ماں ارادتاً اپنے بچوں کے دل میں باپ کے خلاف نفرت اور بغاوت کے جذبات پیدا کرتی ہے تو وہ قرآن کی تعلیم کے صریحاً خلاف کرتی ہے۔اس کو اپنی رنجشیں اور تکالیف صرف اپنی ذات تک محدود رکھنی چاہئیں۔اور بچوں میں باپ کے متعلق نفرت کے جذبات پیدا کرنے سے اجتناب کرنا چاہیئے۔اور غیر جانب دار رہتے ہوئے بچوں کو وہی تعلیم دینی چاہیئے جو قرآن کریم سکھاتا ہے۔‘‘

(بحرِ عرفان۔لجنہ اماء اللہ لاہور۔صفحہ۱۷۲)

ماں اور باپ دونوں کو بچوں کے لئے بہترین نمونہ بننا چاہیئے

’’پس ماں اور باپ کے اخلاق میں سے جس کا اخلاق بدتر ہو بالعموم وہی اولاد میں رائج ہو جاتا ہے۔پس دونوں طرف کی کمزوریاں آگے جا کر جمع ہوتی ہیں اور بعض دفعہ ضرب کھا جاتی ہیں۔اس لئے گھر کے معاشرے کو جنت بنانا کوئی معمولی بات نہیں ہے۔بہت باریک نظر سے ان باتوں کو اور ان تعلقات کو دیکھنا چاہیئے۔آخری فیصلہ اس بات سے ہوگا کہ آپ کا گھر آپ کے لئے جنت بنا ہے کہ نہیں۔آپ کے خاوند کے لئے جنت بنا ہے کہ نہیں۔آپ کے بچے آپ دونوں سے پیار کرتے ہیں اور احترام کرتے ہیں کہ نہیں۔اگر مرد میں کمزوریاں ہیں تو عورت حتی المقدور ان سے صرف نظر کرتی ہے کہ نہیں لیکن کوشش ضرور کرتی ہے کہ ان کمزوریوں کو دور کرے۔ نیک اور پاک مخلصانہ نصیحت کے ذریعہ وہ اپنے خاوند کو سمجھاتی رہتی ہے اگر ایسا ہے تو اچھا ہے۔اگر پہلی باتیں ہیں تو پھر وہ عورت اپنی آئندہ نسلوں کی تربیت کی اہل نہیں ہے۔یہی حال مردوں کا ہے۔پس اگر چہ حضور اکرم ﷺ نے مردوں کا نام نہیں لیا اور عورتوں کا لیا ہے تو اس میں بڑی گہری حکمت ہے۔مگر گھر کی جنت بگاڑنے میں یقیناً مرد بھی ایک بڑا بھاری کردار ادا کرتے ہیں اور عورت کا کام ہے کہ اپنی اولاد کی ان سے حفاظت کرے۔

(خطاب ۲۷ دسمبر ۱۹۹۱ء بمقام قادیان)

"عورت گھر کی نگران ہے۔ ماں کو بہر حال بچوں کی خاطر قربانی دینی چاہئے۔ بعض مائیں جو پروفیشنل ہیں، ڈاکٹر ہیں، پڑھی لکھی ہیں، لیکن بچوں کی خاطر قربانی کرتی ہیں اور گھروں میں رہتی ہیں اور بچوں کی تربیت کرتی ہیں‘‘۔

خطاب: حضرت مرزا مسرور احمد :(17 ستمبر 2005 سکینڈے نیوین ممالک میں خواتین سے خطاب)

حضور انور نے تشہد و تعوذ و سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا:

’’ اس وقت یہاں جو آپ میرے سامنے خواتین بیٹھی ہیں۔ تین سکینڈے نیوین ملکوں ڈنمارک، ناروے اور سویڈن سے آئی ہیں۔ آپ میں سے اکثر بلکہ تمام تر پاکستان سے تعلق رکھنے والی ہیں اور شاید بعض کا تعلق ہندستان سے بھی ہو۔ اکثر خاندان تو یہاں پاکستان سے ہی آ کر آباد ہوئے ہیں۔ بعض چالیس پچاس سال پرانے خاندان آباد ہیں ان کی زندگیاں یہاں گزری ہیں۔ بچے پیدا ہوئے، جوان ہوئے، ان کی شادیاں ہوئیں اب ان کے آگے بچے ہیں۔ یہ تمام خاندان جو پاکستان سے ان ملکوں میں آئے ہیں یا تو کسی سختی کی وجہ سے آئے ہیں یا اپنے معاشی حالات بہتر کرنے کی وجہ سے آئے ہیں۔ الحمدللہ کہ یہاں آنے والے تمام خاندان پہلے کی نسبت بہت بہتر معاشی حالات میں زندگی گزار رہے ہیں‘‘

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا’’ لیکن آپ کے یہ معاشی حالات آپ کو دین سے اسلام کی خوبصورت تعلیم سے غافل نہ کر دیں۔ یہ بہتر معاشی حالات آپ کو اس بات سے غافل نہ کر دیں کہ آپ کے باپ دادا نے، بزرگوں نے بڑی قربانیاں دے کر احمدیت کو قبول کیا تھا اور پھر یہ کوشش کی تھی کہ اپنی نسلوں میں احمدیت کو جاری رکھیں‘‘۔

حضور انور نے فرمایا’’ آج آپ اس زمانے کے امام کو ماننے اور اپنے بزرگوں کی قربانیوں کی وجہ سے ہی ان ملکوں میں پرسکون زندگی گزار رہے ہیں۔ یہاں پر آپ کو ہر طرح کی سہولتیں میسّر ہیں۔ بچوں کی تعلیم کے مواقع میسّر ہیں۔ آپ کو اللہ تعالیٰ کے ان فضلوں کی وجہ سے خدا کا مزید شکر گزار بندہ بننا چاہئے‘‘۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: کسی کے ذہن میں یہ خیال نہیں آنا چاہئے کہ یہ سب کچھ میرے خاوند میرے باپ میرے بیٹے کے زور بازو کا نتیجہ ہے فرمایا سب کچھ خدا کے فضل سے ہوا ہے‘‘۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا’’ خدا کے فضل کا تقاضا ہے کہ آپ اپنی ذمہ داری کو سمجھیں خدا کے فضل کا تقاضا ہے کہ آپ اپنے بزرگوں کے نام روشن کرنے والی ہوں۔ خدا کے فضل کا تقاضا ہے کہ آپ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی تعلیم پُرعمل کرنے والی بنیں۔ نہ صرف خود عمل کریں اور بلکہ اپنی اولادوں کی بھی اس فکر کے ساتھ نگرانی کریں اور ان کی تربیت کریں کہ کہیں وہ مغرب کے آزاد ماحول کیوجہ سے دین سے دور نہ ہٹ جائیں۔ خاص طور پر لڑکوں کی بڑی نگرانی کرنی پڑتی ہے‘‘۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا’’ نئے شامل ہونے والوں میں سے جن میں اکثریت عورتوں کی ہے انہوں نے آپ کے نمونے دیکھنے ہیں۔ جن مقامی عورتوں نے یہاں کے مردوں سے شادیاں کی ہیں وہ ان مردوں کے نمونے بھی دیکھیں گی۔ اس لئے مردوں کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ ان کی تربیت کریں۔ لیکن عورتوں کے ماحول میں نئی احمدی عورتیں آپ عورتوں کے نمونے دیکھیں گی، لجنہ کے اجلاسوں میں اجتماعوں میں آپکا اپنا عمل دیکھیں گی، دینی احکام پر آپ کا عمل، آپ کی پابندی دیکھیں گی آپ کے بچوں کی تربیت دیکھیں گی‘‘۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا’’ اگر آپ کے قول و فعل میں تضاد ہو گا، آپ کے رویّے اسلامی تعلیم کے خلاف ہوں گے۔ آپ ایک دوسرے کا احترام نہیں کر رہی ہوں گی تو ان کی ٹھوکر کا باعث بنیں گی‘‘۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا’’ پس اپنے نمونے ان لوگوں کے سامنے قائم کریں۔ ایسے نمونے قائم کریں جو اسلام کی حسین تعلیم کے نمونے ہیں تا کہ نئے شامل ہونے والوں کی تربیت ہو سکے اور آپ کے ان نمونوں کی وجہ سے آپ کے لئے تبلیغی میدان میں وسعت پیدا ہو سکے۔ اسلام احمدیت کا پیغام پہنچا سکیں۔ تبلیغ کے لئے راستے کھل سکیں جن پر چل کر احمدیت کا پیغام آگے پہنچا سکیں‘‘۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا ’’یاد رکھیں آپ کے نمونوں کو دنیا بڑے غور سے دیکھ رہی ہے۔ آج ان ملکوں میں دنیا کے مختلف ممالک کے لوگ آباد ہیں۔ عرب، ترکی اور دنیا کے دوسرے مسلمان ممالک سے آنے والے لوگ آباد ہیں تو ان مسلمان ملکوں کے لوگوں کو جب آپ تبلیغ کرتی ہیں یا مرد تبلیغ کرتے ہیں تو آپ کا اسلام پر عمل اگر ان سے بہتر نہیں ہے تو یہ لوگ آپ سے سوال کریں گے کہ تم میں ہماری نسبت کیا بہتری ہے۔ پہلے بتاؤ کہ تم نے زمانے کے امام کو مان کر اپنے اندر کیا انقلاب پیدا کیا ہے جو کہہ رہی ہو کہ ہم ان کو مان لیں‘‘۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ایک واقعہ بیان کرتے ہوئے فرمایا’’ جب ہمارے مبلغ نے ترک عورتوں کو تبلیغ کی، احمدیت کا پیغام پہنچایا تو انہوں نے آگے سے جواب دیا کیا ہم احمدیت قبول کر کے ان عورتوں کی طرح ہو جائیں جو پردہ نہیں کرتیں‘‘۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا ’’چند ایک ایسی عورتیں انہوں نے دیکھی ہوں گی جو پردہ نہ کرتی ہوں گی۔ اب دیکھیں ان چند لڑکیوں اور عورتوں کی وجہ سے ان لوگوں نے احمدیت کے بارہ میں بات سننے سے انکار کر دیا۔ جماعت کی بدنامی کا موجب یہ عورتیں لڑکیاں علیحدہ بنیں۔ حضور انور نے فرمایا کہ ’’حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ہمارے مرید ہمیں بدنام نہ کریں۔ پس حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی طرف منسوب ہو کر ایسی باتوں سے، ایسے امور سے بچنا چاہئے جو اسلامی تعلیم کے خلاف ہیں۔ پردہ اسلامی حکم ہے۔ بڑا کھول کر بیان کیا گیا ہے‘‘۔ پردہ کے بارہ میں حضور انور نے فرمایا ’’میں وہ بات آپ کو کہہ رہا ہوں جو قرآن کے مطابق ہے اور وہ بات آپ کو کہہ رہا ہوں جو قرآن کریم کہہ رہا ہے‘‘۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سورۃ النور کی آیت ۳۲ کا حوالہ دیتے ہوئے فرمایا کہ ’’یہاں اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ اپنی زینت ظاہر نہ کریں سوائے اس کے جو اس میں سے بے اختیار ظاہر ہو۔ اور اپنے گریبانوں پر اوڑھنیاں ڈال لیا کریں۔ بعض اپنے خاوندوں، باپوں، خاوندوں کے باپوں، اپنے بیٹوں، خاوندوں کے بیٹوں کے، اپنے بھائیوں یا بھائیوں کے بیٹوں اور بہنوں کے بیٹوں کے سامنے جو زینت ظاہر ہوتی ہے وہ باقی جگہ آپ نے ظاہر نہیں کرنی۔ فرمایا یہ حکم ہے کہ زینت ظاہر نہیں کرنی۔ فرمایا اوپر کپڑا، چادر وغیرہ لینی ہے تو اتنی چوڑی ہو کہ جسم پر بھی آجائے‘‘۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا ’’اسلامی دنیا میں جہاں بھی پردہ کا تصور ہے وہاں سر ڈھانپنے کا تصور ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے قرآن کریم کی آیت وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلَى جُيُوبِهِنَّ بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ بڑی چادر کو اپنے سروں سے گھسیٹ کر اپنے جسموں پر لے آیا کریں‘‘۔ حضور انور نے فرمایا ’’چہرہ اپنے باپوں، بیٹیوں، بھائیوں وغیرہ کے سامنے کھلا ہوتا ہے لیکن باہر جاؤ تو ننگا نہیں ہونا چاہئے‘‘۔

حضور انور نے فرمایا ’’سانس لینے کے لئے ناک وغیرہ ننگا رکھا جا سکتا ہے لیکن چہرہ کا باقی حصہ پردہ میں ہونا چاہئے۔ یا تو بڑی چادر لیں۔ اگر برقعہ وغیرہ لینا ہے تو ایسا ہو کہ حکم کی پابندی ہو۔ تنگ کوٹ پہن کر پردہ نہیں رہتا فیشن بن جاتا ہے‘‘۔ حضور انور نے فرمایا ’’ہر ایک عورت اس بات کا جائزہ لے کہ کیا وہ قرآن کریم کے حکم کے مطابق پردہ کر رہی ہے‘‘۔

حضور انور نے فرمایا ’’میں نئی آنے والی خواتین کو کہتا ہوں کہ آپ اپنے آپ کو نمونے بنائیں۔ اسلامی تعلیمات کی خالص مثال قائم کریں۔ اپنے خاوندوں کو دین پر عملدر آمد کرنے والا بنائیں۔ بچوں کو اسلامی تعلیم دیں۔ دوسری پیدائشی احمدی بہنوں کے لئے بھی مثال قائم کریں۔ بعض دفعہ بعد میں آنے والی پہلوں سے آگے نکل جاتی ہیں‘‘۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا ’’افریقہ، امریکہ اور جرمنی میں ایسی خواتین ہیں جنہوں نے بیعت کی ہے اور وہ مثال بن گئی ہیں۔ فرمایا یہاں بھی ہیں کہ بیعت کی اور پردہ شروع کر دیا۔ پردہ کی مثالیں بھی ہیں اور دوسرے احکامات پر عمل کرنے کی مثالیں بھی ہیں‘‘۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے احمدیت میں نئی داخل ہونے والی خواتین کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا ’’ہمیشہ یاد رکھیں کہ اگر کسی پاکستانی میں کوئی برائی دیکھیں تو ٹھوکر نہ کھائیں‘‘۔ فرمایا ’’چند ایک بُری ہیں تو بہت ساری اچھی ہیں۔ آپ نے ان میں سے کسی کی بیعت نہیں کی۔ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ اسلام کی بیعت کی ہے‘‘۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا ’’پردے کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ عورت بند ہو جائے۔ حضرت نبی کریم ﷺ کے زمانہ میں عورتیں جنگوں میں بھی جاتی تھیں اور پانی بھی پلاتی تھیں اور دوسرے کام بھی کرتی

تھیں۔آنحضرت ﷺ کے بہت سے احکام کی تشریح حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے۔کہا جاتا ہے کہ آدھا دین حضرت عائشہؓ نے سکھایا ہے''۔حضور انور نے فرمایا''اگر کسی مجبوری کی وجہ سے کسی خاتون کو کام کرنا پڑے، ملازمت کرنی پڑے تو کوئی حرج نہیں۔لیکن ان ملازمتوں کو بہانہ بنا کر پردے نہیں اترنے چاہئیں''۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ''جو پردے کی وجہ سے کام کا بہانہ کرتی ہیں یہ صرف بہانے ہیں۔اگر کہیں روک بھی ہے تو اسے دور کرنے کی کوشش کریں۔نیک نیتی سے کوشش کریں تو خدا تعالیٰ بھی مدد فرماتا ہے''۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے پردے کے بارہ میں حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کا ایک اقتباس پیش کرتے ہوئے فرمایا''آجکل جن لوگوں نے یہاں معاشرہ کا اثر قبول کیا ہے اس اثر قبول کرنے کی وجہ سے ان کے گھر بربادی میں بڑھ گئے ہیں۔طلاقیں ہو رہی ہیں۔کہیں لڑکا طلاق دے دیتا ہے تو کہیں لڑکی علیحدگی لے لیتی ہے''۔

حضور انور نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ہر احمدی عورت اور بچی کو تقویٰ پر چلتے ہوئے اسلامی تعلیم پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا''آپ معاشی حالات بہتر کرنے نہیں آئیں۔آپ کے معاشی حالات جس طرح بہتر ہوئے ہیں اتنی ہی آپ کی ذمہ داری بھی بڑھ جاتی ہے۔بچوں کی تربیت کی ذمہ داری سنبھالیں تو فکریں دور ہو جائیں گی کہ کس طرح ان کو آزاد ماحول سے، برائیوں سے بچانا ہے''۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا''ان قوموں میں کھلے دل سے بات سننے کا حوصلہ ہے۔انہوں نے آپ کو اپنے ملک میں جگہ دی ہے، آباد کیا ہے۔یہ ان ملکوں کی خوبی ہے۔سچائی کا عموماً معیار ان کا ایشین کی نسبت بہت اونچا ہے۔حالانکہ سب سے زیادہ سچائی کی تعلیم اسلام نے دی ہے۔بہرحال آزادی کے نام پر ان ملکوں میں اخلاق سوز حرکتیں ہوتی ہیں۔ان باتوں سے خود بھی بچنا چاہئے اور اپنے بچوں کو بھی بچانا چاہئے''۔

حضور انور نے فرمایا کہ''اللہ تعالیٰ نے جو یہ فرمایا ہے کہ رزق کی تنگی کے خوف سے اولاد کو قتل نہ کرو۔قرآن کریم کی تعلیم ہر زمانے کے لئے ہے۔کوئی اولاد کو اس طرح قتل نہیں کرتا کہ چھری پھیر دی جائے۔یہی مطلب ہے کہ ایسی تربیت نہ کرو کہ تمہاری اولاد برباد ہو جائے''۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا''تربیت کے مختلف طریق ہیں۔یہاں حکومت بھی خرچ دیتی ہے۔رزق کی تنگی کا کوئی خوف نہیں۔ان ملکوں کے لحاظ سے اور آپ کی نسبت کے لحاظ سے قتل اولاد کا یہ مطلب ہے کہ ماں باپ دونوں پیسے کمانے کے شوق سے کام پر چلے جاتے ہیں۔بچے گھروں میں بڑے بھائی کے سپرد کر دیتے ہیں۔بچے گھروں میں آزاد ہوتے ہیں۔ماں باپ کے سر پر موجود نہ ہونے کی وجہ سے بڑی عمر کے بچے گھر سے باہر وقت گزارتے ہیں اور برائیوں میں پڑ جاتے ہیں۔یا بعض ماں باپ اپنے بچوں کو کسی قابل اعتبار شخص کے سپرد کر جاتے ہیں لیکن وہ ان سے ایسا بہیمانہ سلوک کرتا ہے کہ بچوں کی زندگی برباد ہو جاتی ہے۔ماں باپ کو تو یہ ہوتا ہے کہ ہم نے آمد پیدا کرنی ہے۔صرف پیسہ کمانے کے شوق میں بچوں کی تربیت کی طرف توجہ نہیں دے رہے ہوتے۔اس طرح بچے ماں باپ کی تربیت نہ ہونے کی وجہ سے برباد ہو رہے ہوتے ہیں''۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے آنحضرت ﷺ کی ایک حدیث بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ''عورت گھر کی نگران ہے''۔فرمایا''ماں کو بہرحال قربانی دینی چاہئے۔بچوں کی خاطر قربانی دینی چاہئے۔بچے سکول سے آئیں تو انہیں گھر میں سکون کا ماحول ملے۔بچے اس وجہ سے بگڑ رہے ہیں کہ ماں باپ کا پیار نہیں ملتا۔ماں باپ پیسے کمانے کی دوڑ میں لگے رہتے ہیں۔اپنی دلچسپیوں میں مصروف رہتے ہیں''۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا''قتل کرنے سے یہ مطلب بھی ہے کہ بچوں کو پیسہ کمانے کے لئے ایسی جگہ نہ بھیجو جہاں دین سے دور چلے جائیں۔بعض والدین اپنے بچوں کو چھوٹی عمر میں ایسی جگہوں پر ملازمت کروا دیتے ہیں جہاں ان کے اخلاق خراب ہو رہے ہوتے ہیں۔ہوٹلوں میں، کلبوں وغیرہ میں ملازم کروا دیتے ہیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: ماں باپ نے اگر اپنے بچوں کو تعلیم دلوائی ہوتی، تربیت دی ہوتی تو وہ معمولی رقم حاصل کرنے کے لئے یہ لغو نوکریاں تلاش نہیں کریں گے''۔فرمایا''خاص طور پر بچیوں کو ایسی ملازمتوں سے ضرور بچانا چاہئے''۔حضور انور نے فرمایا''پیسے کمانے کے لئے بچوں کی زندگیاں برباد نہ کریں۔ان کو ہرگز ایسے کام نہیں کرنے چاہئیں''۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا''یاد رکھیں اگر آپ کو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی اس بات کی پرواہ نہیں ہے کہ میرے مرید ہو کر مجھے بدنام نہ کریں۔تو خدا کو بھی آپ کے پاک مستقبل کی کوئی پرواہ نہیں ہے''

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا ''پس ہر احمدی بچی کو ایسی ملازمت سے بچنا چاہئے جہاں اس کے تقدس پر حرف آتا ہو''۔

پھر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے رشتوں، شادیوں کا ذکر کرتے ہوئے آنحضرت ﷺ کے اس ارشاد کی طرف توجہ دلائی کہ ''رشتوں میں ہمیشہ دین کو دیکھو۔ فرمایا ایسی جگہ رشتہ نہ کرو جہاں دین نہ ہو''۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ ''ماں باپ رشتہ کر دیتے ہیں کہ ہماری بیٹی کے حالات اچھے ہو جائیں گے۔ ہمارا لڑکا کاروبار میں ترقی کرے گا''۔ فرمایا ''سب سے اچھی چیز دین ہے اس کو دیکھنا چاہئے۔ لڑکے کی دینی حالت کو دیکھنا چاہئے نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے کہ سب سے ضروری دین ہے اس کو دیکھنا چاہئے بغیر دین دیکھے رشتہ نہیں کرنا چاہئے۔ اگر صرف دنیا دیکھیں گے تو بچیوں کو دین سے دور کرنے والی بات ہوگی۔ کئی ایسی بچیاں ہیں جو جماعت سے تو گئی ہیں اپنے گھروں سے بھی کٹ گئی ہیں۔ پس پیسہ دیکھ کر ہرگز رشتے نہیں کرنے چاہئیں۔ دین دیکھ کر رشتے کریں''۔ فرمایا ''اسطرح یہاں بھی تربیت میں جو کمی نظر آتی ہے وہ قتل اولاد ہی ہے''۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا ''عورتوں کو اپنے گھروں میں وقت گزارنا چاہئے''۔ فرمایا

''بعض مائیں جو پروفیشنل ہیں، ڈاکٹر ہیں، پڑھی لکھی ہیں، لیکن بچوں کی خاطر قربانی کرتی ہیں اور گھروں میں رہتی ہیں اور بچوں کی تربیت کرتی ہیں''۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ ''اللہ تعالیٰ نے عورت کو جو اعزاز بخشا ہے کہ اس کے پاؤں کے تلے جنّت ہے یہ اس لئے ہے کہ وہ بہت قربانی کرتی ہے۔ اپنے بچوں کی تربیت کے لئے اپنی خواہشات ختم کر کے قربانی کرتی ہے۔ اس سوچ کی وجہ سے کہ میرے بچے نیک ہو جائیں۔ مجھے ان چیزوں کی، دنیا کی ضرورت نہیں ہے تو خدا تعالیٰ ایسی ماؤں کی مدد کرتا ہے۔ یہ مائیں نہ تو صرف اپنی اولاد کے لئے جنّت بنانے والی ہیں بلکہ خود بھی جنّت حاصل کرنے والی ہیں''۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا ''جن پر خدا کا فضل ہے وہ اس دنیا میں بھی جنّت کے نظارے دیکھتے ہیں۔ اس وجہ سے یہ لوگ امید رکھتے ہیں کہ آئندہ بھی خدا تعالیٰ ان سے رحم کا سلوک فرمائے گا۔ آئندہ جہان میں بھی وہ جنّت دیکھیں گے''۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا ''پس ہر احمدی عورت کو اپنے مقام، فرائض کو سمجھتے ہوئے اس بات کی طرف توجہ دینی چاہئے کہ ایک تو اس نے اپنے پاک نمونے قائم کرنے ہیں تا کہ احمدیت کا پیغام پہنچانے میں ممد و معاون بن سکے۔ دوسرے دعا کے ساتھ ہمیشہ اپنے بچوں کی تربیت کرنے والی ہو۔ ان کو ہلاکت سے بچانے والی ہو۔ اگر آپ اس طرح ہوں گی تو پھر آپ اپنی اولاد کو بھی نسل در نسل جنّت کی ضمانت دیتی چلی جائیں گی۔ خدا آپ کو اس کی توفیق دے۔ آمین''

(الفضل انٹرنیشنل 4 نومبر تا 10 نومبر 2005)

اولاد کی تربیت

''پھر اولاد کی تربیت ہے۔ اپنے خاوندوں کی نسلوں کی اپنی اولاد کی اگر صحیح تربیت نہیں کر رہیں، ان کو لاڈ پیار میں بگاڑ رہی ہیں یا ان کی تربیت کی طرف صحیح اور پوری توجہ نہیں دے رہیں، ان میں بگاڑ پیدا ہو رہا ہے۔

کیونکہ بعض عورتیں لڑکوں کو زیادہ لاڈ پیار سے بگاڑ دیتی ہیں اور لڑکیوں بیچاریوں کو بالکل ہی پیچھے کر دیتی ہیں جس سے لڑکیاں بعض دفعہ بعض خاندانوں میں Complex کا شکار ہو جاتی ہیں تو یہ بھی صحیح رنگ میں خاوند کے گھر کی حفاظت نہیں ہے۔

جو خاوند اپنے رویّے میں ٹھیک نہیں ہیں یا ان کا سلوک اپنے بیوی بچوں سے ٹھیک نہیں ہے، اُن کا گناہ اُن کے سر ہے وہ بھی یقیناً پوچھے جائیں گے۔ لیکن ضد میں آ کر اگر تم گھر کے ماحول کو گندا کر رہی ہو تو گناہگار بن رہی ہو۔ تمہیں اللہ تعالیٰ نے یہی حکم دیا ہے کہ تمہارا ایمان اس وقت تک سلامت ہے، تم جس وقت تک ایمان میں ترقی کرو گی جب تک ان خصوصیات کی حامل ہو گی''۔

(خطاب مستورات حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ بر موقعہ جلسہ سالانہ Belgium 11 ستمبر 2004)

تربیت اولاد کے طریق

حضرت مصلح موعود خلیفتہ المسیح الثانیؓ

1. بچہ کے پیدا ہونے پر سب سے پہلی تربیت اذان ہے۔
2. بچہ کو صاف رکھا جائے۔اس کا اثر اس کے باطن پر پڑے گا اور باطن بھی پاک ہوگا۔
3. غذا بچہ کو وقت مقررہ پر دینی چاہیے۔
4. بچہ کو مقررہ وقت پر پاخانہ کی عادت ڈالنی چاہیے۔
5. غذا اندازہ کے مطابق دی جائے۔اس سے قناعت پیدا ہوتی اور حرص دُور ہوتی ہے۔
6. قسم قسم کی خوراک دی جائے۔غذاؤں سے بھی مختلف اقسام کے اخلاق پیدا ہوتے ہیں۔
7. جب بچہ ذرا بڑا ہو تو کھیل کود کے طور پر اس سے کام لینا چاہیے۔مثلاً یہ کہ فلاں برتن اُٹھالاؤ۔یہ چیز وہاں رکھ آؤ۔
8. بچہ کو عادت ڈالنی چاہیے کہ وہ اپنے نفس پر اعتبار پیدا کرے۔مثلاً چیز سامنے ہو اور اُسے کہا جائے ابھی نہیں ملے گی،فلاں وقت ملے گی۔
9. بچہ سے زیادہ پیار بھی نہیں کرنا چاہیے۔زیادہ چومنے چاٹنے کی عادت سے بہت سی برائیاں بچہ میں پیدا ہو جاتی ہیں۔
10. ماں باپ کو چاہیے کہ اشارے سے کام لیں۔مثلاً اگر بچہ ہے اور کوئی چیز اُس نے نہیں کھانی تو وہ بھی نہ کھائیں اور نہ گھر میں لائیں۔
11. بیماری میں بچہ کے متعلق بہت احتیاط کرنی چاہیے،کہ بزدلی،خود غرضی، چڑچڑاہٹ جذبات پر قابو نہ ہونا۔
12. بچوں کو ڈراونی کہانیاں نہیں سنانی چاہئیں۔
13. بچہ کو اپنے دوست خود نہ چننے دیئے جائیں۔
14. بچہ کو اس کی عمر کے مطابق بعض ذمہ داری کے کام دیئے جائیں تاکہ اس میں ذمہ داری کا احساس ہو۔
15. بچہ کے دل میں یہ بات ڈالنی چاہیے کہ وہ نیک ہے اور اچھا ہے۔
16. بچہ میں ضِد کی عادت نہیں پیدا ہونے دینی چاہیے۔اگر بچہ ضِد کرے تو اس کا علاج یہ ہے کہ کسی اور کام میں اُسے لگا دیا جائے اور ضِد کی وجہ معلوم کر کے اُسے دور کیا جائے۔
17. بچہ سے ادب سے کلام کرنا چاہیے۔بچہ نقال ہوتا ہے،اگر تم اُسے تُو کہہ کر مخاطب کرو گے تو وہ بھی تُو کہے گا۔
18. بچہ کے سامنے جھوٹ،تکبر اور تُرش روئی وغیرہ نہ کرنا چاہیے،کیونکہ وہ بھی یہ باتیں سیکھ لے گا۔
19. بچہ کو ہر قسم کے نشہ سے بچایا جائے۔
20. بچوں کو علیحدہ بیٹھ کر کھیلنے سے روکنا چاہیے۔
21. ننگا ہونے سے روکنا چاہیے۔
22. بچوں کو عادت ڈالنی چاہیے کہ وہ ہمیشہ اپنی غلطی کا اقرار کریں۔
23. بچہ کو کچھ مال کا مالک بنانا چاہیے۔
24. اسی طرح بچوں کا مشترکہ مال ہو،مثلاً کوئی کھلونا دیا جو سب کا ہے اور سب اس کے ساتھ کھیلیں۔
25. بچہ کو آداب و قواعد تہذیب سکھاتے رہنا چاہیے۔
26. بچہ کی ورزش کا بھی اور اُسے جفاکش بنانے کا بھی خیال رکھنا چاہیے۔

(انوار العلوم جلد ۹ منہاج الطالبین)

مرے مولا مری یہ ایک دعا ہے
تری درگاہ میں عجز و بکا ہے
وہ دے مجھ کو جو اس دل میں بھرا ہے
زباں چلتی نہیں شرم و حیا ہے
مری اولاد جو تیری عطا ہے
ہر اک کو دیکھ لوں وہ پارسا ہے
تیری قدرت کے آگے روک کیا ہے
وہ سب دے ان کو جو مجھ کو دیا ہے

(درثمین اردو صفحہ ۴۷)

تربیت اولاد اور والدین کی ذمہ داریاں

طیبہ مشہو۔ڈبلن جماعت

اولاد اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت اور مقدس امانت ہے جس کی تربیت کی ذمہ داری والدین کے سپرد کی گئی ہے اور اس ذمہ داری سے احسن طریق پر عہدہ برا ہونے کے لیے بچہ کی پیدائش سے پہلے ہی والدین کو تیاری شروع کر دینی چاہئے، اس کے لیے ضروری ہے کہ والدین اپنے خیالات کو پاک رکھیں اور نیک اولاد ہونے کے لیے قرآن کریم کی یہ دُعا بار بار پڑھتے رہیں:۔

رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ج اِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَآءِ۔

(ال عمران:۳۹)

ترجمہ: اے میرے ربّ تو مجھے اپنی جناب سے پاکیزہ ذُرّیت عطا کر۔یقیناً تو بہت دُعا سننے والا ہے۔

بچہ کے پیدا ہونے پر سب سے پہلی تربیت اذان ہے۔پیدائش کے جلدی بعد بچے کے کان میں اذان دلوا کر اس اہم وقت کی یاددہانی کروائی جاتی ہے کہ سنو! بچے کی تربیت کا وقت شروع ہو گیا ہے۔موجودہ دور میں یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ بچہ کا لاشعور اس کی پیدائش کے لمحہ سے بیدار ہو جاتا ہے اور بے شک انسان کو احساس نہ ہو مگر بچے کا لاشعور اس سے متاثر ہو جاتا ہے۔عام طور پر والدین یہ سمجھتے ہیں کہ چھوٹا بچہ ہے اگر اس کے سامنے کوئی ایسی ویسی حرکت کر لی جائے تو اسے کیا معلوم کہ کیا ہوا ہے مگر یہ بات غلط ہے کیونکہ شعوری طور پر نہ سہی، غیر شعوری طور پر اس بات کا بچے پر اثر پڑتا ہے۔اس لیے ضروری ہے کہ والدین بچہ کے سامنے کوئی ایسی حرکت یا بات نہ کریں جو وہ ایک مہذب معاشرے کے سامنے کرنے سے شرماتے ہیں۔

تربیت اولاد کے سلسلے میں حدیث ہے ''آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ کسی شخص کا اپنی اولاد کی اچھی تربیت کرنا اس کے لیے صدقہ دینے سے بہتر ہے'' (ترمذی کتاب البروالصلوٰۃ بحوالہ مشعل راہ جلد چہارم صفحہ ۴۹۲)

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔پاکیزہ خوراک وہ ہے جو تم خود کما کر کھاؤ اور تمہاری اولاد بھی تمہاری عمدہ کمائی میں شامل ہے۔(ترمذی ابواب الاحکام باب ان الوالد یاخذ من مال ولدہ بحوالہ مشعل راہ جلد پنجم حصہ اول صفحہ ۱۴۴)

اولاد کی کمائی سے مراد یہ ہے کہ اپنے بچوں کی اس رنگ میں تربیت کریں کہ وہ نیکیوں پر چلنے والے اور تقویٰ پر قدم مارنے والے اور عبادت گذار ہوں۔ایسی اولاد والدین کے لیے دُعائیں کرنے والی ہوتی ہیں۔

نیک عملی نمونہ:۔

اولاد کی بہتر تربیت کے لیے ضروری ہے کہ والدین اپنے نیک عملی نمونے اولاد کے سامنے پیش کریں۔رسول کریم ﷺ نے یہ ارشاد فرما کر والدین کو توجہ دلا دی ہے کہ

كُلُّ مَولُودٍ يُولَدُ عَلَى الفِطرَةِ فَاَبَوَاهُ يُهَوِّ دَانِهِ اَو يُمَجِّسَانِهِ اَو يُنَصِّرَانِهِ

(مسلم کتاب القدر بحوالہ مشعل راہ جلد چہارم)

ترجمہ: کہ بچہ فطرتِ صحیحہ پر پیدا ہوتا ہے آگے یہ ماں باپ ہی ہیں کہ جو اپنی تربیت اور ماحول کے ذریعہ اس کو چاہیں تو یہودی بنا دیں، چاہیں تو مجوسی بنا دیں، اور چاہیں تو عیسائی بنا دیں۔

مُراد یہ کہ بچہ سب سے پہلے والدین سے ہی سیکھتا ہے اور والدین اس کے سامنے جو عملی نمونہ پیش کرتے ہیں وہ اس کی نقل کرتا ہے۔اگر والدین حتی المقدور اپنی اولاد کو احسن رنگ میں تربیت دیں تو کوئی وجہ نہیں کہ ان کی اولاد صالح نہ بنے۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں ''پس خود نیک بنو اور اپنی اولاد کے لیے ایک عمدہ نمونہ نیکی اور تقویٰ کا ہو جاؤ اور اس کو متقی اور دیندار بنانے کے لیے سعی اور دُعا کرو''۔

نیز فرماتے ہیں کہ

''پس وہ کام کرو جو اولاد کے لیے بہترین نمونہ اور سبق ہو اور اس کے لیے ضروری ہے کہ سب سے اوّل خود اپنی اصلاح کرو۔اگر تم اعلیٰ درجہ کے متقی اور پرہیزگار بن جاؤ گے اور خدا تعالیٰ کو راضی کر لو گے تو یقین کیا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہاری اولاد کے ساتھ بھی اچھا معاملہ کرے گا۔'' (ملفوظات جلد ۴ جدید ایڈیشن صفحہ ۴۴۳۔۴۴۵ بحوالہ مشعل راہ جلد چہارم صفحہ ۶)

صالح اور متقی اولاد کی خواہش سے پہلے ضروری ہے کہ خود اپنی اصلاح کرے۔

بانی سلسلہ احمدیہ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ:

’’اگر کوئی شخص یہ کہے کہ میں صالح اور خداترس اور خادم دین اولاد کی خواہش کرتا ہوں تو اس کا یہ کہنا بھی نِرا ایک دعویٰ ہی ہوگا۔ جب تک کہ وہ اپنی حالت میں ایک اصلاح نہ کرے۔ اگر خود فسق و فجور کی زندگی بسر کرتا ہے اور منہ سے کہتا ہے کہ میں صالح اور متقی اولاد کی خواہش کرتا ہوں تو وہ اپنے اس دعویٰ میں کذّاب ہے ۔صالح اور متقی اولاد کی خواہش سے پہلے ضروری ہے کہ وہ خود اپنی اصلاح کرے اور اپنی زندگی کو متقیانہ زندگی بناوے تب اس کی ایسی خواہش ایک نتیجہ خیز خواہش ہوگی‘‘۔(ملفوظات جلد اوّل جدید ایڈیشن صفحہ ۵۶۰۔۵۶۱)

تربیت اولاد کے لحاظ سے موجودہ دور بہت ہی نازک دور ہے۔ٹی وی، کمپیوٹر، ویڈیو گیمز، نت نئی دلچسپیاں، کھیل تماشے، یہ لہو ولعب انسانوں کو خدا سے غافل کر رہے ہیں ہم نے خود تو ایک عمر اسلامی معاشرے میں گذاری ہے، ہمیں معلوم ہے کہ اسلامی معاشرے کی اعلیٰ اقدار کیا ہیں؟ مگر ہماری اولادیں جنہوں نے اس مغربی اور غیر اسلامی معاشرے میں آنکھ کھولی ہے یا ہوش سنبھالا ہے انہیں اپنی اسلامی اقدار سے روشناس کروانا اور روزمرّہ زندگی میں مستعمل کروانا والدین۔خصوصاً ماؤں کا فرض ہے۔ ماں کی گود بچے کی پہلی درسگاہ ہے۔ بچے اپنی ماں کے زیادہ قریب رہنے کی وجہ سے اُسکی تربیت کے زیر اثر ہوتے ہیں ماں کی ہر حرکت اور تمام عادات واطوار سے بچہ کچھ نہ کچھ سیکھ رہا ہوتا ہے اس لیے ماں کا اپنا عملی نمونہ نیک ہونا چاہیے۔ ماؤں کو خود بھی نیکیوں کے اعلیٰ معیار قائم کرنے چاہیے ہیں اور آگے اپنی اولادوں میں بھی یہی معیار پیدا کرنے کی کوشش کرتے رہنا چاہیے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ ۲۷ جولائی ۱۹۹۱ء کو جلسہ سالانہ برطانیہ کے موقع پر مستورات سے خطاب کرتے ہوئے احمدی ماؤں کو مخاطب ہوکر فرماتے ہیں۔

’’کیونکہ بچے ان کی کوکھ سے پیدا ہوتے ہیں۔ آئندہ فلکی دنیا مائیں بناتی ہیں۔ ماؤں کے دودھ میں آئندہ دنیا کے لیے یہ تقدیر لکھی جاتی ہے کہ وہ زہریلی قوم بنے یا زندگی بخش قوم ثابت ہوگی۔ پس آپ پر ایک عظیم ذمہ داری ہے۔ وہ احمدی مائیں جو خداترس ہوں اور خدا رسیدہ ہوں۔ ان کی اولاد کبھی ضائع نہیں ہو گی لیکن ایسے باپ میں نے دیکھے ہیں جو بہت خداترس اور بزرگ انسان تھے مگر ان کی اولادیں ضائع ہوگئیں کیونکہ ماؤں نے ان کا ساتھ نہ دیا۔ اس معاملے میں مَیں نے ماؤں کو ہمیشہ جیتتے دیکھا ہے۔ جو مائیں گہرے طور پر خدا سے ذاتی تعلق قائم کر چکی ہوں ان اولادیں کبھی ضائع نہیں ہوتیں۔ اس لیے حضرت اقدس محمد مصطفیٰ ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ تمہارے باپوں کے قدموں کے نیچے جنت ہے فرمایا جنت ماؤں کے قدموں کے نیچے ہے۔ پس جنت آپ کے تحت اقدام رکھی گئی ہے۔ آپ نے فیصلہ کرنا ہے کہ آئندہ نسلوں کو آپ نے جنت عطا کرنی ہے یا جہنم میں پھینکنا ہے کیونکہ اگر جنت آپ کے پاؤں کے نیچے اور پھر آپ کی نسلیں جہنمی بن جائیں تو اس کی دوہری ذمہ داری آپ پر ہوگی۔ پس جب یہ کہا گیا ہے کہ جنت ماؤں کے پاؤں کے نیچے ہے تو مراد یہ نہیں تھی کہ ہر ماں کے پاؤں کے نیچے جنت ہی جنت ہے مراد یہ ہے کہ اگر جنت مل سکتی ہے اگلی نسلوں کو تو ایسی ماؤں سے مل سکتی ہے جو خود جنت نشان بن چکی ہوں۔ خود جنت ان کے آثار میں ظاہر ہو چکی ہو۔ ایسی ماؤں کی اولاد لازماً جنتی بنتی ہے‘‘۔

پہلی تربیت کا وقت بچپن کا آغاز ہے اس وقت کی تربیت ایسی ہے جو ہمیشہ کے لیے آئندہ زندگی کی بنیادیں قائم کرتی ہے اسی لیے تو کہا جاتا ہے کہ بچپن کا سیکھا ہوا پتھر پر نقش کی طرح ہوتا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ فرماتے ہیں۔

’’جب تک بچپن میں تربیت کامل نہ ہو آئندہ نسل اخلاق فاضلہ نہیں سیکھ سکتی اور نہ وہ دین اسلام اور احمدیت کے حامل ہو سکتے ہیں۔ پس اگر کوئی سچی محبت خدا اور رسولؐ سے رکھتا ہے اور اگر اس کو اسلام اور سلسلہ احمدیہ سے بلکہ اگر اس کو انسانیت سے کچھ بھی انس ہے تو بچپن میں اپنی اولاد کی صحیح تربیت کرے‘‘۔

(خطباتِ محمود جلد دوم)

جب بچہ بولنا شروع کرتا ہے تو ہم اسے کلمہ سکھاتے ہیں، سلام کرنا سکھاتے ہیں، اُسے بڑوں کی عزت کرنا سکھاتے ہیں۔ مگر بعض گھروں میں دیکھا گیا ہے کہ جب وہی بچہ تھوڑا اور بڑا ہوتا ہے اور کسی غلطی کرنے پر کائی عزیز رشتہ دار اُسے ڈانٹتے ہیں تو وہ بچہ واپس اپنے والدین کے پاس شکایت لے کر جاتا ہے کہ فلاں رشتہ دار یا بڑے نے مجھے ڈانٹا ہے تو اس پر بعض والدین دلبرداشتہ ہو کر ردّعمل دکھاتے ہیں کہ اس کی جرأت کیسے ہوئی یا اس کو کیا حق تھا ہمارے بچے کو ڈانٹنے کا وغیرہ وغیرہ (چاہے اُس عزیز رشتہ دار نے اپنا حق سمجھتے ہوئے ہی اس بچے کو غلطی پر ڈانٹ کر سمجھایا ہو)۔ اُن والدین کو اپنے بچے کی غلطی نظر نہیں آ رہی ہوتی، صرف ڈانٹ نظر آ رہی ہوتی ہے وہ بچے کی طرفداری کرتے ہوئے اس رشتہ دار سے بعض اوقات لڑائی مول لیتے ہیں یا اُسے بچے کے سامنے بُرا بھلا کہتے ہیں۔ اس صورت میں وہ بچہ اپنے دل میں اس بڑے کی عزت کھودیتا ہے۔

کچھ والدین تو یہ چاہتے ہیں کہ ان کا بچہ ان کی عزت کرے لیکن وہی بچہ جب کسی دوسرے بڑے بزرگ یا رشتہ دار کے ساتھ بدتمیزی یا بدزبانی کرے تو وہ اس کو نظر

انداز کر دیتے ہیں یا بچہ کہہ کر ٹال دیتے ہیں یا بعض صورتوں میں کچھ والدین یہ بھی کہہ دیتے ہیں کہ تم نے بہت اچھا کیا ہے، بہت اچھا جواب دیا ہے اس کے ساتھ ایسا ہی ہونا چاہئے تھا وغیرہ وغیرہ، آہستہ آہستہ یہ سلسلہ یہاں تک پہنچ جاتا ہے کہ وہ بچہ جوان ہو کر جب خود مختار ہوتا ہے تو نہ صرف وہ اپنے عزیز و اقارب اور دیگر بڑے بزرگوں کی عزت و تکریم کا حق ادا نہیں کرتا بلکہ اپنے والدین کی بھی اس طرح سے عزت نہیں کرتا جس طرح عزت کرنے کا حق ہے۔ اس کے برعکس وہ والدین جو بچہ کی شکایت پر اپنے بچے کو اُس کی غلطی کا احساس دلاتے ہوئے اُسے سمجھاتے ہیں کہ جس طرح ہم والدین تمہیں غلطی کرنے پر ڈانٹ سکتے ہیں اُسی طرح ان رشتہ داروں کا بھی تم پر وہی حق ہے۔ گویا وہ والدین اپنے بچے کے دل میں تمام بڑے بزرگوں اور عزیز و اقارب کی عزت و احترام ڈال رہے ہوتے ہیں، اس طرح یہ بچہ جوان ہو کر جب خود مختار ہوتا ہے تو نہ صرف اپنے والدین کی عزت و تکریم کرتا ہے بلکہ اپنے تمام بڑے بزرگوں کو بھی وہی درجہ دیتا ہے جو وہ اپنے والدین کو دیتا ہے اور چھوٹوں کے ساتھ بھی شفقت کے ساتھ پیش آتا ہے اور اس طرح وہ معاشرے کا ایک مفید رکن بن کر اہم کردار ادا کرتا ہے۔

تربیت اولاد کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کرتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الاوّلؓ کی ایک بہت ہی پیارے انداز میں نصیحت ہے۔

''اولاد کے لیے ایسی تربیت کی کوشش کرو کہ ان میں باہم اخوت، اتحاد، جرأت، شجاعت، خودداری، شریفانہ آزادی پیدا ہو۔ ایک طرف انسان بناؤ، دوسری طرف مسلمان''۔ (خطباتِ نور صفحہ ۲۷)

<u>باہم اخوت و اتحاد</u>

بہنوں اور بھائیوں کا آپس میں پیار اور محبت کا سلوک ہونا چاہئے۔ بچپن سے ہی گھر میں چھوٹے چھوٹے کام بچوں کے سپرد کریں جنہیں وہ مل کر مکمل کریں۔ اس سے ایک تو انہیں ذمہ داری کا احساس ہوگا دوسرا مل کر کام ختم کرنے سے ایک دوسرے کے لیے نرم جذبات اُبھرتے ہیں جو محبت اور اخوت کا باعث بنتے ہیں۔ بڑے بہن بھائیوں کو چھوٹوں کی مدد کرنے اور ایک دوسرے کے مسئلے حل کرنے کی تربیت دینی چاہیے۔

<u>صبر کی عادت</u>

تربیت اولاد کے مختلف پہلوؤں میں سے ایک صبر کی عادت ڈالنا ہے۔ بچوں کو شروع سے ہی تکلیف برداشت کرنے کا عادی بنائیں کیونکہ زندگی ہمیشہ ایک سی نہیں رہتی۔ اس میں نشیب و فراز آتے رہتے ہیں اگر بچہ کی ہر خواہش پوری کر دی جائے تو اس میں تکلیف برداشت کرنے کی صلاحیت پیدا نہیں ہوتی۔ کبھی کبھی بچہ کو طاقت اور استطاعت رکھتے ہوئے جو چیز وہ مانگے، نہیں دینی چاہئے۔

<u>بچوں کی عزت کریں۔</u>

آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں: اَکرِمُو اَولَادَکُم وَ اَحسِنُوا اَدَبَھُم۔

ترجمہ: اپنے بچوں کی عزت کیا کرو اور ان کیساتھ احسان اور ادب کا سلوک کرو۔

(ابن ماجہ ابواب الادب بحوالہ حضرت رسول کریم اور بچے صفحہ ۸۹)

اس حدیث سے واضح ہے کہ والدین کو چاہئے کہ اپنے بچوں کے ساتھ محبت اور شفقت سے پیش آئیں اور ان کے ساتھ نرمی اور ملاطفت اور درگزر کا سلوک روا رکھیں۔ اور اپنے بچوں کا واجبی احترام کر کے انہیں اچھے قالب میں ڈھالیں۔

بعض اوقات بچوں سے غلطیاں بھی سرزد ہو جاتی ہیں مگر ضروری نہیں کہ بات بات پر جھڑک کر ان میں احساس کمتری پیدا کیا جائے۔ بلکہ انہیں کسی قدر آزادی بھی دی جائے اور ان کے ساتھ بے تکلفی کا اظہار بھی کیا جائے۔ اگر بچے والدین کی سختی سے ڈر کر اُن سے دُور دُور رہیں تو انکی خرابیوں اور بُری عادتوں کا والدین کو علم نہیں ہو سکے گا اور اصلاح نہیں ہو سکے گی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے فرمایا تھا کہ ''جو اپنے بچوں سے شروع سے ہی عزت سے پیش آتے ہیں ان کے بچے بھی بڑے ہو کر ان کی عزت کرتے ہیں اور باہر دوسروں کی بھی عزت کرتے ہیں اور یہ سلسلہ نسلاً بعد نسلاً چلتا رہتا ہے۔ اس لیے بچوں کو معمولی اور حقیر سمجھ کر بے وجہ جھڑکنا نہیں چاہئے اور جہاں تک ممکن ہو ان سے عزت کا سلوک کیا کرو۔

بچوں کی بھی عزت نفس ہوتی ہے انہیں ان کے دوستوں یا دوسرے لوگوں کے سامنے ڈانٹنے سے بچے کی نفسیات پر بُرا اثر پڑ سکتا ہے۔ انہیں ایسے مواقع پر احسن طریق سے غلط کام سے روکنا اور پیار سے سمجھانا، ان کی اصلاح کا باعث بنتا ہے بلکہ اپنے بچوں میں عزت نفس کو پیدا کرنا چاہئے کیونکہ چوری کی عادت اور بھیک مانگنے کی عادت دراصل عزت نفس نہ ہونے کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے اگر کسی مسئلہ پر بات کرنے یا مشورہ دینے کی ضرورت پیش آئے تو علیحدگی میں کریں تاکہ بچے کی عزت نفس مجروح نہ ہو۔ لیکن غلط کام پر بچوں کو ضرور سمجھانا چاہئے۔ یہ بھی تربیت کا حصہ ہے''۔

(مشعل راہ جلد چہارم صفحہ ۴۸۶)

بچوں پر اعتماد کریں

بچوں میں خود اعتمادی پیدا کرنی چاہئے۔عزیز رشتہ داروں اور دوستوں کے سامنے گا ہے بہ گاہے بچوں کی خوبیوں اور کامیابیوں کا اچھے انداز میں تذکرہ کرنے سے بچوں کی شخصیت میں اعتماد پیدا ہوگا۔بچوں کو بچپن سے اپنا ہمدرد بنائیں۔اگر کوئی پریشانی ہوتو بچوں کو بتا کر دُعا کے لیے کہیں۔اس طرح بچپن ہی سے انہیں دُعا کی عادت پڑے گی جس سے ان کا خدا سے تعلق مضبوط ہوجائے گا۔

حضرت امّاں جان کا انداز تربیت:

حضرت اُمّ المومنین سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ اپنے بچوں کی تربیت کس طرح کیا کرتی تھیں۔اس بارہ میں ان کی بیٹی سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ کا بیان ہے۔فرماتی ہیں کہ:”بچے پر ہمیشہ اعتبار اور پختہ اعتبار ظاہر کرکے اس کو والدین کے اعتبار کی شرم اور لاج ڈال دینا یہ آپ کا بہت بڑا اصول تربیت ہے۔پھر جھوٹ سے نفرت اور غیرت وغنا آپ کا اوّل سبق تھا۔“

”بچوں کی تربیت کے متعلق ایک اصول آپ یہ فرمایا کرتی تھیں کہ پہلے بچے کی تربیت پر اپنا پورا زور لگاؤ۔دوسرے ان کا نمونہ دیکھ کر خود ہی ٹھیک ہوجائیں گے“۔(جلسہ سالانہ برطانیہ ۲۰۰۳ مستورات سے خطاب بحوالہ اوڑھنی والیوں کے لیے پھول جلد سوم حصہ اول صفحہ ۲۴۔۲۵)

بچوں سے دوستی کا رشتہ استوار کریں:

والدین کو بچوں کے ساتھ دوستانہ ماحول رکھنا ہئے۔گھر کا ماحول خُشک اور گھُٹا ہوا نہیں ہونا چاہئے۔بچوں کے ساتھ بیٹھ کر ٹی وی پر ان کی دلچسپی کے پروگرام دیکھیں۔اگر کوئی بات اس میں نامناسب یا غیر اخلاقی لگے تو حکمت سے سمجھائیں۔ہر وقت حاکمانہ اور ڈانٹ ڈپٹ کا رویہ نہ رکھیں۔اس طرح وہ آپ سے اپنی باتیں چھپائیں گے۔بچوں کے ساتھ ان کی گیمز کھیلیں۔ان کے دیگر مشاغل میں دلچسپی لیں۔بچوں کے کھانے پینے،لباس اور دوسری ضرورتوں میں ان کی پسند کا خیال رکھیں۔بہت دوستانہ ماحول میں بات کریں تاکہ وہ اپنی ہر خوبی،خامی اور غلطی آپ کے ساتھ بانٹ سکیں۔گھر کا ماحول ایسا ہونا چاہیے کہ بچے گھر آکر ایک خاص خوشی اور سکون محسوس کریں۔باپ کے گھر آنے کا انہیں انتظار ہو۔خوشی ہونہ کہ باپ کے آنے پر بچے اِدھر اُدھر غائب ہوکر باپ سے بچنے کی کوشش کریں۔بچوں کے دوستوں پر بھی نظر رکھیں وقتاً فوقتاً ان کے دوستوں کو گھر بلائیں اور بچوں کو بھی ان کے گھر جانے کی اجازت دیں لیکن رات کسی کے گھر گزارنا بالکل مناسب نہیں۔لہٰذا یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کروادیں کہ رات بہر حال اپنے گھر گزارنی ہے۔بچوں کا اکیلے تنہائی میں گھنٹوں فون پر دوست یا سہیلی سے باتیں کرنا بھی غلط نتائج لا سکتا ہے۔بچوں کو انٹرنیٹ پر غیروں سے Chat کرنے سے منع کریں اور اکثر اس کے نقصانات کا تذکرہ ان کے سامنے کرتے رہیں۔

بچوں کو جماعتی تقاریب میں لے کر جائیں۔خلیفہ وقت کے خطبات سنوائیں،انہیں بچپن سے ہی جماعتی چندے دینے کی عادت ڈالیں تاکہ انہیں خدا کی راہ میں دینے کی عادت پڑے۔بچوں کو بار بار بتائیں کہ ہم کون ہیں اور ہمارا نصب العین کیا ہے۔ہماری اپنی ایک شناخت ہے۔ہمارا مطمع نظر خدا ہے،اسے کیا پسند ہے ہم نے صرف وہی کرنا ہے۔اللہ تعالیٰ سے ڈرانے کی بجائے اسکا پیار دل میں پیدا کریں۔

خوش اخلاقی اور تحمل مزاجی:

بچپن سے والدین کو اپنے بچوں کو خوش اخلاق بنانے کی کوشش کرتے رہنا چاہئے پھر یہی اعلیٰ اخلاق تحمل مزاجی بھی پیدا کرتے ہیں۔مثلاً بچہ دودھ یا کھانے کی مانگ ماں سے کر رہا ہے۔ماں کام کر رہی ہے کہتی ہے ٹھہرو،میں یہ کام ختم کرلوں۔وہ بچہ چند منٹ تک تو شاید صبر کرے پھر رونا شروع ہو جائے گا اور شاید چیخ و پکار اور ہنگامہ کھڑا کردے گا تو پھر جب دوتین دفعہ اس طرح ہوتو بچہ سمجھ جاتا ہے کہ اب میں نے جو چیز بھی مانگنی ہے اور جو کام بھی کروانا ہے بغیر روئے نہیں ہوسکتا۔اس طرح بچے کے اخلاق پر آہستہ آہستہ اثر پڑ رہا ہوتا ہے اور وہ بچہ غیر محسوس طریقے سے غصہ اور ضد کے اثر میں پروان چڑھ رہا ہوتا ہے۔حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ اس سلسلہ میں فرماتے ہیں۔

”بلاوجہ بچوں کو ضدی نہ بنائیں اور ضدی بنایا جاتا ہے اس طرح کہ پہلے ایک بچہ کسی چیز کا مطالبہ کرتا ہے کوئی چیز مانگتا ہے تو انکار کردیتے ہیں اور پھر جب وہ زیادہ ضد کرتا ہے تو تھوڑی سی سزا دے کر اسکی وہ ضد بھی پوری کر دیتے ہیں یا اس کے رونے دھونے کو دیکھ کر بغیر سزا کے ہی ضد پوری کر دیتے ہیں تو بچہ یہ سمجھ جاتا ہے کہ اب ہر بات میں مَیں نے جو چیز لینی ہے وہ ضد کرکے اور رَو کر ہی لینی ہے اور اس سے پھر بدمزاجی پیدا ہوتی ہے تو اس طرف بھی ہمیں بہت توجہ کی ضرورت ہے“۔

(مشعلِ راہ جلد پنجم حصہ دوم صفحہ ۱۷۰)

اسی طرح حضور انور فرماتے ہیں:

”پھر بعض ماں باپ کسی بچے کو زیادہ لاڈ پیار کر رہے ہوتے ہیں اور بعض کو کم اور یہ فرق بعض دفعہ اتنا زیادہ ہوجاتا ہے کہ اردگرد کے ماحول کو بھی پتہ چل رہا ہوتا ہے۔

اس سے بھی بچے میں ضد اور اپنے بھائی یا بہن کے خلاف اندر ہی اندر ایک اُبال پیدا ہوتا رہتا ہے جو بعض اوقات بڑے ہو کر نفرت پر منتج ہو جاتا ہے۔اگر یہ احساس کمتری لڑکی میں پیدا ہو جائے تو پھر سُسرال میں جا کر اپنی زندگی اجیرن کرنے کے علاوہ بچوں کی تربیت پر بھی بعض اوقات اثر انداز ہوتا ہے اور آگے اس سے نسل چلتی ہے''۔(جلسہ سالانہ برطانیہ ۲۰۰۳ مستورات سے خطاب بحوالہ اوڑھنی والیوں کے لیے پھول جلد سوم حصہ اول صفحہ ۱۹۔۲۰)

یہ احساس کمتری اس کی اولاد پر بھی اثر انداز ہوگا۔

''اور یاد رکھیں کہ احمدی ماں کا بچہ صرف اس کا بچہ نہیں بلکہ جماعت کا بچہ ہے اور صرف جماعت کا بچہ نہیں بلکہ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی اُمّت کا بھی بچہ ہے۔جس نے آپ ﷺ کی تعلیم کو،اعلیٰ اخلاق کو دنیا کے سامنے پیش کر کے ان کے دل جیتنے ہیں،ان کو اسلام کے جھنڈے تلے جمع کرنا ہے پس ذرا سی غلطی سے نسل کو برباد نہ کریں''۔

باپ کی دُعا بچے کے حق میں قبول ہوتی ہے

آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں کہ دُعَاءُ الوَالِدِ لِوَلَدِہٖ کَدُعَاءِ النَّبِی لِاُمَّتِہٖ

یعنی باپ کی دُعا اپنے بچے کے حق میں ایسے ہی مقبولیت کا درجہ رکھتی ہے جیسے نبی کی دُعا اپنی اُمّت کے لیے۔

(الجامع الصغیر ابن سیوطی ابن ماجہ بحوالہ حضرت رسولِ کریم اور بچے صفحہ ۸۸)

گویا والدین اپنے بچوں کے لیے ہمیشہ دُعائیں کرتے رہتے ہیں،ان کی بہتری اور صالحیت کے لیے دُعائیں کرتے رہیں کیونکہ ان کی دُعائیں بے حد قبولیت کا درجہ رکھتی ہیں۔والدین کو قرآن کریم کہ یہ دُعا کہ اولاد آنکھوں کی ٹھنڈک ہو کثرت سے پڑھنی چاہیے۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا۔(الفرقان:۷۵)

ترجمہ:اے ہمارے رب تو ہمیں،ہماری بیویوں اور بچوں کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما دے اور ہمیں متقیوں اور پرہیز گاروں کا امام بنا دے۔

یہ تبھی ممکن ہے جبکہ اولاد نیک اور متقی ہو۔تب ہی یہ ان کا امام ہوگا۔ہمیں اسی طرح کی دُعائیں بہت توجہ اور درد دل سے مانگتے رہنا چاہئے۔

آج کے دور میں اسلامی تعلیمات کے مطابق بچوں کی تربیت کرنا ایک چیلنج ہے ایک جہاد ہے جس میں ہر ماں کو حصہ لینا ہے۔ہمیں دُعاؤں کے ذریعے خدا سے مدد مانگتے ہوئے اسلامی تعلیم و تربیت کے ذریعے بچوں کی زندگیاں سنوارنی ہیں۔سوائے احمدی ماؤں!اب بھی وقت ہے کہ ہم اپنے بچوں کی بہترین پرورش کر کے اپنے پیروں تلے جنت بنا سکیں اور اجر عظیم کے حقدار بن سکیں۔ہر وہ ماں جو اس جہاد میں حصہ لے گی وہ مجاہدہ کا درجہ پائے گی۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی اولاد کی بہتر رنگ میں تربیت کرنے کی توفیق عطا فرمائے تا کہ وہ ملک و قوم کے بہترین فرد بن کر اس کے کام آسکیں نیز دین کے سچے خادم اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے پیارے بن کر ایک مفید وجود کی صورت میں اپنی دنیا اور آخرت کو سنوارنے والی بنیں۔اللہ تعالیٰ کرے کہ ایسا ہی ہو۔آمین

آئندہ نسل

''جس کام کو تیرہ سو سال میں امام ابوحنیفہؒ نہیں کر سکے۔امام شافعیؒ نہیں کر سکے۔سیّد عبدالقادر جیلانیؒ نہیں کر سکے۔حضرت معین الدین صاحب چشتیؒ نہیں کر سکے۔شہاب الدین صاحب سہروردیؒ نہیں کر سکے۔عورت اس کو کر سکتی ہے۔کیونکہ عورت کے ہاتھ میں بچہ ہوتا ہے۔بچہ بولنا سیکھتا ہے تو اپنی ماں کی گود میں۔جذبات سیکھتا ہے تو اپنی ماں کے ذریعہ سے۔فکر کا مادہ اس میں پیدا ہوتا ہے تو اپنی ماں کی وجہ سے۔غرض وہ تمام باتیں عورت سے ہی سیکھتا ہے۔اگر عورت اس عزم کے ساتھ کھڑی ہو جائے کہ میں اپنی آئندہ نسل کی اصلاح کروں گی۔تو جو کام ان بزرگوں سے نہیں ہوا۔وہ ہمیشہ ہمیش کے لئے ہوسکتا ہے۔اور خدا کی بادشاہت اس دنیا میں اسی طرح قائم ہوسکتی ہے جس طرح وہ آسمان پر ہے۔حضرت مسیحؑ نے نہایت درد سے کہا تھا کہ''اے خدا! جس طرح تیری بادشاہت آسمان پر ہے۔ویسی ہی زمین پر بھی قائم ہو''۔

ہر مومن کے دل میں ایسا ہی جذبہ ہونا چاہئے۔مگر سچ یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کی بادشاہت آسمان پر تو فرشتوں کے ذریعے قائم ہے لیکن زمین پر وہ اسی طرح آسکتی ہے جب عورتیں اس کو قائم کرنے کا تہیہ کر لیں۔مرد صرف اپنے زمانے کی اصلاح کر سکتے ہیں۔لیکن عورتیں آئندہ نسل کو دین پر قائم کر سکتی ہیں۔اللہ تعالیٰ آپ لوگوں کو اپنے فرائض کے سمجھنے کی توفیق دے۔تا کہ خدا تعالیٰ کی بادشاہت کو آپ ہمیشہ ہمیش کے لئے دنیا میں قائم کر دیں۔اور آپ کے بعد آپ کی بیٹیاں اور بیٹیوں کے بعد ان کی بیٹیاں قرآن کریم کی تعلیم کو جاری کرنے والی اور اپنے نیک نمونہ کے ساتھ اسلام کو دائمی زندگی بخشنے والی ہوں۔آمین''

(الازھار لذوات الخمار جلد دوم صفحہ ۹۹۔۱۰۰۔) (مُرسلہ صدف عنبرین۔جرمنی)

اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّات

حدیث:۔ علقمہ بن وقاص نے کہا میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے جبکہ وہ منبر پر تھے؛ سنا۔انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا۔آپؐ فرماتے تھے کہ اعمال تو نیتوں ہی پر ہیں اور یہ کہ ہر انسان کے لئے وہی کچھ ہے جس کی اس نے نیت کی۔پس جس نے دنیا کے پانے یا کسی عورت سے نکاح کرنے کی خاطر ہجرت کی،اس کی ہجرت اسی امر کے لئے ہوگی جس کی خاطر اس نے ہجرت کی۔

(صحیح بخاری کتاب بدء الوحی۔کیف کان بدء الوحی الی رسول اللہ ﷺ)

تشریح:۔ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ کی حدیث بھی جوامع الکلم میں سے ہے اور اسی وجہ سے بعض علماء نے اس کو ایک تہائی اسلام قرار دیا ہے اور بعض نے ایک تہائی علم کا۔اور امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ اس حدیث سے بڑھ کر پُر حکمت، پُر معانی اور کوئی حدیث نہیں۔(فتح الباری جز اوّل صفہ 14)

بلکہ سچ تو یہ ہے کہ دین کی ساری ماہیت اس ایک جملہ میں کوٹ کر بھر دی گئی ہے اور یہ جملہ درحقیقت بطور اس اصل الاصول کے ہے کہ جس سے انسان کو حیوان سے امتیاز حاصل ہوتا ہے اور جس کی بناء پر انسان کے طبعی افعال دائرہ اخلاق میں داخل ہو کر انسان کو ذمہ وار اور اعمال کی جواب دہِ ہستی بنا دیتے ہیں اور شریعت کی تمام پابندیاں اس پر عائد ہوتی ہیں۔اس لئے اس حدیث کی تھوڑی سی وضاحت کرنی ازبس ضروری معلوم ہوتی ہے۔

ا۔علماء اسلام نے فعل اور عمل کے درمیان یہ فرق بتلایا ہے کہ فعل طبعی حرکت کو کہتے ہیں جس میں نیت کا دخل نہیں اور عمل وہ فعل ہے جس میں نیت کا دخل ہو جو بالارادہ قصداً کیا جائے،جس کے کرنے پر انسان کا طبعی فعل اچھا یا برا کہلاتا ہے اور اس لئے انعام یا سزا کا مستحق ہوتا ہے۔اس تعریف کو مدنظر رکھ کر اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّات کا یہ مفہوم ہوگا کہ طبعی افعال کو عملی یا اخلاقی حیثیت نیتوں کی وجہ سے ہوتی ہے۔ان معنوں کے اعتبار سے بِالنِّيَّاتِ میں (ب) سببیہ ہے۔

۲۔ دوسرا مفہوم اس حدیث کا یہ ہے کہ اعمال نیتوں ہی کے ساتھ انجام پاتے ہیں۔کام کرنے کے لئے نیت کی ضرورت ہے۔محض خیال یا آرزو یا میلانِ طبع یا رغبت یعنی دل کی پسندیدگی یا چاہت کسی کام کو سرانجام دینے کے لئے ہرگز کافی نہیں۔نیت جس کا ماخذ ہے۔اعمال کے لئے گٹھلی یا بیج کا وہ درمیانی گودا ہے جس میں زندگی کی ساری قوتیں جمع ہوتی ہیں۔اور جس سے کونپلیں پھوٹتی ہیں اور اعمال کا درخت پھلتا،پھولتا اور پھیلتا ہے۔

۳۔لفظ جو حصر کے لئے آتا ہے اس کا مفہوم اردو میں (ہی) کے لفظ سے ہم ادا کرتے ہیں۔اس لفظ کو مدنظر رکھتے ہوئے اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّات کے تیسرے معنے یہ ہونگے کہ انسانی اعمال کے پیچھے ضرور ہے کہ نیتیں درپردہ کام کر رہی ہوں۔یعنی یہ نہیں ہوسکتا کہ انسان کام تو کر رہا ہو مگر اس کے پیچھے کوئی نیت نہ ہو۔اگر کوئی نیت نہیں تو وہ فعل محض ایک طبعی حرکت ہوگی جس کو کوئی عملی حیثیت حاصل نہیں ہوسکتی۔

۴۔ اس حدیث کا ایک مفہوم بھی ہے جس کی اطراف امام بخاری علیہ الرحمتہ کہتے ہیں اور یہ ہے کہ نتائج کے اعتبار سے اعمال کی اہمیت نیتوں پر موقوف ہے۔جس قدر قوت اور سنجیدگی نیت میں ہوگی اسی قدر قوت اور سنجیدگی سے عمل بھی صادر ہوگا۔نیز اسی نسبت سے اس کے ساتھ انسان کے باقی اعمال بھی متاثر ہونگے۔ایک شخص جو گھر بنانے کی نیت کر لیتا ہے،اس نیت کے ساتھ معاً اس کے عام اخراجات کی اقتصادی حالت میں تبدیلی پیدا ہو جائے گی بلکہ وہ آمدنی کے اور نئے نئے ذرائع سوچے گا اور اس کے لئے عمل کی نئی نئی صورتیں پیدا کرے گا۔محنت ومشقت برداشت کرے گا۔اس کے کھانے پینے اور سونے جاگنے،اس کی خوشی اور راحت کی گھڑیوں وغیرہ سب میں فرق آجائے گا۔غرض نیت میں جس قدر پختگی،جس قدر وضاحت،جس قدر یقین،جس قدر وسعت وہ بلندی وہمت ہوگی؛ٹھیک اسی تناسب سے اعمال بھی متاثر ہونگے اور وہ مختلف شکل اختیار کرتے چلے جائیں گے۔یہی ایک سربستہ راز ہے انسان کی ترقی کا اور اس کی ساری عملی زینت کا۔

۵۔ اس ضمن میں یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ بعض لوگ ناجائز اعمال کو اچھی نیت سے جائز بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔مثلاً رشوت اس لئے لیتے ہیں کہ صدقہ کر دیں۔مگر یہ جائز نہیں۔اور اس اعتبار سے پانچویں معنے حدیث کے یہ ہونگے کہ اعمال کی صحت تو نیتوں کی صحت کے ساتھ ہے۔نہ برا عمل اچھی نیت سے نیک بن جاتا ہے اور نہ بری نیت سے کوئی عمل جو بظاہر نیک ہو،نیک ہوتا ہے،جیسے ریا کی نماز۔

(صحیح بخاری ترجمہ وشرح تحریر فرمودہ حضرت سید زین العابدین ولی اللہ شاہ صاحبؓ) جلد اول۔مطبوعہ نظارت اشاعت صدر انجمن احمدیہ۔ربوہ

مُرسلہ: فرح دیبا ۔ پورٹ لیش

صراطِ مُستقیم کی طرف الٰہی راہنمائی

شمیم الیاس وینس ۔ ٹورنٹو کینیڈا

میں نے ساہیوال کے قریب ایک زمیندار گھرانے میں آنکھ کھولی۔ میرا گھرانہ اہل حدیث تھا۔ میں نے بچپن سے ہی اپنے گھرانے میں کوئی بدعت نہیں دیکھی تھی۔ میرے گھرانے میں کوئی احمدی نہ تھا۔ سب سے پہلے میرے ننھیال میں میرے ماموں چوہدری غلام محی الدّین صاحب مرحوم احمدی ہوئے اور اپنے بعد انہوں نے میری والدہ مرحومہ کو احمدی کیا۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ میں اور میری بڑی بہن والدہ مرحومہ کے ساتھ جلسہ سالانہ پر قادیان گئے تھے۔ میری والدہ بیعت کرنے کے دو سال بعد فوت ہو گئیں۔ اس وقت ہم پانچ بہن بھائی تھے اور یوں ہماری پرورش کی تمام ذمہ داری ہمارے والد صاحب کے کندھوں پر آن پڑی۔ میرے والد چونکہ اہل حدیث تھے انہوں نے ہماری تربیت اپنے طور پر بہت اچھے رنگ میں کی۔ بچپن ہی سے ہمیں پنج وقتہ نمازوں اور قرآن کریم کی تلاوت کی پختہ عادت ہو گئی تھی جو بفضل خدا آج تک ہم میں موجود ہے۔

ہمارے بڑے ماموں جان ہماری والدہ کی وفات کے بعد بھی ہمارے ہاں بہت آتے جاتے تھے، مرحوم بہن کی فطری محبت سے مجبور، وہ ہم سے بیحد محبت کرتے تھے۔ میری عمر رشتے کی ہوئی تو ماموں جان نے اپنے بڑے بیٹے کی لئے میرا رشتہ مانگا، انہوں نے حامی بھر لی اور اس طرح میرے والد صاحب کی رضامندی سے میرا رشتہ بڑے ماموں کے بڑے بیٹے سے طے پایا۔ اور یوں میں بیاہ کے ایک احمدی گھرانے میں آ گئی۔

شادی کے بعد بڑے ماموں جان بہت محبت سے مجھے تبلیغ کرتے مگر اس کا مجھ پر کوئی اثر نہیں ہوا تھا میرے دل میں ہمیشہ یہی رہا کہ ہمارا عقیدہ اہل حدیث کا عقیدہ سب سے اچھا ہے اسی شش و پنج میں دس سال بیت گئے اور میرے ماموں جان مجھے ہمیشہ نرمی سے سمجھا تے رہے کہ امام مہدی جس نے آنا تھا وہ آ چکا ہے اسی کو ماننے میں ہماری بھلائی ہے۔ اسی دوران میرے تین بچے دو بیٹے اور ایک بیٹی ہو چکے تھے ۔ میں یہ بھی بتا دوں کہ ماموں جان کی تبلیغ کے علاوہ ان کا عملی نمونہ مُجھے اندر سے جھنجھوڑتا تھا، میں سوچتی ماموں جان غریبوں کی مدد کرتے ہیں اگر دو فریقین کے درمیان جھگڑا ہو جائے تو ہمیشہ جو حق پر ہوتا اس کا ساتھ دیتے چاہے وہ دوسرے فریق کے مقابلہ میں کتنا ہی غریب کیوں نہ ہو۔ ان باتوں کا آہستہ آہستہ مجھ پر اثر ہونے لگا اور ماموں جان کی تبلیغ اور ذاتی نمونہ سے میرا دل نرم پڑنے لگا۔

رمضان المبارک کا مہینہ تھا کہ ربوہ سے تبلیغ کے سلسلے میں ایک مبلغ صاحب ہمارے گاؤں رام پورہ ضلع شیخوپورہ تشریف لائے۔ ماموں جان نے کھانا کھانے کے بعد فرمایا کہ تم سب عورتیں ایک کمرہ میں بیٹھ جاؤ اور دوسرے کمرے میں سب مرد بیٹھیں گے اور مولوی صاحب کی باتیں خوب غور سے سننا۔ میں ماموں جان کی خاص طور پر مخاطب تھی۔ مولوی صاحب کا خطاب کافی دیر جاری رہا۔ اُن کی ایک ایک بات میرے دل کو لگی اور مجھ پر حقیقت آشکار ہو گئی۔ میں نے اُن کا خطاب ختم ہونے پر ماموں جان کی خدمت میں عرض کیا کہ میری بیعت کا فارم پُر کر دیں۔ میری بیعت کا فارم پُر کیا گیا اور میں نے دستخط کر دئے۔ لیکن چند دنوں بعد میرے دل میں وسوسے پیدا ہونے لگے کہ خدا جانے میں نے اچھا کیا ہے یا کوئی غلطی کر بیٹھی ہوں اور یوں اس کشمکش میں کئی راتیں نہ سو سکی۔

رمضان المبارک کا آخری عشرہ تھا نماز عشاء کے بعد میں قرآن کریم کی تلاوت کرنے لگی مشکل سے دو رکوع ہی پڑھے تھے کہ مجھے نیند آ گئی۔ خواب میں دیکھتی ہوں کہ وہ جگہ جہاں میں نے نماز عشاء ادا کی تھی میں وہاں نماز پڑھ رہی ہوں کہ میرے سامنے ایک نہایت نورانی شکل کے بزرگ آتے ہیں۔ ان کے سر پر بادشاہوں والا تاج ہے اور ہاتھ میں ایک روشن شمع ہے جو گیس لیمپ ہم گاؤں میں استعمال کرتے تھے یہ شمع اس سے بھی زیادہ روشن ہے۔ وہ بُزرگ زور سے کلمہ پڑھتے ہیں، میں خواب میں جلدی جلدی نماز ختم کرتی ہوں اور انہیں

مخاطب کرکے کہتی ہوں وہ یہ کلمہ مجھے پہلے بھی آتا ہے۔آپ مجھے یہ بتائیں کہ لوگ کہتے ہیں کہ امام مہدی آ گیا ہے کیا یہ بات سچ ہے؟انہوں نے جواب دیا کہ خدا کی قسم بالکل سچ ہے اور یہ بات تین بار دہرائی،اور چل پڑے میں پیچھے سے انہیں جاتے ہوئے دیکھتی رہی۔ہمارے کچن کے ساتھ لکڑی کی سیڑھی تھی اس سیڑھی پر چڑھ کر وہ اوپر پہنچے اور غائب ہو گئے۔اسی وقت میری آنکھ کھل گئی میں نے جلدی سے قرآن کریم بند کیا اور لیٹ گئی۔ میرا سارا بدن پسینہ سے بھیگ گیا اس کمرے میں میری چھوٹی نند فضیلت مرحومہ نماز پڑھ رہی تھیں۔ جب مجھے سکون آیا تو میں نے اپنی خواب انہیں سنائی اور انہوں نے ماموں جان کو جا سنائی۔ماموں جان نے مجھ سے پوچھا کیا تمہارے دل میں کوئی شک گذرا تھا میں نے کہا جی ہاں!میں چندراتوں سے سو نہیں سکی سخت کشمکش میں مبتلا رہی۔

اس خواب کے بعد میرے مولیٰ نے میرے دل کو کامل سکون بخشا اور وہ دن اور آج کا دن کبھی میرے دل میں احمدیت کے بارے میں ایک لحہ کے لئے بھی کوئی وسوسہ نہیں آیا۔میں اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرتی ہوں جس نے مجھے سیدھی راہ دکھائی۔میرے سب بہن بھائی غیر احمدی ہیں میں سب بہن بھائیوں سے دعا کی درخواست کرتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے انہیں بھی سیدھی راہ دکھائے اور وہ بھی احمدیت کی آغوش میں آ جائیں۔آمین

ماں کی تربیت پر ہی بچے کی تربیت کا انحصار ہوتا ہے۔

ایک نکاح کے خطبہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

رسولِ کریم ﷺ نے فرمایا کہ جنت ماں کے قدموں کے نیچے ہے۔اس کا یہ مطلب نہیں کہ ظاہری طور پر جنت ماں کے قدموں کے نیچے ہے۔بلکہ یہ ہے کہ ماں کی اچھی تربیت سے جنت مل جاتی ہے۔اور اگر ماں اچھی تربیت نہ کرے، بچے کے اخلاق کی اصلاح نہ کرے،اس کو مذہب سے واقف نہ کرے تو بچے کی حالت تباہ ہو جاتی ہے اور قطعاً ایسی ماں کے قدموں کے نیچے جنت نہیں ہوتی۔

بے شک باپ مقوم ہوتا ہے،نگران ہوتا ہے وہ اکثر معیشت کی فکر میں گھر سے باہر رہتا ہے اور بہت کم وقت اُسے گھر میں رہنے کے لیے ملتا ہے اور اس تھوڑے سے عرصے میں وہ بچوں کی پوری نگرانی نہیں کرسکتا۔بچے کی وہ عمر جس میں وہ نقال ہوتا ہے اور باتیں سیکھتا ہے پانچ چھ سال کی ہوتی ہے۔

اس وقت نہ باپ اس کی اصلاح اور نگرانی کرسکتا ہے اور نہ وہ اس عمر میں کسی استاد یا ادب سکھانے والے کے پاس جا سکتا ہے جس سے وہ اخلاق سیکھے۔صرف ماں جس کے پاس وہ ہر وقت رہتا ہے اس کی نگرانی کرسکتی ہے۔اگر ماں بچے کے سامنے جھوٹ بولے گی تو بچہ بھی جھوٹ بولنا سیکھ جائے گا اور ماں چوری کرے گی تو بچہ بھی چوری کرنا سیکھ جائے گا اور اگر ماں دین سے بے پرواہی اور غفلت اختیار کرے گی تو بچہ بھی دین سے بے پروا اور غافل ہو جائے گا۔لیکن اگر ماں اسکے سامنے سچ بولے گی تو بچہ بھی سچ بولے گا عادی ہو گا۔

اگر ماں دوسروں سے ملتے وقت اخلاق فاضلہ سے پیش آئے گی تو بچے میں بھی اخلاقِ فاضلہ پیدا ہو جائیں گے۔اگر ماں غریبوں اور مسکینوں پر رحم کرے گی تو بچہ میں بھی رحم کا مادہ پیدا ہو جائے گا۔اگر ماں دیندار اور تقویٰ شعار ہو گی تو بچہ بھی دیندار اور تقویٰ شعار ہو جائے گا۔غرض ماؤں کی تربیت پر ہی بچہ کے مستقبل کا انحصار ہوتا ہے۔اور رسولِ کریم ﷺ کے اس ارشاد کہ جنت ماؤں کے قدموں کے نیچے ہے کا یہی مطلب ہے۔دنیا میں کئی مائیں ایسی ہوتی ہیں جو بچوں کی اچھی تربیت نہیں کرتیں بلکہ بجائے درست کرنے کے بگاڑ دیتی ہیں۔

مذہب سے لاپروا بنا دیتی ہیں۔ایسی ماؤں کے قدموں کے نیچے جنت کا ہونا کوئی معنی نہیں رکھتا۔جو اولاد اچھی نہ ہو تو لوگ ماں کو بُرا کہیں گے اور اگر اولاد اچھی ہو تو لوگ اس کی ماں کی تعریف کریں گے کیونکہ ابتدائی تربیت جس کا اثر بعد کی زندگی پر پڑتا ہے ماں ہی کرتی ہے۔

(۳۰ جون ۱۹۳۷ خطبہ نکاح،صفحہ نمبر ۳۱۲ سے ۳۱۳ تک کتاب اوڑھنی والیوں کے پھول)

مرسلہ:امۃ الحفیظ شاہد

لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ کا ویب سائٹ

http://islamahmadiyya.ie/Lajna.html

اے لوائے احمدیت
قومِ احمدؐ کے نشاں

وہ وقت آ رہا ہے دُنیا بھی جان لے گی

لہرائے گا یہ پرچم مہدی کا ہے زمانہ

ہر قوم ہر مُلک کا ایک الگ جھنڈا ہوتا ہے۔ یہ جھنڈا کسی بھی قوم کی سر بلندی، عظمت اور وقار کے اظہار کی علامت ہوتا ہے۔ ہمارا سبز ہلالی پرچم ہماری عظمت اور اعلیٰ شان کی علامت ہے۔ ہمارا ایک جھنڈا اور بھی ہے جو ہمیں اپنی جان، مال، عزت وآبرو سے بھی زیادہ عزیز ہے اور وہ ہے احمدیت کا جھنڈا۔ جی ہاں، احمدیت کا جھنڈا ہی وہ جھنڈا ہے جس کے سائے تلے ہم دُنیا اور آخرت دونوں میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ ہمیں پُوری دُنیا کو اس عظیم جھنڈے کے سائے کے نیچے اکٹھا کرنا ہے کیونکہ یہ واحد جھنڈا ہے جو امن وآشتی کا علمبردار ہے۔ حضرت بانی عالیہ احمدیہ حضرت مرزا غلام احمدؑ صاحب قادیانی فرماتے ہیں:۔

لوائے ما پنه هر سعید خواهد بود

ندائے فتح نمایاں بنام ماشد

۱۹۳۹ء کا سال وہ تاریخی سال تھا جب تین خوبصورت اور حیرت انگیز اتفاقات ہوئے، پہلا یہ کہ عالمگیر جماعت احمدیہ کے قیام کو پچاس سال ہوئے۔ دوسرا حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد صاحب امام جماعت احمدیہ الثانیؓ کی عمر پچاس سال ہوئی اور تیسرا یہ کہ آپ کے عہد امامت کے پچیس سال پورے ہوئے۔ ان سب خوشیوں کو شان وشوکت سے منانے کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر ایک کمیٹی تشکیل دی گئی اس میں ۲۵ کے قریب تجاویز پیش کی گئیں ان میں سے ایک تجویز، "لوائے احمدیت" بنانے کی بھی تھی۔ حضرت امام جماعت احمدیہ الثانیؓ نے اس تجویز کو منظور فرمایا۔ منظوری ملتے ہی لوائے احمدیت کی تیاری کا کام جوش و خروش شروع ہو گیا۔ اس کی تیاری میں درج ذیل باتیں پیشِ نظر تھیں۔

۱۔ جھنڈا کے ڈیزائن یعنی شکل کا فیصلہ کرنا۔

۲۔ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کے صحابہؓ اور صحابیاتؓ سے جھنڈے کے اخراجات کے لئے چندہ وصول کرنا۔

۳۔ آپ سے کپڑا تیار کرانا۔ جھنڈے کی لمبائی چوڑائی کا فیصلہ کر کے اس کو بنوانا۔

۴۔ پول تیار کرنا۔

۵۔ جھنڈے کا نصب کرنا۔

۶۔ اس کو لہرانا۔

اگر چہ یہ سب کام اس زمانہ میں کافی مشکل اور وقت طلب تھے۔ تاہم خداتعالیٰ کے خاص فضل اور اس کی رحمت سے ہر مشکل آسان ہو گئی۔ اور تمام دقتیں دُور ہو گئیں۔ جھنڈے کے لئے ایک سوتیں روپے کی رقم جمع کی گئی۔ لوائے احمدیت کی تیاری کا کام اب زور وشور سے شروع ہُوا۔ روئی کی خرید کے متعلق حضرت امام جماعت احمدیہ الثانیؓ کی یہ خواہش تھی کہ اگر ایسی کپاس مل جائے جسے حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کے صحابہؓ نے کاشت کیا ہو تو بہت اچھا ہو۔ اللہ تعالیٰ نے حضور کی یہ خواہش کو پورا فرمایا اور اس طرح کہ حضرت میاں فقیر محمدؓ امیر جماعت احمدیہ ونجواں ضلع گورداسپور جو حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کے صحابی تھے۔ قادیان تشریف لائے اور کچھ سوت حضرت اماں جانؓ کی خدمت میں پیش کیا اور عرض کیا کہ میں نے حضرت مرزا بشیر احمدؓ صاحب کے ارشاد کی تعمیل میں اپنے ہاتھ سے بیج بویا اور پانی دیتا رہا۔ اور پھر چُنتا اور صحابہؓ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ سے دُھنوایا اور اپنے گھر میں اس کو کتوایا۔ یہ سوت پہنچنے پر حضرت مولانا عبدالرحیم درد سیکرٹری خلافت کمیٹی نے امیر جماعت احمدیہ ونجواں کو پیغام بھیجا کہ ان کے پاس اگر ان کی کاشت کی ہوئی روئی میں سے کچھ اور ہو تو وہ بھی بھجوادیں۔ جس پر حضرت بھائی عبدالرحمٰن قادیانی کے ذریعے مزید آدھ دس سیر روئی قادیان پہنچ گئی جو محترم مولانا درد صاحب نے حضرت سیّدہ امّ طاہرؓ جنرل سیکرٹری لجنہ اماءاللہ کی خدمت میں اس درخواست کے ساتھ بھیج دی کہ وہ صحابیاتؓ حضرت اقدسؑ کے ذریعہ حضرت اقدسؑ کے ارشاد کے ماتحت اس روئی کا سوت تیار کروالیں۔ چنانچہ انہوں نے نہایت

مستعدی کے ساتھ دارالمسیح الموعودؑ میں صحابیاتؓ سے سوت تیار کروایا جس سے (صحابی حضرت اقدس) بافندگان کے ذریعے قادیان اور تلونڈی میں کپڑا بنوایا گیا۔ان صحابہؓ میں سے ایک بزرگ حضرت میاں خیرالدینؓ دری باف بھی تھے۔'' (تاریخ احمدیت جلد ہشتم ۵۰۵)۔

اب جھنڈے کا پول خریدنے کا مرحلہ تھا۔اس زمانہ میں ۶۲ فٹ لمبی اور سیدھی لکڑی کا ملنا مشکل تھا۔امامت جوبلی جلسہ کی آمد آمد تھی۔اس لئے یہی فیصلہ کرنا پڑا کہ لوہے کا پائپ لے کر اس سے کام چلایا جائے۔

جھنڈے کی بناوٹ:

ہمارا خوبصورت اور پیارا پرچم سیاہ رنگ کا ہے۔اس کے درمیان میں مینارۃ المسیح ، ایک طرف بدر اور دوسری طرف ہلال کی شکل ،سفید رنگ میں بنی ہوئی ہے۔ کپڑے کا طول اٹھارہ فٹ جبکہ عرض ۹ فٹ ہے۔ جماعت احمدیہ عالمگیر کا عظیم الشان پرچم لہرائے جانے کے لئے تیار ہے۔قادیان کے جلسہ گاہ میں اسٹیج کے شمال مشرقی کونہ کے ساتھ باسٹھ فٹ بلند آہنی پول پانچ فٹ چبوترہ بنا کر نصب کیا گیا۔

آیئے اب اس مبارک اور بابرکت تقریب میں چلتے ہیں اور تصور کی آنکھ سے اس عظیم تاریخی منظر کا نظارہ کرتے ہیں۔

یہ ۲۸، دسمبر ۱۹۳۹ء کی خوشگوار صبح ہے۔آسمان کی فضا پاک و معطرّ ہے جوبلی کی تیاریاں اب عروج پر ہیں۔کیا چھوٹا کیا بڑا، کیا مَرد اور کیا عورت سب خوشی سے تمتما رہے ہیں۔مبارک باد کی صدائیں گونج رہی ہیں۔ یہاں عظیم جلسہ گاہ بنی ہوئی ہے۔ساڑھے نو بج چکے ہیں۔تمام جماعتیں اپنا اپنا جھنڈا اٹھائے خدا تعالیٰ کی حمد کے ترانے گاتی ہوئیں جلسہ گاہ میں داخل ہوتی ہیں۔ ہر جھنڈے کے سامنے ہر جماعت کا نام اور کچھ دعائیہ کلمات درج ہیں۔

سامنے جلسہ گاہ کی گیلریوں کے اوپر قطار اندر قطار مختلف ممالک اور مختلف علاقوں کے جھنڈے کھڑے ہیں۔ان کی تعداد ڈیڑھ سو کے قریب ہے۔مگر ابھی اس میں ایک عظیم الشان اور بابرکت جھنڈے کی جگہ خالی ہے۔ یوں محسوس ہوتا ہے جیسے یہ سب جھنڈے بھی اسی ایک پرچم کے منتظر ہیں۔آخر انتظار کی گھڑیاں ختم ہوتی ہیں۔حضرت امام جماعت احمدیہ الثانیؓ کا پاک و بابرکت وجود جلسہ گاہ کی طرف آتا دکھائی دیتا ہے۔دس بج کر پچاس منٹ ہو چکے ہیں۔ چہار طرف نعرہ تکبیر کے فلک شگاف نعرے گونج رہے ہیں۔

پیارے امام نعروں کا جواب دیتے ہیں اور کرسی صدارت پر رونق افروز ہوتے ہیں......اللہ کے پاک و بابرکت نام سے تقریب سعید کا آغاز ہوتا ہے۔ لوائے احمدیت لہرائے جانے کی تقریب سے قبل اسٹیج کا سائبان اتار دیا جاتا ہے تا کہ تمام احباب واضح طور پر اس تقریب کا نظارہ کر سکیں۔جلسہ گاہ کی عجیب کیفیت ہے۔احمدیت کے پروانے ٹکٹکی باندھے یوں اپنے پیارے امام کی طرف دیکھ رہے ہیں، گویا پلکیں جھپکانا بھول گئے ہوں۔زبان پر دُعا ''اے خدا تو ہم سے یہ قبول فرما یقیناً تو سُننے والا اور جاننے والا ہے۔'' کا ورد جاری ہے جبکہ دل بھی اللہ تعالیٰ کے بابرکت نام لے لے کر دھڑک رہے ہیں۔حضرت امام جماعت احمدیہ الثانیؓ سٹیج سے اُتر کر چبوترے کی طرف تشریف لا رہے ہیں۔۲ بج کر چار منٹ ہو چکے ہیں۔دُعاؤں کا ورد اب بھی جاری ہے۔یہاں تک کہ زمین و آسمان کی فضا ایک ہوتی نظر آتی ہے۔یہ نظارہ نہایت متاثر کن ہے۔مجمع پر رقّت طاری ہے۔کئی تو باوجود کوشش کے اپنے آنسوؤں کو بھی بہنے سے نہیں روک سکے۔اب آہستہ آہستہ ہچکیوں کی صدا بھی سُنائی دے رہی ہے۔یہ سب فتح و کامرانی اور حقیقی دین کی وجہ سے ہے پیارے حضور بھی رقت انگیز آواز میں با آواز بلند پڑھ رہے ہیں: ''اے خدا تو ہم سے یہ قبول فرما یقیناً تو سُننے والا اور جاننے والا ہے''۔

حضور پول کے قریب آتے ہیں۔فضا میں پرجوش نعروں کی بازگشت اب بھی گونج رہی ہے۔اللہ تعالیٰ کی کبیرائی کے نعروں کے بیچ پیارے امام جھنڈے کی رسی کو اپنے بابرکت ہاتھوں سے کھینچتے ہیں۔جھنڈا آہستہ آہستہ اُوپر کو بلند ہو رہا ہے۔اور آخر اللہ تعالیٰ کی عظمت اور اس کی بڑائی کے نعروں کے بیچ بلندی پر پہنچ گیا۔اب یہاں قدرت کا ایک اور عظیم الشان نظارہ وقوع پذیر ہوتا ہے۔جھنڈے کے بلند ہوتے وقت ہوا ساکت ہے خاموش ہے۔شاید وہ بھی اس سحر انگیز منظر میں کھو گئی ہے۔ مگر یہ کیا......جونہی جھنڈا پول کے اوپری سرے کو چُھوتا ہے۔ہوا جُھوم اُٹھتی ہے، لہرا اُٹھتی ہے۔تب لوائے احمدیت کُھل کر لہرانے لگتا ہے۔یہ عجیب نظارہ ہے۔تمام مجمع اچھی طرح اس لہراتے جھنڈے کا نظارہ کرتا ہے اور پھر ہوا تھم جاتی ہے۔ابھی لوائے احمدیت لہرائے جانے کی تقریب اختتام پذیر نہیں ہوئی۔ابھی تو اس عظیم پرچم کو سر بلند رکھنے کا عہد کرنا ہے۔سب احباب جماعت کھڑے ہو جاتے ہیں۔یک جان و یک زبان ہو کر عہد کرتے ہیں:

'' میں اقرار کرتا ہوں کہ جہاں تک میری طاقت اور سمجھ ہے اور احمدیت کے قیام اس کی مضبوطی اور اس کی اشاعت کے لئے آخر دم تک کوشش کروں گا کہ احمدیت یعنی حقیقی اسلام دوسرے سب دینوں اور سلسلوں پر غالب رہے اور اس کا جھنڈا کبھی سرنگوں نہ ہو بلکہ دوسرے سب جھنڈوں سے اونچا اڑتا

رہے‘‘۔

اے خدا تو ایسا ہی کر

اے خدا تو ایسا ہی کر

اے خدا تو ایسا ہی کر

اے خدا تو قبول فرما یقیناً تو بہت سُننے والا اور جاننے والا ہے۔جھنڈے کی حفاظت کے لئے حضور نے فرمایا:

’’ اس وقت اس جھنڈے کی حفاظت کے لئے مجلس خدام الاحمدیہ بارہ آدمیوں کا پہرہ مقرر کرے اور کل نماز جمعہ کے بعد اسے دو ناظروں کے سپرد کر دے جو اس کی حفاظت کے ذمہ دار ہوں گے۔وہ نہایت مضبوط تالہ میں رکھیں جس کی دو چابیاں ہوں اور وہ دونوں مل کر اسے کھول سکیں‘‘۔

دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس عظیم پرچم کو بلند سے بلند تر اور بلند ترین رکھنے کی توفیق عطا فرماتا چلا جائے‘‘۔ (الحجر اب کراچی ۱۹۹۱ء سے مدد لی گئی ہے۔)

مُرسلہ: خالدہ افتخار۔ Athlone

اچھی ماؤں کی نگرانی

اچھی ماؤں کی نگرانی میں پرورش پانے والے بچے نہ صرف دن رات اپنی ماں کے نیک اعمال کے نظارے دیکھتے ہیں بلکہ جس طرح وہ اپنی ماں کے اعمال دیکھتے ہیں اُسی طرح اُنکی ماں بھی شب وروز اُن کے اعمال کو دیکھتی ہے۔اور ہر خلافِ اخلاق بات اور ہر خلاف شریعت حرکت پر اُن کو ٹوکتی اور شفقت ومحبت کے الفاظ میں اُنہیں نصیحت کرتی رہتی ہے۔ماں کا یہ فعل جو اُس کی اولاد کے لیے ایک دلکش و شیریں اُسوہ ہوتا ہے۔اور ماں کا یہ قول جو اُس کے بچوں کے کانوں میں شہد اور تریاق کے قطرے بن کر اُتر تا چلا جاتا ہے۔اُن کے گوشت پوست اور ہڈیوں تک سرایت کر کے اور اُن کے خون کا حصّہ بن کر اُنہیں گویا ایک نیا جنم دے دیتا ہے۔

کاش دنیا اس نکتہ کو سمجھ لے۔قوموں کے لیڈر اس نکتہ کو سمجھ لیں۔خاندانوں کے بانی اس نکتہ کو سمجھ لیں۔گھر کا آقا اس نکتہ کو سمجھ لے۔بچوں کی ماں اس نکتہ کو سمجھ لے۔اور کاش بچے ہی اس نکتہ کو سمجھ لیں کہ اولاد کی تربیت کا بہترین آلہ ماں کی گود ہے۔پس اے احمدیت کی فضا میں سانس لینے والی بہنوں اور بیٹیوں اگر قوم کو تباہی کے گڑھے سے بچا کر ترقی کی شاہراہ کی طرف لے جانا ہے۔تو سُنو اور یاد رکھو کہ اس نسخہ سے بڑھ کر کوئی نسخہ نہیں۔کہ اپنی گودوں کو نیکی کا گہوارہ بناؤ۔اپنی گودوں میں وہ جوہر پیدا کرو۔جو بدی کو مٹاتا ہے۔اور نیکی کو پروان چڑھاتا ہے۔جو شیطان کو دور بھگاتا اور انسان کو رحمٰن کی طرف کھینچ لاتا ہے۔

(مُرسلہ:طیبہ مقبول۔کتاب:اچھی مائیں از صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب)

’’ہر اک کے ساتھ کوئی واقعہ سا لگتا ہے‘‘

شکستہ حال سا بے آسرا سا لگتا ہے
یہ شہر دل سے زیادہ دُکھا سا لگتا ہے
ہر اک کے ساتھ کوئی واقعہ سا لگتا ہے
جسے بھی دیکھو وہ کھویا ہوا سا لگتا ہے
زمین ہے سو وہ اپنی ہی گردشوں میں کہیں
جو چاند ہے سو وہ ٹوٹا ہوا سا لگتا ہے
میرے وطن پہ اترتے ہوئے اندھیروں کو
جو تم کہو، مجھے قہر خدا سا لگتا ہے
جو شام آئی تو پھر شام کا لگا دربار
جو دن ہوا تو وہ دن کربلا سا لگتا ہے
یہ رات کھا گئی ایک ایک کر کے سارے چراغ
جو رہ گیا ہے وہ بجھتا ہوا سا لگتا ہے
دُعا کرو کہ میں اس کے لیے دُعا ہو جاؤں
وہ ایک شخص جو دل کو دُعا سا لگتا ہے
جو آ رہی ہے صدا غور سے سنو اس کو
کہ اس صدا میں خدا بولتا سا لگتا ہے
ابھی خرید لیں دنیا کہاں کی مہنگی ہے
مگر ضمیر کا سودا بُرا سا لگتا ہے
ہوائے رنگِ دو عالم میں جاگتی ہوئی لے
علیم ہی کہیں نغمہ سرا سا لگتا ہے

(عبید اللہ علیم ’’نگارِ صبح کی امید میں‘‘ صفحہ 83 تا 85)

اولاد کی صحیح نہج پر
تربیت کے تقاضے

ساجدہ علیم (ڈبلن جماعت)

خاکسار نے گذشتہ شمارے میں حضرت اماں جان کی سیرت کے چند پہلوؤں پر روشنی ڈالنے کی توفیق پائی اور اگلے شمارہ میں حضرت اماں جان کے انداز تربیت کے بارے میں لکھنے کا وعدہ کیا۔ اس ضمن میں جب معلوم ہوا کہ مریم میگزین کا اس دفعہ کا چنیدہ موضوع بھی یہ ہی ہے تو سوچا کہ کیوں نہ حضرت اماں جان کے انداز تربیت کے ساتھ ساتھ اس مضمون کو تھوڑی سی وسعت دی جائے اور تربیت اولاد کے اس اہم فریضہ کی ادائیگی کے تمام تر تقاضوں کو قرآن و حدیث اور خلفاء کے ارشادات کی روشنی میں جاننے کی ادنیٰ سی کوشش کی جائے۔

یہ موضوع اس قدر اہم ہے کہ جہاں ایک طرف تو اس کا صحیح حق ادا کرنے سے قوموں کی تقدیریں بنتی ہیں تو دوسری طرف نہ ادا کرنے کی صورت میں اس کے برعکس نتائج مرتب ہوتے ہیں۔ اگر ہم مستقبل کے ان معماروں کو، جن کو اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے بطور امانت، ہماری گودوں میں ڈالا ہے، صحیح نہج پر تربیت کر پائے تو ہمارا مستقبل یقیناً تابناک ہوگا اور جب ایک احمدی ماں احسن رنگ میں تربیت کرتی ہے تو وہ جماعتِ احمدیہ کو ایک اور مضبوط ستون فراہم کرتی ہے۔ اگر ہم اپنی ذمہ داریاں بحسن وخوبی انجام دینے والے ہونگے تو ایک یا دو یا تین صدیاں تو کیا انشاء اللہ العزیز قیامت تک اس عمارت کو تربیت یافتہ وجود حاصل ہوتے چلے جائیں گے۔

قرآن وحدیث میں موجود دعاؤں کے ذریعے نصرت الٰہی کی طلب:

کسی بھی اہم فریضہ کی ادائیگی کا پہلا اصول تو دُعا ہے اور پھر اس میں کامیابی محض اللہ تعالیٰ کے خاص فضل پر موقوف ہے۔ ہمارا کام تو صرف اور صرف عاجزانہ دُعائیں کرنا ہے۔ قرآن کریم میں متعدد مقامات پر ایسی دُعائیں ملتی ہیں جو کہ بچوں کی پیدائش سے پہلے ان کے پاکیزہ ہونے اور پیدائش کے بعد ان کی کامل اصلاح، ان کو نمازوں کا پابند اور آنکھوں کی ٹھنڈک بنانے کے لیے مختلف انبیاء کو سکھائی گئیں۔ ان کی تفصیل کچھ یوں ہے۔

قرآنِ کریم میں عبادالرحمٰن کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے ذکر ہے کہ وہ یہ دُعا کرتے ہیں:

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا۔

(الفرقان:۷۵)

''اے ہمارے ربّ! ہم کو ہماری بیویوں کی طرف سے اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں متقیوں کا پیش رو بنا۔'' (خزینۃ الدُعا صفحہ ۳۲۔۳۳)

ایک اور مقام پر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے مشن کے جاری رہنے کے لیے صالح اولاد کی یہ دُعا کی جس کے نتیجے میں ان کو ایک حلیم لڑکے کی بشارت ملی۔

رَبِّ هَبْ لِي مِنَ الصّٰلِحِينَ (الصافات:۱۰۱)

''اے میرے ربّ! مجھ کو نیکوکار اولاد بخش'' (خزینۃ الدُعا صفحہ ۲۷۔۲۸)

اس طرح پاکیزہ اولاد کے حصول کے لیے حضرت ذکریا علیہ السلام کی ایک بہت ہی پیاری دُعا ہے جو آپؑ نے حضرت مریم علیہا السلام کی نیکی اور ان کی اللہ تعالیٰ کے لیے حد درجہ محبت وقربت سے متاثر ہو کر انتہائی جوش کے ساتھ کی، جس کی قبولیت کی بشارت دُعا کے دوران ہی آپ کو مل گئی۔ بعد میں اس دُعا کی تاثیر سے آپؑ کو حضرت یحییٰ علیہ السلام عطا ہوئے۔ دُعا کے الفاظ یہ ہیں:۔

رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ج اِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَآءِ (آل عمران:۳۹)

''اے میرے ربّ! تو مجھے (بھی) اپنی جناب سے پاک اولاد بخش۔ تو یقیناً دُعاؤں کو بہت قبول کرنے والا ہے۔'' (خزینۃ الدُعا صفحہ ۳۱)

نیز اسی طرح ہم روزانہ نماز کے دوران اپنے اور اولاد کے قیامِ عبادت کے لیے پانچ وقت ہر تشہد اور دُرود شریف کے بعد یہ دُعا مانگتے ہیں۔

رَبِّ اجْعَلْنِي مُقِيمَ الصَّلٰوةِ وَمِن ذُرِّيَّتِي (سورہ ابراہیم:۴۱)

''اے میرے ربّ! مجھے اور میری اولاد (میں سے ہر ایک) کو عمدگی سے نماز ادا کرنے والا بنا۔'' (خزینۃ الدُعا صفحہ ۲۹)

اَب دیکھئے، یہ دُعا صرف والدین ہی نہیں پڑھتے بلکہ ہر بچہ، نوجوان، بوڑھا غرض عمر کے ہر حصہ سے تعلق رکھنے والا مرد وزن اس کو اوائل عمری سے ہی پڑھتا ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ قیامِ صلوٰۃ کس قدر اہمیت کی حامل ہے۔ایک بچہ جس نے خود ابھی نماز سیکھنا شروع کی ہوتی ہے وہ اپنی اولاد کے لیے یہ دُعا مانگ رہا ہوتا ہے۔اسی طرح سوچیں ہمارے والدین اور پھران کے والدین، نہ جانے کب سے یہ دُعا نسل در نسل سفر کرتی ہوئی ہم تک پہنچتی ہے۔تو اس طرح دُعاؤں کا تو بیش بہا ذخیرہ ہے جو ہر وقت ہمارے ساتھ ہے ضرورت اس اَمر کی ہے کہ ہم ان سے استفادہ کرنے والے بنیں اور اپنا جائزہ اس رنگ میں لیں کہ آیا ہم حقیقی معنوں میں ان دعاؤں کی تاثیرات کا ادراک رکھتے ہوئے ان کو کر رہے ہیں یا نہیں؛ یا پھر واقعی ہمارے اعمال اس قابل ہیں کہ جن کی بدولت ہم ان دُعاؤں کو جذب کر سکیں۔اگر ہماری دعائیں قبولیت کا درجہ نہیں پاتیں تو سمجھ لینا چاہئے کہ کجی ان دُعاؤں کی تاثیرات میں نہیں بلکہ ہمارے اعمال میں ہے۔

اس لئے ضروری ہے کہ پہلے اپنے آپ کو کُلیۃً شیطانی اثرات سے پاک کر کے اللہ کی پناہ میں آئیں تا کہ ہماری آئندہ نسلیں اس سے پاک رہ سکیں۔قربان جائیں محمد عربی ﷺ پر کہ جنہوں نے اللہ تعالیٰ سے خبر پا کر تربیت کے خفیف در خفیف پہلو کو بھی اس طرح اجاگر کیا کہ جس کی مثال نہیں ملتی۔حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ فرماتے تھے کہ تم میں سے کوئی شخص جب اپنی بیوی کے پاس جائے اور یہ دُعا کرے تو اس کو خدا تعالیٰ ایسی اولاد عطا کرتا ہے جو شیطان کے شر سے محفوظ رہنے والی ہو۔

بِسمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ جَنِّبنَا الشَّیطَانَ وَ جَنِّبِ الشَّیطَانَ مَا رَزَقتَنَا ۔

(بخاری کتاب الدعوات)

’’اللہ کے نام کے ساتھ۔اے اللہ! تو ہمیں شیاطان سے محفوظ رکھنا اور جو اولاد تو ہمیں عطا کرے اُسے بھی شیطان کے شر سے بچانا‘‘۔ (خزینۃ الدعا صفحہ ۷۲)

اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ وہ محض اپنے فضل سے ہم سب کو ان دُعاؤں سے فیض حاصل کرنے کی توفیق بخشے۔آمین۔

تربیتِ اولاد میں مدد چند اہم تدابیر:

دعاؤں سے مدد چاہنے کے بعد یہ دیکھنا ہوگا کہ کون سی ایسی تدابیر اختیار کی جائیں جن کی مدد سے اس فریضہ کی ادائیگی کو سہل بنایا جا سکتا ہے۔اگر لوگوں سے پوچھا جائے تو ہر فرد کا اپنا علیحدہ ہی مؤقف ہوتا ہے کوئی کچھ تجویز کر رہا ہوتا ہے، اور کوئی کچھ۔نوجوان مائیں انتہائی پریشان رہتی ہیں کہ کس اصول کو اختیار کریں۔اس کا آسان حل یہ ہے کہ تربیت اولاد سے متعلق امام وقت کے ارشادات پر پوری راستبازی سے عمل کیا جائے۔ہم تو انتہائی خوش قسمت ہیں کہ ہمیں براہ راست خلیفۂ وقت کی راہنمائی اور شفقت میسر ہے۔

اب خاکسار حضور انور کے خطاب بر موقع جلسہ سالانہ برطانیہ (فرمودہ ۲۶ جولائی ۲۰۰۳ء، شائع شدہ اوڑھنی والیوں کے لیے پھول، جلد سوم، حصہ اوّل) کی روشنی میں قارئینِ کرام کی توجہ تربیت اولاد کے چند بہت ہی بنیادی نوعیت کے اصولوں کی جانب مبذول کروائے گی۔اس کے چند اہم نکات سے راہنمائی لے کر خاکسار نے اس مضمون کو ترتیب دیا ہے۔سب سے پہلے تو ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ اولاد کی خواہش جو ہر شادی شدہ جوڑے کو ہوتی ہے اس کی اصل غرض کیا ہو؟ اس ضمن میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز، حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے اقتباسات کی روشنی میں فرماتے ہیں۔

اولاد کی خواہش کی اصل غرض:

’’پس جب تک اولاد کی خواہش اس غرض کے لیے نہ ہو کہ وہ دین دار اور متقی ہو اور خدا تعالیٰ کی فرمانبردار ہو کر اس کے دین کی خادم بنے، بالکل فضول بلکہ ایک قسم کی معصیت اور گناہ ہے۔‘‘

(ملفوظات جلد اوّل، جدید اڈیشن صفحہ ۵۶۰)

پھر آپ فرماتے ہیں

’’ایک اور بات ہے کہ اولاد کی خواہش تو لوگ بڑی کرتے ہیں اور اولاد ہوتی بھی ہے مگر یہ کبھی نہیں دیکھا گیا کہ وہ اولاد کی تربیت اور اُن کو عمدہ اور نیک چلن بنانے اور خدا تعالیٰ کے فرمانبردار بنانے کی سعی اور فکر کریں، نہ کبھی اُن کے لیے دُعا کرتے ہیں اور نہ مراتب تربیت کو مدِّنظر رکھتے ہیں۔‘‘ (ملفوظات جلد اول، جدید ایڈیشن صفحہ ۵۶۲)

عملی نمونہ اور ذاتی اصلاح:۔

تربیت اولاد کے حوالے سے یہ اُصول اس قدر اہم ہے کہ اس کے اپنائے بغیر ہماری یہ خواہش قطعاً مؤثر ثابت نہ ہوگی حضورؑ فرماتے ہیں:

’’صالح اور متقی اولاد کی خواہش سے پہلے ضروری ہے کہ وہ خود اپنی اصلاح کرے اور اپنی زندگی کو متقیانہ زندگی بناوے تب اس کی ایسی خواہش ایک نتیجہ خیز خواہش ہوگی‘‘۔ (ملفوظات جلد اول، جدید ایڈیشن صفحہ۔۵۶۱)

اکثر اوقات جملہ اعمال کی ادائیگی یا یوں کہیں کہ روزمرّہ پیش آمدہ مختلف حالات

میں ہم نے دوہرے معیار قائم کر رکھے ہوتے ہیں اور بچوں سے ہم تقویٰ کے اعلیٰ معیار قائم کرنے کی توقع رکھتے ہیں۔ مثال کے طور پر جب ہم ہجرت کر کے مغربی ممالک میں رہائش اختیار کرتے ہیں تو دھیرے دھیرے اس معاشرے کے زیر اثر اپنی اقدار میں نہ چاہتے ہوئے بھی ایسی تبدیلیاں کرنا شروع کر دیتے ہیں جو آہستہ آہستہ پھر اسلامی اقدار کی مقرر کردہ حدود سے باہر نکلنے لگتی ہیں جیسے پردے ہی کی مثال لے لیجئے جو خواتین شروع میں اچھا پردہ کرتی ہیں انکو یہاں آتے ہی یہ سننے کو ملتا ہے کہ یہ پردہ یہاں نہیں چلے گا اسکو ہلکا کرو حالانکہ اسلامی پردہ کی حدود کا تعین تو قرآن کریم میں کر دیا گیا ہے اُس میں یہ نہیں لکھا کہ یہ معیار یورپ کے لئے ہے یہ ایشیاء کے لئے، یا یہ افریقہ اور امریکہ کے لیے۔ یہ دباؤ پھر اسقدر بڑھ جاتا ہے اگر ہم اپنے ایمان میں مضبوطی نہ دکھائیں تو اس رو میں بہہ جاتے ہیں۔ لہٰذا جب بچے ہمارا یہ عمل دیکھتے ہیں تو سب سے پہلا سبق جو انکو ملتا ہے، (چاہے وہ لڑکا ہو یا لڑکی) کہ ضرورت پڑنے پر اپنی مرضی کے موافق اپنے ہر عمل میں اپنی توجیہہ پیش کر کے اس کو تبدیل کر سکتے ہیں۔ تو ذرا سوچیے ہم نے تو ایک عمل ایسا کیا لیکن ہماری اولاد ہر عمل میں چور راستہ نکالنے کی کوشش کرے گی یا یوں کہیں کہ شریعت کے حکم میں اپنی مرضی کے موافق سمجھوتہ کرنے کی کوشش کرے گی۔ اس کے پھر بہت دُوررس نتائج برآمد ہوتے ہیں۔ یہ تو صرف ایک مثال ہے اس طرح کی ان گنت کوتاہیاں ہیں جو ہم سے سرزد ہو رہی ہوتی ہیں جن سے ہمارے قول و فعل میں تضاد ظاہر ہو رہا ہوتا ہے اور پھر یہی تضاد غیر محسوس طریق پر ہمارے بچوں پر اثر انداز ہوتا ہے۔ ہمیں تربیت کے لیے بہت بڑے بڑے کام کرنے کی ضرورت نہیں، چند ایک باریک باتوں کا خیال رکھنا ہوگا جو بظاہر چھوٹی معلوم ہوتی ہیں لیکن بہت اہمیت رکھتی ہیں۔ بچے تو والدین ہی کا عکس ہوتے ہیں، جو بھی ہم بچوں سے چاہتے ہیں اس پر پہلے خود عمل کر کے دکھانا ہوگا۔

اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے ہمیں اپنی اصلاح کے اس بنیادی نقطہ کو سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

بچپن ہی سے اللہ تعالیٰ کی محبت اور دین کی عظمت دِلوں میں بٹھانے کی سعی:۔

دین اللہ تعالیٰ کی بے شمار عنایات میں سے بہترین عطا ہے جس کے ذریعے سے ہمیں اپنی زندگی سنوارنے کا موقع ملتا ہے لہٰذا بچپن ہی سے اللہ تعالیٰ کے اَن گنت احسانات کا ذکر کرتے ہوئے اس کی محبت بچوں کے دلوں میں بٹھانے کی کوشش کرنی چاہیے۔ بچوں کو بچپن میں دین سکھانے کی اہمیت کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے خطاب میں حضرت مصلح موعودؓ کے اس اقتباس سے اُجاگر فرمایا۔ اس کا کچھ حصہ پیشِ خدمت ہے:۔

''جو لوگ بچوں کو بچپن میں دین نہیں سکھاتے تو ان کے بچے بڑے ہو کر بھی دین نہیں سیکھتے، مگر مصیبت یہ ہے دنیا کے کاموں کے لیے جو عمر بلوغت کی سمجھی جاتی ہے، دین کے متعلق نہیں سمجھی جاتی۔''

اس اقتباس میں آگے چل کر حضور مزید فرماتے ہیں کہ

''جب تک عورتیں بھی مردوں کی ہم خیال نہ بن جائیں گی، بچے دین دار نہیں ہو سکیں گے، کیونکہ مرد ہر وقت بچوں کے ساتھ نہیں ہوتے۔ بچے ماؤں کے ہی پاس ہوتے ہیں اور دیکھا گیا ہے کہ دین دار مائیں بھی بچوں کو دین سکھانے میں سُستی کر جاتی ہیں۔ نماز کا وقت ہو جائے اور بچہ سو رہا ہو تو کہتی ہیں ابھی سو لے۔ پس جب تک ماؤں کے ذہن نشین نہ کریں کہ بچوں کو دینی تربیت بچپن میں ہی کی جا سکتی ہے اس وقت تک کامیابی نہیں ہو سکتی۔ پس پہلی نصیحت تو یہ ہے کہ بچوں کی دینی تربیت بچپن میں ہی کرو اور بچپن میں ہی ان کو دین سکھاؤ تاکہ وہ حقیقی دین دار بنیں۔'' (الازھار لذوات الخمار صفحہ ۱۲۷۔۱۲۸)

اس پہلو کو مدنظر رکھتے ہوئے جماعتِ احمدیہ کی تمام ذیلی تنظیموں کے عہدوں میں دین کو دنیا پر مقدم کرنے کا عظم موجود ہے تاکہ عمر کے ہر حصّے سے تعلق رکھنے والے مرد و زن میں یہ جذبہ ہمیشہ جاگزیں رہے۔ جبکہ اس کے برعکس عام طور پر یہ بات دیکھنے میں آتی ہے کہ ہم دنیوی تعلیم کے حُصول کے لیے تو ہر کوشش اور قربانی کرنے کے لیے تیار رہتے ہیں لیکن دینی تعلیم کے بارے میں مقابلتاً وہ سرگرمی نہیں دکھاتے جیسا کہ اُس کا حق ہے۔ نتیجتاً یہ صورتحال پیدا ہوتی ہے کہ جماعتی کلاسز یا باجماعت نمازوں میں حاضری کی جگہ بچے کا سکول ہوم ورک یا کلب میچ لے لیتا ہے۔ علاوہ ازیں مغربی دنیا میں تو مذہبی تہواروں مثلاً عید وغیرہ پر بھی اسکول میں حرج کی وجہ سے چھٹی نہیں کروائی جاتی۔ لہٰذا بہت ضروری ہے کہ والدین بچپن ہی سے اپنی اولاد میں دین کی محبت پیدا کریں۔ حضرت مصلح موعودؓ اپنی اس خواہش کو ان الفاظ میں بیان فرماتے ہیں:۔

تُم مُدبّر ہو کہ جرنیل ہو یا عالم ہو
ہم نہ خوش ہونگے کبھی تم میں گر اسلام نہ ہو

(کلامِ محمود)

آج کل کے دور میں جبکہ ہر قسم کا معاشرہ مادّیت میں گھرا ہوا ہے اور ہر طرف سے مختلف انواع و اقسام کی جدید ٹیکنیکل ایجادات نے بچوں کے ذہنوں کو جکڑ رکھا ہے

توان کونہایت احسن طریق پر پیار سے دین کے زیادہ قریب لانا ہوگا تا کہ وہ اس کے ذریعے اپنا بچاؤ کرسکیں۔اس دور کے بچے بہت ذہین ہیں ان کو اگر آسان مثالوں کے ذریعے دوستانہ ماحول میں کوئی بات بھی سمجھائی جائے تو ان کے لیے اس کو اختیار کرنا سہل ہو جاتا ہے دنیاوی زندگی میں دین کی اہمیت کو اس مثال کے ذریعے سمجھا جاسکتا ہے کہ ایک کشتی ہے جو سمندر کی لہروں پر رواں ہے اس کا سوار بادبانوں اور چپّوؤں کی مدد سے اُسے صحیح سمت کی جانب رواں رکھتا ہے آگے خطرہ محسوس ہونے پر اس کا رُخ موڑ لیتا ہے بوقت ضرورت اس کی رفتار تیز یا آہستہ کر لیتا ہے تو جو حیثیت ایک کشتی سوار کے لیے بادبانوں اور چپّو کی ہے وہی دنیاوی زندگی میں دین کی ہے۔جس طرح ایک کشتی اپنے سہاروں کے بغیر تند و تیز لہروں کی نظر ہو جاتی ہے بالکل اسی طرح انسان دین کے بغیر مادّیت کے سمندر میں غرق ہو جاتا ہے۔

گھر کا سازگار ماحول:۔

اولاد کی صحیح نہج پر تربیت کرنے کا ایک اور اہم تقاضا یہ ہے کہ ان کو گھر میں نہایت پاکیزہ اور سازگار ماحول فراہم کیا جائے یہ تب ہی ممکن ہوگا جب والدین ایک دوسرے کے حقوق ادا کر رہے ہوں گے، ایک دوسرے سے عزت سے پیش آرہے ہوں گے۔دیکھا گیا ہے کہ جن گھرانوں میں میاں بیوی ایک دوسرے کو وقت نہیں دیتے یا ایک دوسرے کے جذبات کا خیال نہیں رکھتے وہاں مسائل پنپنے لگتے ہیں۔شروع میں تو دونوں برداشت کرتے ہیں لیکن پھر رفتہ رفتہ ان کی یہ اُکتاہٹ اور چڑ چڑا پن کسی نہ کسی رنگ میں بچوں پر نکلنا شروع ہو جاتا ہے جس سے بچوں کی شخصیت پر بُرا اثر پڑتا ہے۔اگر دونوں فریق ایک دوسرے سے خوش اور مطمئن ہونگے تو وہ بچوں کی پرورش اور تربیت کے عمل کو بطریقِ احسن ادا کر سکیں گے۔لہٰذا چاہیئے کہ خاوند بیویوں کے جذبات کا خیال رکھیں اور بیویاں خاوندوں کی حقیقی اطاعت گزار اور خیر خواہ بنیں۔اگر کبھی کوئی اختلاف ہو بھی تو اس کو برداشت کریں اور ہر حالت میں اپنے ساتھی کا وقار بچوں کی نظر میں اونچا رکھیں محض اللہ کی خاطر کامل اطاعت کا جوا جو عورت بھی اپنی گردن پر رکھے گی، چاہے وہ اطاعت خدا کی ہو یا نیک مجازی خدا کی۔انشاءاللہ العزیز اس کو رحمٰن خدا کبھی مایوس نہیں کرے گا۔

بچوں سے عزت سے پیش آنا اور ان کی اخلاقی تعلیم وتربیت کا اہتمام:۔

تربیت اولاد کا ایک اور اہم اُصول یہ ہے کہ ان سے ہمیشہ عزت سے پیش آنے کے ساتھ ساتھ ان کی اچھی اخلاقی تعلیم وتربیت بھی کی جائے تا کہ وہ ایک بہتر اور مکمل شخصیت کے مالک بن سکیں۔ایک حدیث میں آتا ہے کہ حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضورﷺ نے فرمایا:

”اپنے بچوں سے عزت کے ساتھ پیش آؤ اور ان کی اچھی تربیت کرو۔“

(سنن ابن ماجہ ابواب الادب باب برالوالد)

اس حدیث کی تشریح میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز اپنے خطاب میں فرماتے ہیں:

”جہاں عزت سے پیش آؤ کا ارشاد ہے وہاں اچھی تربیت کا ارشاد بھی ساتھ ہی ہے۔اس کا مطلب یہ ہے کہ ہر بات میں سختی نہ کرو لیکن غلط کام پر بچوں کو سمجھاؤ بھی کیونکہ یہ تربیت کا حصہ ہے۔“حضور انور مزید فرماتے ہیں:

”بعض چھوٹی چھوٹی باتیں ہوتی ہیں جن کی طرف مائیں نظر ہی نہیں کرتیں۔توجہ ہی نہیں دیتیں اور یوں نظر انداز کر دیتی ہیں جیسے کوئی بات ہی نہ ہو۔مثلاً کسی کے گھر گئے ہیں، بچہ چیزیں چھیڑ رہا ہے یا چاکلیٹ یا کوئی اور کھانے کی چیز کھا کر پردوں یا صوفوں پر مَل رہا ہے، کرسیوں سے ہاتھ پونچھ رہا ہے ایسی صورت میں گھر والے دل ہی دل میں پیچ وتاب کھا رہے ہوتے ہیں کہ ماں کسی طرح اپنے بچوں کو اس حرکت سے روکے۔لیکن ماں اس کی طرف توجہ ہی نہیں دیتی ہیں اور دیکھنے کی روادار نہیں ہوتی، یا دیکھ کر نظریں پھیر لیتی ہے کہ اس وقت اگر میں نے اس کو کچھ کہا تو بچے کی عزت نفس کچلی جائے گی اور شرمندہ ہوگا۔یہ طریق بالکل غلط ہے۔“

اس کا حل حضور انور نے آگے چل کر ان الفاظ میں بیان فرمایا:

”ایسی باتوں پر مار دھاڑ کرنے کی ضرورت نہیں ہے لیکن چہرے پر ذرا سنجیدگی سی پیدا کر لینی چاہیئے تا کہ بچے کو یہ احساس ہو کہ میں نے غلط کام کیا ہے۔“

(اوڑھنی والیوں کے لیے پھول، جلد سوم حصہ اول، صفحہ ۱۷)

یہ تو چند مراتب تربیت ہیں جن کے اختیار کرنے سے ضرور فائدہ ہوتا ہے لیکن یہ بات بھی قابل غور ہے کہ اصل ہدایت تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہی ملتی ہے اس حوالے سے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا یہ اقتباس نہایت اثر انگیز اور جامع ہے:

”ہدایت اور تربیت حقیقی خدا کا فعل ہے۔سختی کرنا اور ایک امر پر اصرار کو حد سے گزار دینا، یعنی بات بات پر بچوں کو روکنا اور ٹوکنا یہ ظاہر کرتا ہے کہ گویا ہم ہی ہدایت کے مالک ہیں اور ہم اس کو اپنی مرضی کے مطابق ایک راہ پر لے آئیں گے یہ ایک قسم کا شرکِ خفی ہے۔اس سے ہماری جماعت کو پرہیز کرنا چاہیئے۔۔۔۔ہم تو اپنے بچوں کے لیے دُعا کرتے ہیں اور سرسری طور پر قواعد اور آداب تعلیم کی پابندی کراتے ہیں۔بس اس سے زیادہ نہیں۔اور پھر اپنا

پورا بھروسہ اللہ تعالیٰ پر رکھتے ہیں۔جیسا کسی میں سعادت کا تخم ہوگا وقت پر سرسبز ہو جائے گا۔'' (ملفوظات جلد اول، جدید ایڈیشن، صفحہ ۳۰۹)(بحوالہ اوڑھنی والیوں کے لیے پھول، جلد سوم حصہ اول صفحہ ۱۸)

نیک بزرگوں کے اندازِ تربیت سے استفادہ:

اولاد کی صحیح نہج پر تربیت کرنے کا ایک اور اہم تقاضا یہ ہے کہ نیک بزرگوں کے طریقِ تربیت سے استفادہ کیا جائے۔اس ضمن میں آخر میں خاکسار اس عظیم الشان شخصیت کے تربیتِ اولاد کے طریق بیان کرنا چاہتی ہے جن کی گود سے اُن وجودوں نے مثالی تربیت پائی جو بعد میں پھر تمام زمانے کے لیے قابلِ تقلید نمونہ بنے۔میری مراد حضرت اماں جان سیّدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہؓ سے ہے جنکی گود میں حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانیؓ، حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحبؓ، حضرت صاحبزادہ مرزا شریف احمد صاحبؓ، حضرت سیّدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ اور حضرت سیّدہ امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ جیسے نافع النّاس اور بابرکت وجودوں نے پرورش پائی۔

حضرت اماں جان کا اندازِ تربیت:

حضرت اُمّ المومنین سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہؓ اپنے بچوں کی کس طرح تربیت کیا کرتی تھیں۔اس بارہ میں اُن کی بیٹی سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ کا بیان ہے کہ اُصولِ تربیت میں مَیں نے اس عمر تک بہت مطالعہ عام وخاص لوگوں کا کر کے بھی حضرت والدہ صاحبہ سے بہتر کسی کو نہیں پایا۔

آپ نے دنیاوی تعلیم نہیں پائی۔بجز معمولی اردو خوانگی کے۔مگر آپ کے جو اصول اخلاق وتربیت ہیں ان کو دیکھ کر میں نے یہی سمجھا ہے کہ خاص خدا کا فضل اور خدا کے مسیح کی تربیت کے سوا اور کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ یہ سب کہاں سے سیکھا۔فرماتی ہیں کہ بچے پر ہمیشہ اعتبار اور پختہ اعتبار ظاہر کر کے اس کو والدین کے اعتبار کی شرم اور لاج ڈال دینا یہ آپ کا بہت بڑا اصولِ تربیت ہے۔پھر جھوٹ سے نفرت اور غیرت وغناء آپ کا اوّل سبق ہوتا تھا۔

ہم لوگوں سے بھی آپ ہمیشہ یہی فرماتی رہیں کہ بچے کو عادت ڈالو کہ کہنا مان لے۔پھر بے شک بچپن کی شرارت بھی آئے تو کوئی ڈر نہیں۔جس وقت بھی روکا جائے گا باز آجائے گا اور اصلاح ہو جائے گی۔فرماتیں کہ اگر ایک بار تم نے کہنا ماننے کی پختہ عادت ڈال دی تو پھر ہمیشہ اصلاح کی امید ہے۔یہی آپ نے ہم لوگوں کو سکھا رکھا تھا اور کبھی ہمارے گمان میں بھی نہیں آ سکتا تھا کہ ہم والدین کی عدم موجودگی میں بھی ان کے منشاء کے خلاف کر سکتے ہیں۔

حضرت اُمّ المومنین ہمیشہ فرماتیں تھیں کہ میرے بچے جھوٹ نہیں بولتے اور یہی اعتبار تھا جو ہمیں جھوٹ سے بچاتا بلکہ زیادہ متنفر کرتا تھا۔کہتی ہیں کہ مجھے آپ کا سختی کرنا کبھی یاد نہیں۔پھر بھی آپ کا ایک خاص رُعب تھا۔اور ہم بنسبت آپ کے حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے دنیا کے عام قاعدے کے خلاف زیادہ بے تکلف تھے۔یعنی ماں کی نسبت حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے زیادہ بے تکلفی تھی۔

بچوں کی تربیت کے متعلق ایک اُصول آپ یہ بھی بیان فرمایا کرتی تھیں کہ پہلے بچے کی تربیت پر اپنا پورا زور لگاؤ، دوسرے ان کا نمونہ دیکھ کر خود ہی ٹھیک ہو جائیں گے۔تو یہ کیسے زرّیں اصول ہیں جن پر عمل کرنے سے واقعی بچوں کی کایا پلٹ سکتی ہے۔(سیرت ام المومنین نصرت جہاں بیگم صاحبہ صفحہ ۳۹۳۔۳۹۶)۔(بحوالہ اوڑھنی والیوں کے لیے پھول، جلد سوم حصہ اول، صفحہ ۲۴۔۲۵)

قارئینِ کرام تربیت اولاد کے یہ وہ سنہری اصول ہیں جن کو خاندان حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام نے نسلاً بعد نسلاً اپنایا اور جن کے نقوش آج بھی ہمیں معزز افرادِ خانہ کی اعلیٰ تربیت کی صورت میں نظر آتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ سے دِلی دُعا ہے کہ وہ محض اپنے فضل سے ہماری تقصیرات معاف فرمائے۔ہماری نااہلیوں سے صرفِ نظر فرمائے اور نہایت احسن رنگ میں ہمیں ان تمام تقاضوں کو پورا کرنے اور ان سنہری اصولوں کو اپنانے کی توفیق عطا فرمائے۔اس ادنیٰ سی کاوش کی ذریعے خاکسار کو بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملا۔ اپنی بہت سی خامیوں سے آگاہی ہوئی جن کا احساس تو ہر وقت رہتا تھا لیکن مضمون کی صورت میں لوگوں کے ساتھ اس علم کو بانٹتے ہوئے یہ احساس شدت سے پیدا ہوا کہ آیا ان تحریر شدہ نکات پر میں خود بھی احسن رنگ میں عمل کر رہی ہوں؟ اس طرح سے ذاتی درستگی اور اصلاح کے نئے در کُھلے۔الحمدللہ علی ذالک۔آخر پر خاکسار ان اشعار پر اپنے مضمون کو ختم کرتی ہے۔

گناہوں سے بچالے ہم کو یارب
نہ ہونے پائے کوئی ہم سے تقصیر
وہی بولیں جو دل میں ہو ہمارے
خلافِ فعل ہو اپنی نہ تقریر

(از کلامِ محمود)

تربیت اولاد اور ماں

شمیفہ ظہیر۔(ڈبلن ۔ ایسٹ جماعت)

رسالہ مریم کے اس شمارہ کا عنوان ”تربیت اولاد“ منتخب کیا گیا ہے جو کہ ایک انتہائی توجہ طلب اُمر اور ہماری زندگیوں کا بہت بنیادی اور اہم حصہ ہے۔ اگر ہم اس کی احسن طریق پر ادائیگی کر پائے تو اس دنیا اور آخرت دونوں میں سرخرو ہو سکتے ہیں۔

بچوں کی تربیت کا جب بھی اور جہاں بھی ذکر آتا ہے تو سب کی توجہ ماں پر جاتی ہے عورت پر گھریلو امور کے بجالانے نیز بچوں کی تربیت کے حوالے سے مردوں کی نسبت زیادہ ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں، گوکہ مردوں کے سپرد بھی بہت اہم ذمہ داریاں ہیں لیکن تربیت اولاد کا پہلو اتنا نازک اور اہم ہے اور اس کا اثر بھی اتنا گہرا اور وسیع ہے کہ جو عورت اس ذمہ داری کو کامیابی کے ساتھ ادا کرے تو اس کی یہ کاوش قوم کے لیے باعثِ عزّت وافتخار ہوگی۔

خاکسار نے اس وسیع مضمون کو قرآن وحدیث اور ارشادات حضرت مسیح موعودؑ و خلیفۃ المسیح کے ذریعہ سے بیان کرنے کی ایک حقیرسی کوشش کی ہے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ مومنوں کو مخاطب کر کے فرماتا ہے:

یٰا یھاا لذین ا منوا اتقوا اللہ و لتنظر نفس ما قدمت لغدج و اتقوااللہ ان اللہ خبیر بما تعملون ۔(الحشر:۱۹)

ترجمہ: اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور ہر جان یہ نظر رکھے کہ وہ کل کے لئے کیا آگے بھیج رہی ہے اور اللہ کا تقویٰ اختیار کرو۔ یقیناً اللہ اس سے جو تم کرتے ہو ہمیشہ باخبر رہتا ہے۔

اس آیت میں بھی بہت وسیع مضمون آجاتا ہے اور ایک طرح سے دیکھیں کہ جب تک بچوں کو نہ سنبھالا جائے اور اگلی نسل کی تربیت نہ کی جائے تو آئندہ کے متعلق کوئی یقینی بات نہیں کی جاسکتی۔

اسلامی نقطہ نظر بھی یہی ہے کہ بچوں کی نیک رنگ میں تربیت کے لئے ماں کا نیک ہونا بہت ضروری ہے اسی اہم ضرورت کے پیش نظر آنحضرت ﷺ نے شریک حیات کے انتخاب کے لیے مردوں کو ان الفاظ میں نصیحت فرمائی:

تَنکِحُ المراۃ لاربع لما لھا و لحسبھا ولجمالھا ولدینھا فاظفر بذات الدین تربت یداکَ.

”یعنی بیوی کا انتخاب چار باتوں سے کی وجہ سے کیا جاتا ہے بعض لوگ مال و دولت کی بناء پر بیوی کا انتخاب کرتے ہیں، بعض حسب ونصب پر اپنے انتخاب کرتے ہیں۔ بعض حسن وجمال کو دیکھتے ہیں اور بعض دین اور اخلاق کے پہلو کو مقدم کرتے ہیں۔ مگر اے مردِ مومن تو اخلاق اور دین کے پہلو کو، مقدم کر ورنہ تیرے ہاتھ ہمیشہ خاک آلود رہیں گے۔“

(بخاری کتاب النکاح باب النکاح فی الدین بحوالہ اچھی مائیں تربیت اولاد کے دس سنہری گُر صفحہ ۷)

مندرجہ بالا حدیث سے واضح ہوتا ہے کہ ایک با اخلاق اور دیندار بیوی نہ صرف اپنے خاوند کے لئے ہی خوشی اور راحت کا موجب ہوگی بلکہ وہ اپنی اولاد کی تربیت کے حق کو بھی بطریق احسن پورا کرنے والی ہوگی لہٰذا دونوں متذکرہ امور کی ادائیگی سے اُس کا گھر حقیقتاً جنت کا نمونہ بن جائے گا۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ”خدا مردوں میں سے زندے پیدا کرتا ہے اور زندوں میں سے مردے پیدا کرتا ہے۔“ (الرّوم:۲۱)

اب یہ ایک ایسا پہلو ہے جو کئی بار ہماری زندگیوں میں نظر آتا ہے اس کی تشریح حضرت مرزا بشیر احمدؓ نے کچھ اس طرح بیان فرمائی ہے کہ بعض اوقات اچھے ماں باپ کے گھر میں برے بچے بھی جنم لے لیتے ہیں اور بعض اوقات برے ماں باپ کے بچے نیک ہو جاتے ہیں لیکن میرے خیال میں تو اس کے پیچھے بھی کچھ نہ کچھ محرکات ضرور ہوتے ہیں بہرحال عام قاعدہ یہی ہے کہ نیک اولاد پیدا کرنے اور اولاد کو اچھی تربیت دینے کی جو اہلیت ایک نیک ماں رکھتی ہے وہ ہرگز ایک بے دین ماں کو حاصل نہیں ہوتی اچھی ماؤں کی نگرانی میں پرورش پانے والے بچے اُن کے نیک اعمال سے قدرتی طور پر اثر لے رہے ہوتے ہیں اس کی ایک مثال حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ کے اس فرمان سے واضح ہوتی ہے۔ آپؒ فرماتے ہیں:

”وہ بچہ جب ماں باپ کو مسکراتے دیکھ رہا ہوتا ہے تو بعض دفعہ ماں باپ کی مسکراہٹ کی جھلک بلاارادہ اس کی مسکراہٹ میں اس طرح داخل ہو جاتی ہے کہ وہ بڑھاپے تک قائم رہتی ہے ماں باپ کے باتیں کرنے کا طریق، ان کے غصے کا اظہار کیسے ہوتا ہے، وہ خوش کیسے ہوتے ہیں۔ یہ ساری وہ چیزیں ہیں جو بچہ قبول کر رہا ہے لیکن ارادہ کے ساتھ نہیں کر رہا اور چونکہ ارادے کے ساتھ نہیں کر رہا اس

لئے ایک طبعی فطری عمل کے طور پر چیزیں اس کے اندر داخل ہو رہی ہیں ۔ جو چیزیں اس دور میں طبعی فطری عمل کے طور پر اس کے اندر داخل ہو جائیں بعد میں ان کو بلا رادہ طور پر ڈھال لینا اور ان کو زیادہ خوبصورت بنا دینا یہ ممکن ہے لیکن جو اس عمر میں اس کے اندر داخل ہی نہ ہوئی ہیں وہ خلا ہیں جو پھر بعد میں بھرے نہیں جاسکتے۔'' (خطاب فرمودہ 19 دسمبر 1986)

اسی بارہ میں حضوؒر مزید فرماتے ہیں:

''بہت سی ایسی مائیں ہیں جو ہر قسم کی بدیوں میں مبتلا ہیں مگر اپنی اولاد کو اچھا دیکھنا چاہتی ہیں، ان کے اندر روشنی دیکھنا چاہتی ہیں ۔ یہ وہ تضاد ہے جس سے وہ خود باخبر نہیں ہوتیں ۔ اگر ان کی اولاد کے لئے وہ صفات حسنہ اچھی ہیں تو ان کی اپنی ذات کے لئے کیوں اچھی نہیں اور جو ان کی ذات کے لئے اچھی نہیں وہ ان کی اولاد کے لئے بھی اچھی نہیں ہوسکتیں ۔ان معنوں میں ان کی اولاد جانتی ہے کہ ماں کا دل کہاں ہے اور اسے دھوکہ نہیں دیا جا سکتا ۔ آپ کی تمنائیں جو رُخ بھی اختیار کریں گی وہ آپ کی زبان کی جو کسی اور رخ پر جا رہی ہے کوئی پرواہ نہیں کرے گی ۔'' (حوّا کی بیٹیاں اور جنت نظیر معاشرہ صفحہ ۲۱)

حضوؒر کے ان ارشادات سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ بچہ ہماری ہر حرکت ہر عادت اور ہمارے ہر عمل سے کچھ نہ کچھ سیکھ رہا ہوتا ہے اور اسی طرح ڈاکٹرز کے مطابق تو سات سال تک اور بعض تو اس دورانیہ کو 10 سال پر بھی محیط کرتے ہیں ان کا ماننا ہے کہ اس دوران بچے کی جو شخصیت بنی ہو وہ بن جاتی ہے اس طرح ہمارے خلفاء کا بھی یہی کہنا ہے کہ شروع میں ہی جو چیزیں ڈالیں وہ ڈل جاتی ہیں لیکن بعد کی پختہ عمر میں آپ چاہ کر بھی ان چیزوں کو تبدیل نہیں کر سکتے جیسے کہ اگر آپ کسی چیز کو سانچے میں ڈھالتے ہیں تو جیسے چاہے ڈھال سکتے ہیں لیکن بعد میں جب وہ ڈھل جاتی ہے یا پک کر تیار ہو جاتی ہے تو اس میں کوئی تبدیلی نہیں کر سکتے کیونکہ اگر آپ ایسا کرنے کی کوشش بھی کریں گے تو چیز ٹوٹ جائے گی ۔

ماں کی نیکی کے بعد خود اولاد کی تربیت کا سوال پیدا ہوتا ہے اور اس ضمن میں آنحضرت ﷺ نے تاکیداً ارشاد فرمایا ہے کہ بچہ کے پیدا ہوتے ہی اس کے کان میں پہلی آواز اذان کی پہنچاؤ کیونکہ اذان کے الفاظ میں اسلام کی تعلیم کا خلاصہ آجاتا ہے آپ ﷺ کے اس مبارک ارشاد میں واضح اشارہ ہے کہ بچے کی تربیت اس کی پیدائش کے ساتھ ہی شروع ہو جاتی ہے ۔ایک روایت میں آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

''جب انسان مرجاتا ہے تو اس کا عمل ختم ہوجاتا ہے مگر تین قسم کے اعمال ایسے ہیں کہ ان کا ثواب مرنے کے بعد بھی ملتا رہتا ہے ایک یہ کہ وہ صدقہ جاریہ کر جائے ، یا ایسا علم چھوڑ جائے جس سے لوگ فائدہ اٹھائیں، تیسرے نیک اولاد جو اس کے لئے دعائیں کرتی رہے ۔'' (صحیح مسلم)

اور جب بچے کی بلا واسطہ تربیت کا زمانہ شروع ہوتا ہے تو اس کے لئے قرآن کریم ایمانی اور عملی تربیت کا مکمل ضابطہ ہے جس کی عملی تفسیر رسول خدا ﷺ کی سنت اور قولی تشریح احادیث سے ملتی ہے اور اسی کے احیاء اور تجدید کے لئے حضرت مسیح موعود علیہ السلام مبعوث ہوئے ۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام تربیت اولاد سے متعلق فرماتے ہیں:

''لوگ اولاد کی خواہش تو کرتے ہیں مگر نہ اس لئے کہ وہ خادمِ دین ہو ۔ بلکہ اس لئے کہ دنیا میں ان کا کوئی وارث ہو اور جب اولاد ہوتی ہے تو اس کی تربیت کا فکر نہیں کیا جاتا ۔ نہ اس کے عقائد کی اصلاح کی جاتی ہے اور نہ اخلاقی حالت کو درست کیا جاتا ہے ۔ یہ یاد رکھو کہ اس کا ایمان درست نہیں ہوسکتا جو اقرب تعلقات کو نہیں سمجھتا جب وہ اس سے قاصر ہے تو اور نیکیوں کی امید اس سے کیا ہو سکتی ہے؟ اللہ تعالیٰ نے اولاد کی خواہش کو اس طرح پر قرآن کریم میں بیان فرمایا ہے ۔ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا. (الفرقان:۷۵)

یعنی خدا تعالیٰ ہم کو ہماری بیویوں اور بچوں سے آنکھ کی ٹھنڈک عطا فرمائے اور یہ تبھی میسر آسکتی ہے کہ وہ فسق و فجور کی زندگی بسر نہ کرتے ہوں ۔عبادالرحمٰن کی زندگی بسر کرنے والے ہوں اور خدا کو ہر شے پر مقدم کرنے والے ہوں ۔ اور اس آیت میں آگے کھول کر کہہ دیا اولاد اگر نیک اور متقی ہو تو ان کا امام ہی ہوگا اس سے گویا متقی ہونے کی بھی دعا ہے ۔''

(الحکم جلد نمبر 35 مورخہ 24 ستمبر 1901 صفحہ 10-12 ملفوظات جلد اوّل صفحہ 56-562 جدید ایڈیشن)

یہ ہیں وہ معیار جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام ہم احمدیوں کی اولادوں میں دیکھنا چاہتے ہیں اور اس کے لئے آپ نے اس قرآنی حکم کے مطابق اولاد کو ڈھالنے کے لئے تربیت اور دعا پر بہت زور دیا ۔

تربیت اولاد سے متعلق حضرت اماں جانؓ کا نمونہ مثالی تھا سیرت حضرت اماں جان میں سے چند نصائح پیش خدمت ہیں ۔

''بچوں کی تربیت کا پہلا اصول یہ تھا کہ بچے پر مکمل اعتماد ظاہر کر کے ماں ، باپ کے اعتبار کا بھرم رکھنا ، جھوٹ سے نفرت ، غیرت دکھانا اور روپے پیسے اور دنیاوی

چیزوں کی پرواہ نہ کرنا آپ کا پہلا سبق ہوتا تھا۔آپؓ فرماتی ہیں کہ بچے میں یہ عادت ڈالو کہ وہ کہنا مان لے۔پھر بے شک بچپن کی شرارت بھی آئے تو کوئی حرج نہیں جس وقت بھی روکا رک جائے گا۔اگر ایک بار تم نے کہنا ماننے کی عادت ڈال دی تو پھر ہمیشہ اصلاح کی امید رہے گی۔'' (سیرت حضرت اماّں جان از صاحبزادی امتہ الشکور صفحہ ۲۸)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے امریکہ میں 20 جون 1997ء میں اپنے خطبہ میں بچوں کی تربیت کے سنہرے اصول بیان کرتے ہوئے فرمایا:

''بچپن میں ہی بچوں کی صحیح تربیت کرو ورنہ بعد میں یہ ہاتھ سے نکل جائیں گے۔تو پہلی تربیت کا وقت بچپن کا آغاز ہے اور اس وقت کی تربیت ایسی ہے جو ہمیشہ کے لئے آئندہ زندگی کی بنیادیں قائم کرتی ہے۔بچوں سے ہر قسم کی پیار کی باتیں تو ہوتی ہیں ان کی خواہشات کا خیال رکھا جاتا ہے مگر بچپن سے ان کو نیکی پر قائم کرنے کی طرف توجہ نہیں دی جاتی اس لئے سب سے اہم بات اس ماحول میں جیسا کہ دوسرے ماحول میں بھی بہت ہی اہم ہے لیکن خصوصیت کے ساتھ جماعت کو اس طرف توجہ دینی چاہئے کہ بچوں سے ایسی باتیں کریں جو اللہ اور رسول ﷺ اور نیک لوگوں کی محبت پیدا کرنے والی باتیں ہوں اور ان کو نیکی کی اقدار سمجھائیں۔'' (خطبہ فرمودہ 20 جون 1997ء)

اسی طرح تربیت اولاد کے ضمن میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:''بچپن سے ہی سچ سے محبت اور جھوٹ سے نفرت ہو ہلکا سا مذاق بھی، جو جھوٹ کی طرف لے جانے والا ہو بچوں سے نہیں کرنا چاہئے پھر ایک بہت بڑی بات بچوں کیلئے خوش مزاجی ہے تو ماں باپ خیال رکھیں کہ کس طرح ان کی تربیت کرنی ہے بلاوجہ بچوں کو ضدی نہ بنائیں اور سب سے اہم بات ہے کہ بچوں کو پانچ وقت نمازوں کی عادت ڈالیں........اور اس کے لئے سب سے بڑا والدین کا اپنا نمونہ ہے اگر وہ خود نمازی ہوں گے تو بچے بھی نمازی بنیں گے۔نہیں تو صرف ان کی کھوکھلی نصیحتوں کا بچوں پر کوئی اثر نہیں ہوگا'' (مشعلِ راہ جلد پنجم حصہ اوّل صفحہ ۲۰)

پس ان تمام ارشادات اور قرآن وحدیث کی رو سے یہ بات تو واضح ہو جاتی ہے کہ ماں ہی اصل میں تربیت کی ذمہ دار ہے۔پس اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ وہ ہمیں ان تمام ہدایات اور ارشادات پر عمل کرنے کی توفیق عطاء فرمائے جن کی مدد سے ہم اپنی زندگی کے اس اہم مقصد کو پاسکیں اور اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے ہماری اولاد کو نیک اور خادمِ دین بنائے۔آمین۔

اقوالِ زرّیں

۱۔ خدا کی خوشنودی ایمان کا ثمر ہے۔

۲۔ خدا سے سوداگری کر خوب نفع کماؤ گے۔

۳۔ خدا کی نعمتوں کا بے موقع اور نامناسب مصرف ناشکری ہے۔

۴۔کسی برائی کو معمولی سمجھ کر اختیار نہ کرو۔ممکن ہے اس سے خدا روٹھ جائے۔

۵۔خدا کے نزدیک زیادہ عزت والا وہ ہے جو زیادہ پرہیز گار ہے۔(حضور اکرم ﷺ)

۶۔جس کو لوگوں پر رحم نہ آیا خدا اس پر رحم نہ کرے گا۔(حضور اکرم ﷺ)

۷۔روپے کی خدا کے یہاں عزت نہیں۔(حضور اکرم ﷺ)

۸۔اگر کوئی تم پر احسان کرے تو پہلے حق کا شکریہ ادا کرو پھر اس کا کیونکہ خدا نے اسے تم پر مہربان کیا ہے۔(حضرت بایزید بسطامیؒ)

۹۔خدا کی جستجو عرش پر کی جاتی ہے۔آسمان والے زمین پر تلاش کرتے ہیں اور شکستہ دل بندے کو ڈھونڈتے ہیں کیونکہ خدا نے فرمایا ہے کہ عرش پر چھار ہا ہوں اور رسول نے کہا کہ مومن کا دل ہی عرش ہے۔جوان بوڑھوں سے بوڑھے جوانوں سے خدا کی بابت امید رکھتے ہیں کہ ان سے سراغ ملے۔(حضرت بایزید بسطامیؒ)

۱۰۔سب سے بڑا خطا وار وہ شخص ہے جو دوسروں کی برائیاں بیان کرتا پھرے۔

۱۱۔دوسروں کی بدخواہی چاہنے والا شخص دنیا میں کبھی خوش نہیں رہ سکتا۔

۱۲۔غصہ کرنے سے جہالت پیدا ہوتی ہے اور جہالت سے حافظہ کمزور ہو جاتا ہے۔

۱۳۔جھوٹ تمام گناہوں کی ماں ہے ایک جھوٹ کو چھپانے کے لیے سَو جھوٹ بولنے پڑتے ہیں۔

۱۴۔جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آجاؤ اور رزق کا کوئی راستہ نہ نکلے تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو۔ (حضرت علیؓ)

۱۵۔کسی پر ظلم اور زیادتی نہ کرو۔

۱۶۔اپنے سوا کسی کو بھیدی نہ بناؤ کیونکہ دوسرے تمہاری تباہی میں کوتاہی نہ کریں گے۔

۱۷۔جب لوگوں پر فیصلہ کرو تو عدل وانصاف سے فیصلہ کرو۔

۱۸۔توکل کرنا مومنوں کا فرض ہے اور اللہ ان لوگوں کی مدد کو یقیناً پہنچتا ہے۔

۱۹۔کارخانہ قدرت میں فکر کرنا بھی عبادت ہے۔(حضرت علیؓ)

۲۰۔ادب بہترین کمالات اور خیرات افضل ترین عبادت ہے۔(حضرت علیؓ)

۲۱۔اسلام ایک مکمل ضابطۂ حیات ہے۔

مرسلہ: ثانیہ احسن۔ڈبلن

پانچ بنیادی اخلاق اور تربیت اولاد

شازیہ مظفر (ڈبلن جماعت)

تربیت اولاد میں ماں کا کردار ان پانچ اہم بنیادی اخلاق کے گرد گھومتا ہوا نظر آتا ہے جو بنیادی اخلاق حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ ہر احمدی بچے کے اندر دیکھنا چاہتے تھے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ فرماتے ہیں کہ

''مذہبی قومیں بغیر اخلاقی تعمیر کے تعمیر نہیں ہوسکتیں اور یہ تصور بالکل باطل ہے کہ انسان بداخلاق ہو اور باخدا ہو۔۔۔۔۔مذہبی قوموں کی تعمیر میں دو باتیں بہت ہی بڑی اہمیت رکھتی ہیں اور انہی کے گرد سارا فلسفۂ حیات گھومتا ہے۔ یعنی بندے سے تعلق اور خدا سے تعلق۔ ان دونوں تعلقات میں (دین حق) نے بہت ہی وسیع تعلیمات دی ہیں اور بہت ہی بلند منصوبے پیش کئے ہیں لیکن ان منصوبوں پر عمل تبھی ممکن ہے جب ان کے ابتدائی حصوں پر خصوصیت سے توجہ دی جائے صبر کے ساتھ بنیادیں تعمیر کی جائیں، پھر خدا تعالیٰ کے فضل سے توقع رکھی جائے کہ ان بنیادوں پر عظیم الشان عمارتیں تعمیر ہوں گی''۔

(مشعل راہ جلد سوم، ۲۴ نومبر ۱۹۸۹ صفحہ ۴۵۹، ۴۶۱)

ماں کی گود ہی بچے کی پہلی درسگاہ ہے اگر درسگاہ اچھی ہوگی تو اس میں پرورش پانے والا بچہ عمدہ اخلاق و عادات کا حامل ہوگا۔ ہمیں اس راہنما اصول کو اپناتے ہوئے بنیادی بات یعنی اس گود کی طرف توجہ دینی ہوگی جس میں یہ ننھی کونپلیں پرورش پا کر گھنے اور سایہ دار درخت بنیں گی۔ اسی اصول کے تحت بچوں کی تربیت کے حوالے سے حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے پانچ بنیادی اخلاق کے لئے خصوصی تحریک چلائی۔ جس میں سب سے پہلا اور بنیادی رکن سچائی ہے۔

سچائی

لفظ سچائی صدق سے نکلا ہے جس کے معانی سچ بولنا اور اپنے وعدے کو پورا کرنا ہے۔ خدا تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے

وَالَّذِی جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِہٖٓ اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُتَّقُوْنَ

(الزمر: ۳۴)

''اور ہر وہ شخص جو خدا تعالیٰ کی طرف سے سچی تعلیم لائے اور ہر وہ شخص جو ایسی تعلیم کی تصدیق کرے ایسے لوگ ہی متقی ہوتے ہیں''۔

ایک اور جگہ فرمایا!

یٰٓاَیُّھَا الَّذِینَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَکُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ (التوبۃ: ۱۱۹)

''اے مومنو! اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور صادقوں کی جماعت میں شامل ہو جاؤ''

ان ارشادات سے ثابت ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ کو سچائی کا وصف پسند ہے۔ سچائی پر قائم رہنا اور جھوٹ کے خلاف جہاد کرنا بہت بڑی نیکی ہے۔ اِسی طرح آنحضرت ﷺ نے فرمایا: اَلصِّدقُ یُنجِی وَالکِذبُ یُھلِکُ۔

''یعنی سچائی نجات دیتی ہے جبکہ جھوٹ ہلاک کر دیتا ہے۔'' (بخاری)

حضرت ابن مسعودؓ بیان کرتے ہیں کہ:

''آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ سچائی نیکی کی طرف لے جاتی ہے اور نیکی جنت کی طرف لے جاتی ہے۔ اور جو انسان ہمیشہ سچ بولے اللہ کے نزدیک وہ صدیق لکھا جاتا ہے اور جھوٹ گناہ کی طرف اور گناہ جہنم کی طرف لے کر جاتا ہے اور جو آدمی ہمیشہ جھوٹ بولے وہ اللہ کے ہاں کذّاب لکھا جاتا ہے۔''

(مسلم کتاب البر والصلۃ) بحوالہ تشحیذ الاذہان اپریل ۲۰۱۰ صفحہ ۲۲)

آج دنیا میں جتنی بدی پھیلی ہوئی ہے اس میں خرابی کا سب سے بڑا عنصر جھوٹ ہے۔ جب تک بچپن سے سچ بولنے کی عادت نہ ہو بڑے ہو کر سچ کی عادت ڈالنا مشکل ہو جاتا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ فرماتے ہیں کہ

''بچپن ہی سے سچ کی عادت ڈالنا اور مضبوطی سے اپنی اولادوں کو سچ پر قائم کرنا نہایت ضروری ہے۔

نیز آپ فرماتے ہیں ''کسی قیمت پر بھی ان کے جھوٹے مذاق کو بھی برداشت نہ کریں۔ یہ کام اگر مائیں کر لیں تو باقی مراحل جو ہیں قوم کے لیے بہت ہی آسان ہو جائیں گے اور ایسے بچے جو سچے ہوں وہ اگر بعد میں لجنہ کی تنظیم کے سپرد کیے جائیں تو ان سے وہ ہر قسم کا کام لے سکتے ہیں۔''

(مشعل راہ جلد سوم، ۲۴ نومبر ۱۹۸۹ صفحہ ۴۶۲)

یہ بات بالکل سچ ہے کہ انسان اگر بغیر چاہے بھی ایک جھوٹ ہی بول دے تو اسے چھپانے کے لیے کئی ایک جھوٹ اور بولنے پڑتے ہیں اور آخر کار فائدہ حاصل کرنے کی بجائے نقصان اٹھانا پڑتا ہے جبکہ شرمندگی الگ ہوتی ہے اس لیے یہ کہنا

کہ مجھے مجبوراً جھوٹ بولنا پڑا بالکل غلط ہے کیونکہ حضرت مسیح موعودعلیہ السلام سے بیعت کا دعویٰ کرنے کے بعد، جھوٹ سے نفرت کرنے کا وعدہ کرنے کے بعد، بے احتیاطی کا مطلب ہے کہ ہم یہ خیال کررہے ہیں کہ شاید جھوٹ بول کر اللہ تعالیٰ کو دھوکہ دے سکتے ہیں۔نعوذ باللہ۔اس لیے بہت خوف کا مقام ہے،بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔حضرت مسیح موعودعلیہ السلام فرماتے ہیں کہ

''یقیناًیاد رکھو! جھوٹ جیسی کوئی منحوس چیز نہیں۔عام طور پر دنیادار کہتے ہیں کہ سچ بولنے والے گرفتار ہوجاتے ہیں مگر میں کیوں کر اس کو باور کروں؟ مجھ پر سات مقدمے ہوئے ہیں اور خدا تعالیٰ کے فضل سے کسی ایک میں بھی ایک لفظ بھی مجھے جھوٹ کہنے کی ضرورت نہیں پڑی۔کوئی بتائے کہ کسی ایک میں بھی خدا تعالیٰ نے مجھے شکست دی ہو۔اللہ تعالیٰ تو آپ کی سچائی کا حامی و مددگار ہے۔جو شخص سچائی کو اختیار کرے گا کبھی نہیں ہوسکتا کہ ذلیل ہو اس لیے کہ وہ خدا تعالیٰ کی حفاظت میں ہوتا ہے اور خدا تعالیٰ کی حفاظت جیسا کوئی اور مضبوط قلعہ اور حصار نہیں۔'' (ملفوظات جلد۴ صفحہ ۶۳۹۔۶۳۸)

گامزن ہو گے رہِ صدق و صفا پر گر تم
کوئی مشکل نہ رہے گی جو سرانجام نہ ہو

(کلامِ محمود)

حضرت خلیفۃ المسیح الاوّلؓ فرماتے ہیں۔

''تم جانتے ہو کہ برسات میں جب آم کی گٹھلیاں زمین میں اُگ آتی ہیں تو بچے اُکھیڑ کر اس کی پیپیاں بناتے ہیں لیکن اگر اس آم کی گٹھلی پر پانچ برس گزر جائیں تو باوجودیکہ یہ لڑکا بھی پانچ چھ برس گزرنے پر جوان اور مضبوط ہوجائے گا لیکن پھر اس کا اکھیڑنا دشوار ہوجائے گا۔پس معلوم ہوا کہ جب تک جڑ زمین میں مضبوطی کے ساتھ نہ گڑ جاوے اس وقت تک اُکھیڑنا آسان ہے۔اور جڑ مضبوط ہوجانے کے بعد دُشوار عادات وعقائد بھی درخت کی طرح ہوتے ہیں۔بُری عادات کا اب اُکھیڑنا آسان ہے لیکن جڑ پکڑنے کے بعد انہیں اُکھیڑنا یعنی ترک کرنا ناممکن ہوگا۔بعض بچوں کو جھوٹ بولنے کی عادت ہوتی ہے اگر شروع سے ہی اس کو دور نہ کروگے تو پھر اس کا دور ہونا مشکل ہوگا۔ہم نے دیکھا ہے کہ جن کو بچپنے میں جھوٹ کی عادت پڑگئی ہے پھر عالم فاضل ہوکر بھی ان سے جھوٹ کی عادت نہیں چھٹی ہے۔'' (بدر ۲۸ جنوری ۱۹۰۸ء بحوالہ کونپل)

نرم اور پاک زبان کا استعمال

تربیت کا دوسرا اور بہت اہم پہلو نرم اور پاک زبان کا استعمال اور ایک دوسرے کا ادب کرنا ہے۔اعلیٰ اخلاق کی بہترین پرورش میں ہمارا طرزِ کلام بہت اہم کردار ادا کرتا ہے۔اگر ہم اپنی زبان سے سخت اور ناپسندیدہ الفاظ نکالیں گے تو ہماری بات سننے والا کوئی نہ ہوگا اور لوگ ہم سے نفرت کریں گے اور اگر ہم ملنے والے سے ہنستے اور مسکراتے چہرے کے ساتھ ہم کلام ہوں گے نرم اور اچھی گفتگو کریں گے تو سب ہماری باتیں غور سے سنیں گے اور عمل کریں گے۔

ہمارے پیارے نبی محمد مصطفیﷺ نے بھی اور حضرت مسیح موعودعلیہ السلام نے بھی اسی نرم اور پاک زبان سے ہی لوگوں کے دلوں کو تسخیر کیا۔آنحضرتﷺ ہر ایک سے محبت اور خوش خلقی سے پیش آتے اور بعض دفعہ مخالفین کے سخت بدکلامی کرنے کے باوجود انہیں معاف فرمادیتے اور ان کے لیے ہدایت کی دُعا کرتے۔آپﷺ فرماتے ہیں کہ اگر تم اپنے ملنے والوں کو مسکراتے ہوئے چہرے سے مل کر ان کے دل خوش کرو تو یہ بھی ایک نیک خلق ہوگا اور تمہارے لیے ثواب کا موٗجب ہو گا۔

حضرت مسیح موعودعلیہ السلام کے دعویٰ کے وقت بہت سے لوگوں نے آپ کو گالیاں دیں اور بدخلقی سے پیش آئے مگر آپؑ کا صبر حیرت انگیز تھا۔کبھی کسی سے سختی نہیں کی اور نہ ہی جھڑکا۔آپؑ نے ایک دفعہ گالیاں سُن کر جواباً فرمایا!

''گالیاں دیتے ہیں اس کی تو مجھے پرواہ نہیں ہے بہت سے خطوط گالیوں کے آتے ہیں جن کا مجھے محصول بھی دینا پڑتا ہے اور کھولتا ہوں تو گالیاں ہوتی ہیں۔اشتہاروں میں گالیاں دی جاتی ہیں۔اب تو کھلے لفافوں پر گالیاں لکھ کر بھیج دیتے ہیں۔مگر ان باتوں سے کیا ہوتا ہے اور کیا خدا کا نور کہیں بجھ سکتا ہے؟ ہمیشہ نبیوں، راستبازوں کے ساتھ ناشکروں نے یہی سلوک کیا۔میں بنی نوع انسان کا حقیقی خیرخواہ ہوں۔جو مجھے دشمن سمجھتا ہے وہ خود اپنی جان کا دشمن ہے۔'' (ملفوظات جلد ۳ صفحہ ۱۲۶ بحوالہ لباس التقویٰ)

آپؑ فرماتے ہیں کہ

گالیاں سُن کر دُعا دو پا کے دُکھ آرام دو
کبر کی عادت جو دیکھو تم دکھاؤ انکسار (دُرِّثمین)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ فرماتے ہیں:

''نرم اور پاک زبان کا استعمال کرنا اور ادب کرنا یہ بظاہر چھوٹی سی بات ہے۔ابتدائی چیز ہے۔لیکن جہاں تک میں نے جائزہ لیا ہے وہ سارے جھگڑے

جو جماعت کے اندرنجی طور پر پیدا ہوتے ہیں یا ایک دوسرے سے تعلقات میں پیدا ہوتے ہیں ان میں جھوٹ کے بعد سب سے بڑا دخل اس بات کا ہے کہ بعض لوگوں کو نرم خوئی کے ساتھ کلام کرنا نہیں آتا، ان کی زبان میں درشتگی پائی جاتی ہے۔ان کی باتوں اور طرز میں تکلیف دینے کا ایک رجحان پایا جاتا ہے جس سے بسا اوقات وہ باخبر ہی نہیں ہوتے جس طرح کانٹے دکھ دیتے ہیں ان کو پتہ نہیں کہ ہم کیا کر رہے ہیں اسی طرح بعض لوگ روحانی طور پر سوکھ کر کانٹے بن جاتے ہیں اور ان کی روزمرّہ کی باتیں چاروں طرف دکھ بکھیر رہی ہوتی ہیں۔''

نیز فرمایا:

''گھر میں بچے جب آپس میں ایک دوسرے سے کلام کرتے ہیں۔اگر وہ آپس میں ادب اور محبت سے کلام نہ کریں۔اگر چھوٹی چھوٹی بات پر تُوتُو مَیں مَیں اور جھگڑے شروع ہو جائیں تو آپ یقین جانئے کہ آپ ایک گندی نسل پیچھے چھوڑ کر جانے والے ہیں ایک ایسی نسل پیدا کر رہے ہیں جو آئندہ زمانوں میں قوم کو تکلیفوں اور دکھوں سے بھر دے گی اور آپ اس بات کے ذمہ دار ہیں ان کی آنکھوں کے سامنے ان بچوں نے ایک دوسرے سے زیادتیاں کیں، سختیاں کیں اور بدتمیزیاں کیں اور آپ نے ان کو ادب سکھانے کی طرف کوئی توجہ نہ کی اور یہی نہیں ایسے بچے پھر ماں باپ سے بھی بدتر ہوتے چلے جاتے ہیں۔اور جن ماں باپ کے بچوں کی تعزیر کے لیے جلد ہاتھ اُٹھتے ہیں ان کے بچوں کے پھر ان پر ہاتھ اُٹھنے لگتے ہیں۔اس لیے روزمرّہ کے حسنِ سلوک اور ادب کی طرف غیر معمولی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔اور یہ بھی کہ گھروں میں اگر بچپن ہی میں تربیت دے دی جائے تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہت ہی آسانی کے ساتھ یہ کام ہو سکتے ہیں۔لیکن جب یہ اخلاق زندگی کا جزو بن چکے ہوں، جب ایسے بچے بڑے ہو جائیں تو پھر آپ دیکھیں گے کہ سکول میں جائیں تو کلاسوں میں یہ بچے بدتمیزی کے مظاہرے کرتے، شور ڈالتے، ایک دوسرے کو تکلیفیں پہنچاتے اور اساتذہ کیلئے ہمیشہ سر دردی بنے رہتے ہیں۔یہی بچے جب اطفال الاحمدیہ یا لجنات کے سپرد بچیوں کے طور پر ہوں تو وہاں ایک مصیبت کھڑی کر دیتے ہیں۔ان بچوں کی تربیت کرنا بڑا مشکل کام ہے۔''

(مشعل راہ جلد سوم، ۲۴ نومبر ۱۹۸۹ صفحہ ۴۶۲۔۴۶۳)

حضرت مُصلح موعودؓ فرماتے ہیں:

''نرمی کی عادت ڈالو تا کہ خدا تعالیٰ بھی تمہارے ساتھ نرمی سے پیش آئے ورنہ اگر تم خدا تعالیٰ کی مخلوق پر درشتی کرتے ہو تو تم بھی اپنے آپ کو اس بات کا حق دار بناتے ہو کہ خدا تعالیٰ تم پر بھی درشتی کرے۔'' (انوار العلوم جلد ۵ صفحہ ۴۳۷)

ہر احمدی بچے اور بچیوں کو ہمیشہ یہ نمونہ دکھانا ہے اور دکھاتے چلے جانا ہے اور یہی ہمارا طُرّۂ امتیاز ہونا چاہیے۔خدا تعالیٰ ہمیں اپنے اخلاق کو سنوارنے اور اپنی گفتگو میں نرمی، محبت، اور حِلم پیدا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔آمین

وُسعتِ حوصلہ

تیسری چیز وسعتِ حوصلہ ہے جس کا ان سب باتوں سے بڑا گہرا تعلق ہے۔پس زبان میں نرمی پیدا کرنا ہی کافی نہیں جب تک اس کے ساتھ حوصلہ بلند نہ کیا جائے۔

خلیفۃ المسیح الرابعؒ فرماتے ہیں:

''بچپن سے ہی اپنی اولاد کو یہ سکھانا چاہیئے کہ اگر تمہیں کسی نے تھوڑی سی بھی کوئی بات کہی ہے یا تمہارا نقصان ہو گیا ہے تو گھبرانے کی ضرورت نہیں۔اپنا حوصلہ بلند رکھو اور حوصلے کی یہ تعلیم بھی زبان سے نہیں بلکہ اس سے بڑھ کر اپنے عمل سے دی جاتی ہے۔بعض بچوں سے نقصان ہو جاتے ہیں گھر کا کوئی برتن ٹوٹ گیا، سیاہی کی کوئی دوات گر گئی، کھانا کھاتے ہوئے پانی کا گلاس اُلٹ گیا اور ان چھوٹی چھوٹی باتوں پر میں نے دیکھا ہے کہ بعض ماں، باپ برافروختہ ہو کر بچوں کے اوپر برس پڑتے ہیں۔ان کو گالیاں دینے لگ جاتے ہیں۔چپیڑیں مارتے ہیں اور کئی طرح کی سزائیں دیتے ہیں اور صرف یہی نہیں بلکہ جن قوموں میں یا جن ملکوں میں ابھی تک اُن کا ایک طبقہ یہ توفیق رکھتا ہے کہ وہ نوکر رکھیں۔وہاں نوکروں سے بدسلوکیاں ہو رہی ہوں، ان گھروں میں جہاں بچوں سے بدسلوکیاں ہو رہی ہوں وہاں آئندہ قوم میں بڑا حوصلہ پیدا نہیں ہو سکتا۔''

(مشعل راہ جلد سوم، ۲۴ نومبر ۱۹۸۹ صفحہ ۴۶۴)

''حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے جو بچوں کی تربیت کی وہ محض کلام کے ذریعے نہیں بلکہ اعلیٰ اخلاق کے اظہار کے ذریعے کی۔حضرت مُصلح موعودؓ جب بچے تھے۔حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا ایک بہت ہی قیمتی مقالہ جو آپؑ نے تحریر فرمایا تھا اس کو طباعت کے لیے تیار فرمایا تھا وہ آپ نے کھیل کھیل میں جلا دیا۔اور سارا گھر ڈرا بیٹھا تھا کہ اب پتا نہیں کیا ہو گا اور کیسی سزا ملے گی لیکن جب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو علم ہوا تو آپؑ نے فرمایا کوئی بات نہیں خدا اور توفیق دے دے گا۔

حوصلہ اپنے عمل سے پیدا کیا جاتا ہے اور ماں، باپ جن کے دل میں حوصلے نہ ہوں وہ اپنے بچوں میں حوصلے پیدا نہیں کر سکتے۔اور نرم گفتاری کا بھی حوصلہ سے بڑا گہرا

تعلق ہے۔چھوٹے حوصلے ہمیشہ بدتمیز زبان پیدا کرتے ہیں۔ بڑے حوصلوں سے زبان میں بھی تحمل پیدا ہوتا ہے اور زبان کا معیار بھی بلند ہوتا ہے۔“

(مشعل راہ جلد سوم،۲۴ نومبر صفحہ۴۶۴۔۴۶۵)

ہمیں چاہئے کہ ہم روز مرّہ کی معمولاتی زندگی میں اور لوگوں کے ساتھ تعلقات کی بناء پر اپنے حوصلوں میں وُسعت پیدا کرتے ہوئے زندگی گذاریں اور اپنے بچوں کو روزانہ گھریلو معاملات میں چھوٹی چھوٹی باتوں سے سکھائیں، چھوٹے چھوٹے نقصانوں کو برداشت کرنا سکھائیں۔سکول میں یا جماعتی معاملات میں اگر کوئی نقصان پہنچے یا کوئی بات بُری لگ جائے تو بچے اپنا حوصلہ چھوڑ دیتے ہیں نقصان کے وقت صبر کرنے کا نام ہی حوصلہ ہے۔یہ معمولی معمولی باتیں جن پر ہم غور نہیں کرتے یہ ہی آگے جا کر بچوں کے اندر بڑی خرابیاں پیدا کرنے کا موجب بنتی ہیں۔خدا تعالیٰ ہمیں اپنی اولاد کی تربیت کرنے کے لیے ہمارے حوصلوں کو بلند کرے اور اس میں اتنی وُسعت پیدا کردے کہ ہم بڑی سے بڑی مشکل کا بھی آسانی سے مقابلہ کرسکیں۔آمین

دوسروں کی تکلیف کا احساس

چوتھی بات جس کی طرف حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے خاص تاکید فرمائی وہ دوسروں کی تکلیف کا احساس ہے۔

خدا تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے کہ

كُنتُم خَيرَ اُمَّةٍ اُخرِجَت لِلنَّاسِ۔ (سورہ آلِ عمران ۱۱۱)

”تم دنیا کی بہترین اُمّت ہو جس کو خدا تعالیٰ نے بنی نوع انسان کے فوائد کے لیے پیدا کیا ہے۔“

ماؤں کو چاہئے کہ بچپن سے ہی بچوں کے اندر دوسروں کی تکلیف کے احساس کو اجاگر کریں اور بچپن میں ہی ان سے ایسے کام کروائیں اور غریب کی ہمدردی ان کے دل میں ڈالیں گی تو بچپن سے ہی اس کی لذت شروع ہوجائے گی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ

”جن بچوں کو نرم مزاج مائیں غریب کی ہمدردی کی باتیں سناتی ہیں اور غریب کی ہمدردی کا رجحان ان کی طبیعتوں میں پیدا کرتی ہیں وہ خدا تعالیٰ کے فضل کے ساتھ مستقبل میں ایک عظیم الشان قوم پیدا کررہی ہوتی ہیں لیکن وہ مائیں جو خودغرضانہ رویہ رکھتی ہیں اور اپنے بچوں کو ان کے دکھوں کا احساس تو دلاتی رہتی ہیں۔غیر کے دُکھ کا احساس نہیں دلاتیں وہ ایک خودغرضانہ قوم پیدا کرتی ہیں جو لوگوں کے لیے مصیبت بن جاتی ہے۔“

نیز فرمایا!

”جب تک نیکی کی لذت محسوس نہ ہو اس وقت تک نیکی دوام نہیں پکڑا کرتی۔“

اس کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ”لذت یابی سے مراد میری یہ ہے کہ اگر کسی بچے سے کوئی ایسا کام کروایا جائے جس سے دکھ دور ہوں تو اس کو ایک لذت محسوس ہوگی۔اگر محض زبانی بتایا جائے تو وہ لذت محسوس نہیں ہوگی۔اور جب تک

نیکی کی لذت

محسوس نہ ہو اس وقت تک نیکی دوام نہیں پکڑا کرتی اس وقت تک یہ محض نصیحت کی باتیں ہیں۔اس لیے اس کے دو پہلو ہیں۔ایک تو آپ اپنے بچوں کو اچھی کہانیاں سُنا کر، سبق آموز نصیحتیں کرکے یا سبق آموز واقعات سنا کر غریبوں کی ہمدردی کی طرف مائل کریں اور وہ شخص جو مصیبت زدہ ہے کسی تکلیف میں مبتلا ہے یہ احساس پیدا کریں کہ اس کی مصیبت دور ہونی چاہئے اور اس کی تکلیف دور کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔خدمت کا جذبہ ان کے اندر پیدا کریں بلکہ اس کے ساتھ مواقع بھی مہیا کریں۔“ (مشعل راہ جلد سوم،۲۴ نومبر ۱۹۸۹ صفحہ ۴۶۷۔۴۶۸)

ہمیں اپنے بچوں کے اندر انسانی ہمدردی کو راسخ کرنا ہے اس کے بغیر ہم اپنے اعلیٰ مقصد کو نہیں پاسکتے۔جس کے لیے ہمیں پیدا کیا گیا ہے۔

مضبوط عزم وہمت

آخر میں جس خُلق کی طرف آپ کی توجہ مبذول کروانا چاہوں گی وہ بلند عزم وہمت ہے۔

خدا تعالیٰ نے قرآن کریم میں اپنی قدرت کے عجائبات کو پانے کا ایک اہم نسخہ بتایا ہے جسے اپنا کر انسان نے آج آسمان کی بلندیوں سے سمندر کی گہرائیوں تک چھپے ہوئے رازوں کو پالیا ہے اور خدا تعالیٰ کی ہستی پر ایمان مضبوط سے مضبوط تر ہوتا چلا جارہا ہے۔

”مضبوط عزم وہمت اور نرم دلی اکٹھے رہ سکتے ہیں اگر یہ اکٹھے نہ ہوں تو ایسا انسان کمزور تو ہوگا بااخلاق نہیں ہوگا۔نرم دلی جب آپ پیدا کرتے ہیں تو اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ ایسا نرم دل انسان، ایسا نرم خُو انسان مشکلات کے وقت گھبرا جائے اور مصائب کا سامنا کرنے کی طاقت نہ پائے۔حضرت ابوبکر صدیق،صدیقِ اکبرؓ اس لحاظ سے ہمیشہ ہمیش کے لیے تاریخ میں ایک کامل نمونہ کے طور پر پیش کیے جاسکتے ہیں۔یہ نمونہ اگرچہ حضرت اقدس محمد مصطفیٰ ﷺ ہی سے حاصل کیا مگر آپ

کی زندگی میں ایک ایسا مقام آیا جہاں اس خُلق نے نمایاں ہو کر ایک ایسا عظیم الشان کردار ادا کیا ہے جس کے نتیجے میں ہمیشہ کے لیے ہم آپ کی مثال دنیا کے سامنے رکھ سکتے ہیں۔ بے حد نرم خُو اور نرم دل ہونے کے باوجود جب اسلام پر آپ کی خلافت کے پہلے دن ہی مصیبت کا دَور پڑا ہے.....تو وہ شخص جو دنیا کی نظر میں اتنا نرم دل اور نرم خُو تھا کہ معمولی سی تکلیف کی بات سے ہی اس کے آنسو رواں ہو جاتے تھے کسی کی چھوٹی سی تکلیف بھی وہ برداشت نہیں کر سکتا تھا۔ اتنے حیرت انگیز عزم کے ساتھ ان مشکلات کے مقابل پر کھڑا ہو گیا کہ جیسے سیلاب کے سامنے کوئی عظیم الشان چٹان کھڑی ہو جاتی ہے ایک ذرہ بھی اس کے سرکنے کا سوال پیدا نہیں ہوتا۔ اس طرح حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اس وقت اپنے نرم دل سے عظمت کا ایک پہاڑ نکلتا ہوا دنیا کو دکھایا۔ پس نرم دلی کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ انسان مشکلات کے وقت کمزور ہو یا بڑھتی ہوئی مشکلات کے سامنے ہمت ہار جائے۔ بچپن سے یہ خُلق پیدا کرنا چاہئے کہ ہم نے شکست نہیں کھانی۔''

(مشعل راہ جلد سوم، ۲۴ نومبر ۱۹۸۹ صفحہ ۴۶۹)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ فرماتے ہیں کہ

''حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے متعلق یہ جو فقرہ ہے یہ ایک عظیم الشان فقرہ ہے جو آپؑ کے اس عظیم خُلق پر روشنی ڈالتا ہے کہ: ''میری سرِشت میں ناکامی کا خمیر نہیں۔''

بہت ہی بلند تعلیم ہے اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام سے وابستہ ہونے والوں کی سرشت میں ہرگز ناکامی کا خمیر نہیں ہونا چاہیے۔ اور یہ عزم اور ہمت بچپن ہی سے پیدا کئے جائیں تو پیدا ہوتے ہیں۔ وہ لوگ جو چھوٹی چھوٹی باتوں پر ہمتیں ہار جاتے ہیں۔ امتحان میں فیل ہو جائیں تو زندگی سے بیزار ہو جاتے ہیں۔ زندگی کی کوئی مراد پوری نہ ہو تو ان کا سارا فلسفۂ حیات ایک زلزلے میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ وہ سوچتے ہیں پتہ نہیں خدا بھی ہے کہ نہیں۔ ان کی چھوٹی سی کائنات تنکوں کی بنی ہوئی ہوتی ہے اور معمولی سا زلزلہ بھی ان کی خاک اڑا دیتا ہے۔ اس لیے وہ قومیں جنہوں نے دنیا میں بہت بڑے بڑے کام کرنے ہیں۔ عظیم الشان ذمہ داریوں کو ادا کرنا ہے۔ جن کا مشکلات کا دور چند سالوں سے تعلق نہیں رکھتا بلکہ صدیوں تک پھیلا ہوا ہے۔ ہر مشکل کو انہوں نے سر کرنا ہے۔ ہر مصیبت کا مردانگی کے ساتھ مقابلہ کرنا ہے ہر زور آور دشمن سے ٹکر لینی ہے اور اس کو ناکام اور نامراد کر کے دکھانا ہے۔ ایسی قوموں کی اولادیں اگر بچپن ہی سے عزم کی تعلیم نہ پائیں تو آئندہ نسلیں پھر اس عظیم الشان کام کو سرانجام نہیں دے سکیں گی۔

اس لیے بہت ضرورت ہے کہ جہاں نرم کلام بچے پیدا کریں، جہاں نرم دل بچے پیدا کریں، جہاں نرم خُو اولاد پیدا کریں جو دوسروں کی ادنیٰ سی تکلیف سے بھی بے چین اور بے قرار ہو جائے اور ان کے دل کسی دوسرے دل کے غم سے پگھلنا شروع ہو جائیں۔ اس کے باوجود اس اولاد کو عزم کا پہاڑ بنا دیں اور بلند ہمتوں کا ایسا عظیم الشان نمونہ بنا دیں جس کے نتیجے میں قومیں ان سے سبق حاصل کریں۔

یہ وہ پانچ بنیادی اخلاق ہیں جو میں سمجھتا ہوں کہ ہماری تنظیموں کو خصوصیت کے ساتھ اپنے تربیتی پروگرام میں پیش نظر رکھنے چاہئیں۔ ان پر اگر وہ اپنے سارے منصوبوں کی بناء ڈال دیں اور سب سے زیادہ توجہ ان اخلاق کی طرف کریں تو میں سمجھتا ہوں کہ اس کا فائدہ آئندہ سو سال ہی نہیں بلکہ سینکڑوں سال تک بنی نوع انسان کو پہنچتا رہے گا۔ کیونکہ آج کی جماعت احمدیہ اگر ان پانچ بنیادی اخلاق پر قائم ہو جائے اور مضبوطی کے ساتھ قائم ہو جائے اور ان کی اولادوں کے متعلق بھی یہ یقین ہو جائے کہ یہ بھی آئندہ انہی اخلاق کی نگران اور محافظ بنی رہیں گی اور ان اخلاق کی روشنی دوسروں تک پھیلاتی رہیں گی اور پہنچاتی رہیں گی تو پھر میں یقین رکھتا ہوں کہ ہم امن کی حالت میں اپنی جان دے سکتے ہیں سکون کے ساتھ اپنی جان جانِ آفریں کے سپرد کر سکتے ہیں اور یقین رکھ سکتے ہیں کہ جو عظیم الشان کام ہمارے سپرد کئے گئے تھے۔ ہم نے جہاں تک توفیق ملی ان کو سرانجام دیا۔''

(مشعل راہ جلد سوم، ۲۴ نومبر ۱۹۸۹ صفحہ ۴۶۹۔۴۷۰)

خدا تعالیٰ ہم سب کو ان پانچ بنیادی اخلاق پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)

کام مشکل ہے بہت منزلِ مقصود ہے دُور
اے مرے اہلِ وفا سُست کبھی گام نہ ہو
ہم تو جس طرح سے بنے کام کئے جاتے ہیں
آپ کے وقت میں یہ سلسلہ بدنام نہ ہو
میری تو حق میں تمہارے یہ دُعا ہے پیارو
سر پہ اللہ کا سایہ رہے ناکام نہ ہو

(کلام محمود)

مالی قربانی

ڈاکٹر روبینہ کریم۔جماعت ڈبلن

مالی قربانی کا تصور دنیا کے تقریباً تمام مذاہب میں پایا جاتا ہے۔اوراس کے علاوہ تمام ممالک اپنی عوام کی فلاح و بہبود کے لیے بہت سے ٹیکس لگاتے ہیں۔تا کہ ملک کی خوشحالی اور معاشرتی مساوات کی طرف قدم اٹھا سکیں۔لیکن اسلام نے سب سے بڑھ کر مال کی قربانی کو عبادت کا حصہ بنا دیا۔اورقومیں ذخیرہ اندوزی اور مال جمع کرنے کی عادی ہوتی ہیں اورسود کی بنیاد پر کاروبار کرتی ہیں۔تو اس کے نتیجہ میں دولت غریبوں تک پہنچنے کی بجائے بڑے بڑے کاروباری اداروں اور خاندانوں تک محدود ہوکر رہ جاتی ہے۔جیسا کی قرآن میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

''اورجوروپیہ تم سود کرنے کے لیے دیتے ہوتا کہ لوگوں کے مالوں میں بڑھے تو وہ روپیہ اللہ کے حضور میں نہیں بڑھتا اور جو تم اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لیے زکوٰۃ کے طور پر دیتے ہو تو یادرکھو کہ اس قسم کے لوگ خدا کے ہاں روپیہ بڑھا رہے ہیں''۔(الرّوم:۴۰)

اسلام کی مالی قربانی کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ انسان کے پاس جو مال ودولت ہے۔وہ سب اللہ تعالیٰ کا دیا ہواہے اوراسکی امانت ہے۔

اگر اللہ تعالیٰ اس امانت میں سے کچھ واپس لینا چاہے ہے۔اور بندے کو کہے کہ اس کے دئے ہوئے مال میں سے وہ اس کی راہ میں خرچ کرے تو پوری خوشی اورانشراح کے ساتھ اللہ کے اس حکم کو ماننا اوراسکی راہ میں خرچ کرنا انسان کے لیے باعث سعادت اورمزید برکات کو سمیٹنے اورقرب الٰہی کا بہترین ذریعہ ہے۔

قرآن کریم میں بارہا مالی قربانی کا حکم آیا ہے۔اور یہ اس ضرورت کے پیش نظر ہے کہ مالی قربانی سے لوگوں کا تزکیہ ہوتا ہے۔لوگوں کے اندر پاکیزگی پیدا ہوتی ہے اورمومن کو مزید تقویٰ نصیب ہوتا ہے۔اورقوم کی اصلاح ہوتی ہے۔اورقوم میں ایک نئی زندگی پیدا ہوتی ہے۔اور بہت سی دوسری بدیوں سے چھٹکارے کی توفیق ملتی ہے۔پس جو شخص خدا تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنے سے گھبراتا ہے۔اور کمزوری دکھاتا ہے اسکو یہ آیت مدنظر رکھنی چاہئے۔ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

''اور جو لوگ اس مال کے دینے میں جو اللہ نے انکو اپنے فضل سے دیا ہے۔بخل کرتے ہیں۔وہ اپنے لئے اسکو ہرگز اچھا نہ سمجھیں۔اچھا نہیں بلکہ وہ انکے لئے بُرا ہے۔جن مالوں میں وہ بخل سے کام لیتے ہیں۔قیامت کے دن یقیناً انکا طوق بنایا جائے گا۔اورانکے گلوں میں ڈالا جائے گا۔اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے آگاہ ہے''۔(آل عمران:۱۸۱)

اور یقین جانئے خدا کی راہ میں نیک نیتی سے کی جانے والی قربانی کبھی رائیگاں نہیں جاتی۔بلکہ جو لوگ اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں۔انکے بارے میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

اَلَّـذِیْـنَ یُـنۡفِقُوۡنَ اَمۡوَا لَهُمۡ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَایُتۡبِعُوۡنَ مَآ اَنۡفَقُوۡ ا مَنًّا لَّآ اَذًی لَّهُـمۡ اَجۡرُهُمۡ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ وَ لَا خَوۡفٌ عَلَیۡهِمۡ وَ لَا هُمۡ یَحۡزَ نُوۡنَ (البقرہ:۲۶۳)

ترجمہ: جولوگ اپنے مالوں کو اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں۔پھر خرچ کرنے کے بعد نہ کسی رنگ میں احسان جتاتے ہیں۔اورنہ کسی قسم کی تکلیف دیتے ہیں ان کے رب کے پاس ان (کے اعمال) کا بدلہ (محفوظ) ہے۔اورنہ تو انہیں کسی قسم کا خوف ہوگا۔اورنہ وہ غمگین ہوں گے۔

اسی طرح قرآن کے ایک اور مقام پر اللہ تعالیٰ مالی قربانی کرنے والوں کو یوں تسکین قلب عطا فرماتا ہے۔

اَلَّـذِیْـنَ یُـنۡـفِقُوۡ نَ اَ مۡوَ الَهُمۡ بِا لَّیۡلِ وَا لنَّهَا رِسِرًّا وَّ عَلَا نِیَةً فَلَهُمۡ اَجۡرُهُمۡ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ وَلَا خَوۡفٌ عَلَیۡهِمۡ وَ لَا هُمۡ یَحۡزَ نُوۡ نَ (البقرہ:۲۷۵)

ترجمہ:۔''جولوگ اپنے مال رات اوردن پوشیدہ (بھی) اورظاہر (بھی) اللہ کی راہ میں خرچ کرتے رہتے ہیں انکے لیے ان کے رب کے پاس ان کا اجر (محفوظ) ہے اورنہ (تو) انہیں کوئی خوف ہوگا۔اورنہ وہ غمگین ہوں گے''۔

حضرت محمد ﷺ کی بعثت کے ساتھ ہی آنحضور ﷺ اورانکے صحابہ نے بھی مالی قربانی کی ایک نئی تاریخ رقم کی۔رسولؐ کے دعویٰ نبوت کے بعد سب سے پہلے اُم المومنین حضرت خدیجہؓ نے اپنا سارا مال حضرت محمد ﷺ کے سپرد کردیا تا کہ اسلام کی ترقی اور تبلیغ واشاعت پر خرچ کیا جا سکے۔انہی ابتدائی صحابہ میں حضرت ابوبکر صدیقؓ نے متعدد مسلمان غلاموں کو ان کے مالکوں سے خرید کر آزاد کروادیا۔جن میں حضرت بلال حبشیؓ بھی شامل ہیں۔اوراسی طرح ہجرت کے

دور میں تمام صحابہ نے قربانیوں کے اعلیٰ نمونے دکھائے ہیں۔اس وقت میں صرف ایک واقعہ کا ذکر کرتی ہوں۔جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ صحابہ ایک دوسرے سے مالی قربانی میں سبقت لے جانے کے لئے ہر دم کوشش میں لگے رہتے تھے۔

میری آنکھوں کے سامنے اس وقت غزوہ تبوک کا وہ منظر گھوم رہا ہے۔جب مسلمان لشکر کا مقابلہ اس زمانے کی super power سلطنت روم کے ساتھ تھا۔رسول کریم ﷺ نے اس کے لیے مالی قربانی کی خاص تحریک فرمائی۔حضرت عمر فاروقؓ نے اس موقع پر اپنے گھر کا آدھا سامان خدا کی راہ میں وقف کر دیا۔اور وہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ ہر مالی قربانی میں مجھ سے آگے نکل جاتے تھے تو میں نے ارادہ کیا کہ اب کے میں اپنے گھر کا آدھا سامان خدا کی راہ میں پیش کر کے ان سے سبقت لے جاؤں۔جب حضرت عمرؓ دربار رسول ﷺ میں حاضر ہوئے تو آپؐ نے پوچھا۔اے عمرؓ کیا لائے ہو؟ تو حضرت عمرؓ نے عرض کیا یا رسول ﷺ اپنے گھر کا آدھا سامان لے آیا ہوں مگر حضرت ابوبکر صدیقؓ جب اپنے گھر کا تمام سامان اللہ کی راہ میں دینے کی نیت سے رسول ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آنحضرت ﷺ نے پوچھا اے ابوبکرؓ آپ گھر والوں کے لیے کیا چھوڑ آئے ہیں؟ تو اس پر حضرت ابوبکر نے جواب دیا گھر میں بس اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو چھوڑ آیا ہوں۔حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ میں نے سوچا کہ میں کبھی بھی حضرت ابوبکرؓ کے برابر نہیں ہو سکتا۔

اسی طرح صحیح بخاری کتاب الزکوۃ میں ارشاد نبوی ﷺ ہے۔

''دو شخصوں کے سوا کسی پر رشک نہیں کرنا چاہئے ایک وہ آدمی جسکو اللہ تعالیٰ نے مال دیا اور اس نے اسے راہ حق میں خرچ کر دیا دوسرا وہ آدمی جسے اللہ تعالیٰ سمجھ، دانائی، اور علم وحکمت دی جسکی مدد سے وہ لوگوں کے فیصلے کرتا ہو اور لوگوں کو سکھاتا بھی ہو''۔

یہاں ہمیں ایک اور بات بھی مدنظر رکھنی چاہئے کہ مال خود بخود نہیں جمع ہوتا بلکہ یہ سب صرف اور صرف خُدا تعالیٰ کے ارادے سے ملتا ہے۔جیسا کہ حضرت مسیح موعودؑ کا ارشاد ہے۔

''یہ ظاہر ہے کہ تم دو چیز سے محبت نہیں کر سکتے اور تمھارے لئے ممکن نہیں کہ مال سے بھی محبت کرو اور خُدا سے بھی ،صرف ایک سے محبت کر سکتے ہو۔پس خوش قسمت وہ شخص ہے۔کہ خدا سے محبت کرے اور اگر کوئی تم میں سے خُدا سے محبت کر کے اسکی راہ میں مال خرچ کریگا۔تو میں یقین رکھتا ہوں کہ اسکے مال میں بھی دوسروں کی نسبت زیادہ برکت دی جائے گی۔کیونکہ مال خود بخود نہیں آتا بلکہ خُدا کے ارادے سے آتا ہے۔پس جو شخص خُدا کے لئے بعض حصہ مال کا چھوڑتا ہے۔وہ ضرور اس سے پائے گا۔لیکن جو شخص مال سے محبت کر کے خُدا کی راہ میں وہ خدمت بجا نہیں لاتا جو بجا لانی چاہئے تو وہ ضرور اس مال کو کھوئے گا۔یہ مت خیال کرو کہ مال تمھاری کوشش سے آتا ہے۔بلکہ خُدا تعالیٰ کی طرف سے آتا ہے۔اور یہ مت خیال کرو کہ تم کوئی حصہ مال کا دے کر یا کسی اور رنگ سے کوئی خدمت بجا لا کر خُدا تعالیٰ اور اسکے فرستادہ پر کچھ احسان کرتے ہو۔بلکہ یہ اسکا احسان ہے کہ تمھیں اس خدمت کے لیے بلاتا ہے''۔

(مجموعہ اشتہارات جلد سوم صفحہ ۴۹۷۔۴۹۸)

اسی طرح ایک اور جگہ حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں۔''اگر تم کوئی نیکی کا کام بجا لاؤ گے۔اور اس وقت کوئی خدمت کرو گے۔تو اپنی ایمانداری پر مہر لگا دو گے۔اور تمہاری عمریں زیادہ ہوں گی۔اور تمہارے مالوں میں برکت دی جائے گی''۔

(تبلیغ رسالت جلد دہم صفحہ ۵۶)

اسلام کے اس نشاط ثانیہ کے دور میں حضرت مسیح موعودؑ کی جماعت کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے مالی قربانی کے تصور کو ایک عجیب رنگ میں دنیا کے سامنے پیش کیا ہے۔اس مالی قربانی کے نتیجے میں اسلام کی شان وشوکت اور سربلندی کے لیے مسیح محمد ﷺ کے پروانے بڑھ چڑھ کر اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔غور طلب بات یہ ہے کہ حضرت مسیح موعودؑ نے اپنے رسالہ وصیت میں دو چیزوں کی طرف جماعت کو توجہ دلائی ایک قدرت ثانیہ یعنی نظام خلافت کا قیام اور دوسرا خُدا کی راہ میں مالی قربانی جیسا کہ اس رسالے کا نام ہی ''رسالہ وصیت'' ہے جس میں مسیح موعودؑ نے جماعت کی ترقی ،بلندی اور حضرت محمد ﷺ کے پرچم کو ساری دنیا میں لہرانے کے لیے جماعت کو یہ وصیت فرمائی کہ مسیح موعودؑ کے بعد خاص طور پر خلیفہء وقت کی زیر قیادت مالی قربانیاں دیتے ہوئے اس دنیا میں ہم سرخرو ہوں۔خُدا تعالیٰ ہمیں اس آخری دور کے امام کی وصیت کو کماحقو سمجھنے اور اسکے روحانی مقاصد اور مفہوم کو سمجھتے ہوئے خلیفہء وقت کی مکمل اطاعت اور انکی بیان کردہ تمام مالی تحریکات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی توفیق عطا فرمائے (آمین ثم آمین)

اسی ضمن میں یہ واقعہ بھی تاریخ احمدیت میں ہمیشہ سنہری الفاظ میں یاد رکھا جائے گا۔جب خلیفہ المسیح الثانیؓ کے دور خلافت میں مجلس احرار نے قادیان کی اینٹ سے اینٹ بجانے اور جماعت کو صفحہ ہستی سے مٹانے کے لیے بلند دعویٰ اور شور و غوغا برپا کیا۔تو اس کے مقابلے میں حضرت مصلح موعودؓ نے خُدا تعالیٰ کی منشیٰ اور تائید سے جماعت کے سامنے تحریک جدید کا منصوبہ پیش کیا۔اور اس تحریک جدید

کے نتیجہ میں جماعت احمدیہ جسکو نیست و نابود کرنے کے مجلس احرار نے نام نہاد دعوے کئے تھے۔ دنیا کے کونے کونے تک پھیل گئی۔ اور مجلس احرار اپنی موت آپ مرگئی۔ اسکا اقرار خود جماعت کے بڑے مخالف مولوی ظفر علی خان (ایڈیٹر زمیندار اخبار) نے احرار کو مخاطب کرتے ہوئے لکھا: ''اے مجلس احرار تم مرزا بشیر الدین محمود احمد کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔ مرزا بشیر الدین محمود احمد کے پاس قرآن کا علم ہے۔ اور مجاہدوں کی ایک جماعت ہے، جو دین کی خدمت کے لیے کمر بستہ رہتی ہے۔ اگر تم ان کا مقابلہ کرنا چاہتے ہو۔ تو پہلے دین کا علم حاصل کرو ان جیسی مجاہدوں کی جماعت تیار کرو'۔ تو دیکھیں یہ ہیں وہ تمام نظارے جو ہم سب اس مالی قربانی کے نتیجہ میں آج دیکھ رہے ہیں۔ اور اگر ہم اپنی مالی قربانیوں میں اضافہ کرتے ہیں۔ تو ہم خود ہی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اسکے کتنے شاندار نتائج برآمد ہو سکتے ہیں اس لئے ہم سب کو اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی کوشش کرنی چاہیئے۔

بطور سیکرٹری مال لجنہ اماء اللہ آئر لینڈ میں اپنی تمام احمدی بہنوں کو جماعت کے چندہ جات کے نظام کی طرف توجہ دلانا چاہتی ہوں تا کہ ہماری لجنہ اماء اللہ کی ہر ممبر قربانی کے کم از کم وہ معیار ضرور قائم کرے جس کا خلیفہء وقت اور نظام جماعت ہم سے توقع رکھتے ہیں۔ اور یاد دہانی کی غرض سے میں ان چندہ جات کے مختصر نکات بیان کرنا چاہتی ہوں۔

زکوٰۃ

سب سے پہلے اسلام کے اہم رکن زکوٰۃ کی طرف میں آپ تمام بہنوں کی توجہ مرکوز کروانا چاہتی ہوں۔ جسکی ادائیگی ہر صاحب نصاب مرد اور عورت پر فرض ہے۔ جسکی شرح 2.5% ہے۔ تمام احمدی بہنوں سے درخواست ہے۔ کہ زکوٰۃ کی ادائیگی کی طرف خاص طور پر توجہ فرمائیں۔ کیونکہ یہ خُدا تعالیٰ کا حکم ہے۔ اور اسلام کا لازمی جزو ہے۔ خُدا تعالیٰ ہمیں اپنی نمازوں، روزوں، اور زکوٰۃ، کی ادائیگی میں کبھی بھی سستی کرنے والا نہ بنائے۔ اور اسکی ادائیگی ہم ہمیشہ خُدا کی منشاء اور رضا کے مطابق کرنے والے ہوں۔ (آمین ثم آمین)

چندہ عام

یہ جماعت کا لازمی چندہ ہے۔ اس مَد میں وہ بہنیں جو نظام وصیت میں شامل ہیں اپنی ماہانہ آمد کا 10% دینے کی پابند ہیں، یعنی اگر اُن کی ماہانہ آمد ۱۰۰ یورو ہے تو اُنہیں ۱۰ یورو چندہ ماہانہ ادا کرنا ہوگا۔ اور وہ بہنیں جو نظام وصیت میں شامل نہیں اور نوکری پیشہ ہیں یا انہیں کسی بھی شکل میں ماہانہ آمدنی مل رہی ہے، اُنکے لیے کل آمدنی پر 6.25% کے حساب سے واجب الادا ہوتا ہے۔ یعنی اگر اُن کی ماہانہ آمد ۱۰۰ یورو ہے تو اُنہیں ۶ یورو ۲۵ سینٹ چندہ ادا کرنا ہوگا۔

لجنہ چندہ

اس مد میں وہ بہنیں جو نوکری پیشہ ہیں یا کسی بھی طور سے ماہانہ آمدنی لے رہی ہیں، اُنکو اُنکی کل آمدن کا 1% ادا کرنا ہے۔ یعنی اگر وہ مہینے کا ۱۰۰ یورو کما رہی ہیں۔ تو اس پر ایک یورو انکا ماہانہ لجنہ چندہ بنتا ہے۔ اس کے علاوہ وہ بہنیں جو کہ کوئی نوکری نہیں کر رہیں۔ ان کے لیے ایک Fixed Amount ہے جو کہ آئر لینڈ میں ۳۵ یورو پورے سال کے لیے مقرر ہیں۔ جسکا حساب مندرجہ ذیل ہے۔

ممبری چندہ ۔۔۔۔۲۰ یورو (پورے سال کا)

اجتماع چندہ۔۔۔۔۱۰ یورو (پورے سال کا)

اشاعت۔۔۔۔۵ یورو (پورے سال کا)

ٹوٹل۔۔۔۳۵

ناصرات چندہ

اس کی بھی ایک fixed amount ہے جو کہ آئر لینڈ میں ۹ یورو پورے سال کا مقرر ہے۔ اور اسکی تقسیم کچھ اسطرح سے ہوتی ہے۔

ممبری چندہ۔۔۔۵ یورو (پورے سال)

اجتماع۔۔۔۔۴ یورو (پورے سال)

ٹوٹل۔۔۔۔۹ یورو (پورے سال)

اس کے علاوہ مزید چندہ جات بھی ہیں جن میں تحریک جدید اور وقف جدید نمایاں ہیں۔

آخر میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہم تمام احمدی بہنوں کو مالی قربانی کے اعلیٰ معیار قائم کرنے کی توفیق عطا فرمائے (آمین ثم آمین) اور اس کے ساتھ ساتھ میں آئر لینڈ میں تعمیر ہونیوالی پہلی احمدیہ مسلم مسجد مریم کے لیے بھی مالی قربانی کی طرف توجہ دلاتے ہوئے اپنی تمام بہنوں سے درخواست کرتی ہوں۔ کہ وہ مسجد فضل لندن اور مسجد خدیجہ برلن، جرمنی کی تعمیر کے وقت ہماری احمدی بہنوں نے جس اعلیٰ مثالی قربانی کا نظارہ دکھایا تھا۔ اسکو ہمیشہ یاد رکھیں۔ اور اللہ تعالیٰ ہمیں بھی اس جیسی قربانی کی ہمت، استطاعت، اور طاقت عطا فرمائے۔

(آمین ثم آمین)

ڈاکٹر روبینہ کریم۔ نیشنل سیکرٹری مال آئر لینڈ

اولاد کے حق میں دعا

کر انکو نیک قسمت دے انکو دین و دولت
کر انکی خود حفاظت ہو ان پہ تیری رحمت
دے رُشد اور ہدایت اور عمر اور عزت
یہ روز کر مبارک سُبحَانَ مَن یَّرَانِی

اے میرے بندہ پرور کر انکو نیک اختر
رتبہ میں ہوں یہ برتر اور بخش تاج وافسر
تو ہے ہمارا رہبر تیرا نہیں ہے ہمسر
یہ روز کر مبارک سُبحَانَ مَن یَّرَانی

میری دعائیں ساری کریو قبول باری
میں جاؤں تیرے واری کر تُو مدد ہماری
ہم تیرے در پر آئے لیکر امید بھاری
یہ روز کر مبارک سُبحَانَ مَن یَّرَانی

اے میرے دل کے پیارے اے مہرباں ہمارے
کر ان کے نام روشن جیسے کہ ہیں ستارے
یہ فضل کر کے ہوویں نیکو گہر یہ سارے
یہ روز کر مبارک سُبحَانَ مَن یَّرَانی

اے میری جاں کے جانی اے شاہ دو جہانی
کر ایسی مہربانی انکا نہ ہووے ثانی
دے بخت جاودانی اور فیض آسمانی
یہ روز کر مبارک سُبحَانَ مَن یَّرَانی

سن میرے پیارے باری میری دعائیں ساری
رحمت سے انکو رکھنا میں تیرے منہ کے واری
اپنی پناہ میں رکھیو سنکر یہ میری زاری
یہ روز کر مبارک سُبحَانَ مَن یَّرَانی

اے واحد و یگانہ اے خالق زمانہ
میری دعائیں سن لے اور عرض چاکرانہ
اہل وقار ہوویں فخر دیار ہوویں
حق پر نثار ہوویں مولیٰ کے یار ہوویں

(درثمین اردو صفحہ ۳۶ - ۳۸)

ہدایات نیشنل صدر لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ برموقع ریجنل ریفریشر کورسز

خدا تعالیٰ کے فضل سے اس سال کے شروع میں ہی لجنہ اماء اللہ کو تینوں ریجنز میں کامیاب ریفریشر کورسز کے انعقاد کی توفیق ملی۔ یہ پہلا موقع تھا کہ تینوں ریجنز میں کامیابی سے ریفریشر کورس کا انعقاد ہوا۔ مکرمہ طیبہ مشہود نیشنل صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ نے جنرل سیکرٹری مکرمہ ڈاکٹر روبینہ کریم صاحبہ اور چند نیشنل سیکرٹریان کے ہمراہ گالوے (Galway)، ساوتھ ویسٹ (ٹریلی شہر)، (اور ڈبلن (Dublin) جماعت کا دورہ کیا اور وہاں کی لجنہ اور لوکل عاملہ سے خطاب فرمایا۔ ان تینوں خطابات میں دی گئیں ہدایات کو خلاصۃً ہدیہء قارئین کیا جاتا ہے۔

صدر صاحبہ نے ریفریشر کورس کا مقصد بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ ریفریشر کورس کا مقصد ہم سب کی ٹریننگ ہے۔ تاکہ عاملہ ممبران کو ان کی ذمہ داریوں اور فرائض سے آگاہ کیا جائے اور اگر کوئی مسئلہ درپیش ہو تو مل بیٹھ کر حل کریں۔ ایک لائحہ عمل بنائیں تاکہ بہتر طور پر کام کیا جاسکے اور ہر شعبہ پہلے سے زیادہ Active ہوسکے۔ اس ضمن میں چند باتیں کرنا چاہتی ہوں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہماری جماعت دن بہ دن بڑھ رہی ہے، جماعت کے بڑھنے سے کام کرنے والوں کی ذمہ داریاں بڑھ رہی ہیں تو اس سلسلہ میں سب سے پہلے تسبیح تحمید اور استغفار کرنے کی طرف آپکی توجہ مبذول کرانا چاہتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے بھی ہمیں قرآن کریم میں بارہا اس کی تلقین کی ہے۔ جیسا کہ ارشاد پاک ہے۔

فَسَبِّح بِحَمۡدِ رَبِّكَ وَاسۡتَغۡفِرۡهُ (النصر)

اللہ کی حمد و ثناء کرنے اور استغفار کرنے سے دل نرم ہوتے ہیں۔ دوسروں کے لیے محبت کے جذبات اُمڈتے ہیں۔ میں چاہتی ہوں کہ

جماعت کا ماحول خوشگوار رہے۔ اس کے لیے درخواست ہے کہ استغفار کرنے کی عادت ڈالیں۔ چھوٹی چھوٹی باتوں پر غصہ میں مت آئیں۔ اللہ کی خاطر آپ یہ کام کررہیں ہیں۔ کوئی خلاف طبیعت بات ہو بھی تو اگر آپ یہ سوچ لیں کہ مجھے اللہ کو راضی کرنا ہے تو اللہ کی خاطر اپنی طبیعت میں نرمی آجاتی ہے۔ اگر کوئی آپ سے درشتی سے پیش آئے بھی تو آپ کے نرم رویہ سے بعد میں اگلے کو خود احساس ہو جاتا ہے۔ میں تمام عہدیداران سے درخواست کرتی ہوں کہ وہ ہمیشہ معافی اور درگزر سے کام لیں۔ نرم و پاک زبان کا استعمال کریں۔ عاجزانہ رویہ اختیار کریں ایسے بات نہ کریں کہ لوگوں کو بُرا لگے۔

حضرت مصلح موعود نے فرمایا ہے کہ **"بہترین مصلح وہ ہے جو پیار اور محبت سے حکم دے۔"**

ایسے رنگ میں بات پیش کریں۔ کہ اگلے کو لگے کہ اس میں میرا ہی فائدہ ہے۔ لوگ اسے سمجھ سکیں بات کرتے ہوئے حاکمانہ رویہ نہیں ہونا چاہئے، آرڈر نہ دیں بلکہ پیار و محبت سے یاددہانی کے رنگ میں اگلے سے بات کریں۔

گلے ملنے کو، آگے بڑھ کر سلام کرنے کو رواج دیں۔ دعاؤں کی عادت ڈالیں۔ اپنے عہدے سے انصاف کرنے کیلئے آپکو بہت دعا کرنی چاہئے۔ ہمیشہ یاد رکھیں کہ یہ عہدے آپکے سپرد امانتیں ہیں۔ اس امانت میں خیانت نہ ہو۔ دعا کریں کہ اللہ نے جو ذمہ داری ڈالی ہے، اُسکو پورا کرنے توفیق دے۔

جب آپ اس ذمہ داری کا حق ادا کریں گی۔ اللہ تعالیٰ آپکے مسائل اور ذمہ داری کو حل کرے گا۔ اگر آپ ان کو پیچھے کردیں گی اور اہمیت نہیں دیں گی، اللہ آپکی حاجات پیچھے کردے گا۔ دینی خدمات اللہ کے فضل ہیں۔ ان کو Priority دیں آپکے کام خود بہ خود پورے ہوجائیں گے۔ ہر عہدیدار خلیفہ وقت کا نمائندہ ہے۔ آپ ہر کام کرنے سے پہلے یہ سمجھیں کہ ہم خلیفہء وقت کا کام اللہ کی رضا حاصل کرنے کیلئے کررہے ہیں۔

ہر ایک کی غمی خوشی میں شریک ہوں۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ہم متکبر نہیں ہیں۔ مُجھے خوشی ہے کہ ہم سب ایک دوسرے کے کام آتی ہیں۔

عہدیداران اپنے خلاف بات سننے کا حوصلہ ڈالیں۔ سچی بات کہنے اور سننے کی عادت ڈالیں۔ کمزور نفس اور کمزور ایمان کے لوگوں کو جب کوئی نصیحت کی جائے تو وہ آپکو Target کر لیتے ہیں۔ آپکی کمزوری ڈھونڈتے ہیں اور دوسروں کو بتاتے ہیں۔ اس لئے بہت دعاؤں کی عادت ڈالیں تاکہ اللہ ہم سب کی پردہ پوشی فرمائے۔

تمام عہدیدارن نظام جماعت وخلافت کا حصہ ہیں۔ اس سلسلہ میں حضور انور کا ایک اقتباس آپکے سامنے رکھتی ہوں۔

<u>عہدیدارن نظام جماعت، نظام خلافت کا حصہ ہیں۔</u>

فرمایا" پھر عہدیداران جو جماعتی نظام میں عہدیداران ہیں۔ وہ صرف عہدے کے

لیے عہد یدار نہیں ہیں۔ بلکہ جماعت کے لئے مقرر کئے گئے ہیں۔وہ نظام جماعت، جو نظام خلافت کا ایک حصّہ ہے، کی ایک کڑی ہیں، ہر عہد یدار اپنے دائرے میں خلیفہ وقت کی طرف سے نظام نظام جماعت کی طرف سے تفویض کئے گئے۔ان کے سپرد کئے گئے اس حصہ فرض کو صحیح طور پر سرانجام دینے کا ذمہ دار ہے۔اس لئے ایک عہد یدار کو بڑی محنت سے، ایمانداری سے اور انصاف کے تقاضے پورے کرتے ہوئے اپنے کام کو سرانجام دینا چاہئے۔اور اُن عہدیداروں میں اپنے آپ کو شمار کرنا چاہئے۔جن سے لوگ محبت رکھتے ہیں۔جس کا ایک حدیث میں یوں ذکر آتا ہے۔کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ، تمھارے بہترین سردار وہ ہیں۔جن سے تم محبت کرتے ہو اور وہ تم سے محبت کرتے ہیں۔تم اُن کے لئے دعا کرتے ہو اور وہ تمھارے لئے دعا کرتے ہیں"۔ (مسلم کتاب الامارۃ (خطبہ جمعہ یکم جولائی ۲۰۰۵ء از الفضل انٹرنیشنل ۱۵ جولائی ۲۰۰۵)

<u>اچھے عہدیداران کے لئے سب کے دل سے دعائیں ہی نکلتی ہیں۔</u>

پھر عہدیدار مرکزی ہدایت کے پابند ہوتے ہیں۔عہدیدارن ہی لوگوں میں نظام جماعت کا احترام ڈالتے ہیں لہٰذا خود بھی احترام کرنا ہے، اور دوسروں میں بھی احترام پیدا کرنا ہے۔خاص طور پر اس بات کا خیال رکھیں کہ جماعتی عہدیداران کے متعلق کوئی منفی بات گھروں میں نہ کی جائے۔دوسری لجنات سے ملتے ہوئے احساس دلائیں۔کہ ہم سے بالا عہدیدان کا اطاعت اور احترام بہت ضروری ہے۔اس سلسلہ میں آپکی توجہ کے لئے حضور انور کا ایک اقتباس آپکے سامنے رکھتی ہوں۔

عہدیداران کا اصل کام احباب جماعت میں نظام جماعت کا احترام پیدا کرنا ہے، حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا،

"اصل میں تو امراء، صدران، عہدیداران یا کارکنان جو بھی ہیں ان کا اصل کام تو یہ ہے کہ اپنے اندر بھی اور لوگوں میں بھی نظام جماعت کا احترم پیدا کیا جائے۔ اور اسی طرح جماعت کے تمام افراد کا بھی یہی کام ہے کہ اپنے اندر بھی اور اپنی نسلوں میں بھی جماعت کا احترام پیدا کریں۔نظام جماعت کا احترام پیدا کریں۔۔۔۔۔تو جیسا کہ میں نے کہا ہر شخص کو اس ذمہ داری کا احساس ہونا چاہئے۔کہ اس نے نظام جماعت کا احترم کرنا ہے۔اور دوسروں میں بھی یہ احترام پیدا کرنا ہے۔تو خلیفہ وقت کی تسلی بھی ہوگی۔کہ ہر جگہ کام کرنے والے کارکنان نظام کو سمجھنے والے کارکنان، کامل اطاعت کرنے والے کارکنان میسر آسکتے ہیں۔تو بہر حال جیسا کہ میں نے کہا کہ اصل کام نظام جماعت کا احترام قائم کرنا ہے اور اس کو صحیح خطوط پر چلانا ہے۔"(خطبہ جمعہ ۰۵ دسمبر ۲۰۰۳ء از الفضل انٹرنیشنل ۳۰ جنوری ۲۰۰۴ء)۔

پھر فرمایا، حفظ مراتب کی پاسداری ضروری ہے؛

"اپنے سے بالا عہدیداروں کا احترام اور ان کی اطاعت بہت ضروری ہے۔اگر آپ کو اپنے سے بالا عہدیدار کی طرف سے کوئی خدمت سپرد کی جاتی ہے۔اور آپ کو اس سے شکایت ہے تو چاہئے کہ پہلے اطاعت کرتے ہوتے وہ کام کریں۔پھر عہدیدار کو بتائیں کہ میں مرکز یا خلیفہ وقت کو شکایت کروں گا کہ آپ نے فلاں بات غلط کی" (الفضل انٹرنیشنل ۰۷ جولائی ۲۰۰۶ء)

یعنی پہلے اطاعت کرنی ہے، بعد میں اگر کوئی اعتراض ہو تو بتائیں۔

اپنے Experience سے لوگوں کو جج کریں لوگوں کے کہنے پر اپنا Mind set مت کریں، بلکہ خود جائزہ لیں، ہوسکتا ہے کسی دوسرے کا تجربہ صحیح نہ ہو۔

دوسروں کے کہنے میں نہ آئیں۔کسی دوسرے کہنے پرغلط رائے قائم نہ کریں۔سب کو برابری کے ساتھ ملیں۔عاملہ Role Model ہوتی ہے۔تمام جماعت کی Cream کہلاتی ہے اس کے لئے آپ نے اپنے اندر نیک تبدیلیاں بھی پیدا کرنی ہیں۔یہ بہت ضروری ہے۔یہ باتیں سننے کیلئے نہیں، عمل کیلئے ہیں۔اس کیلئے آپ کو نیک عملی نمونہ بھی دکھانا ہوگا۔

عہدیداران کے عائلی معاملات درست ہوں۔

حضور نے عہدیداروں کو اپنا بہترین نمونہ پیش کرنے کی بھی نصیحت فرمائی۔بعض اوقات عہدیداروں کے اپنی گھریلو زندگی میں نمونے ٹھیک نہیں ہوتے۔اپنی بہوؤں، دامادوں بچوں اور بیویوں سے جھگڑے ہوتے ہیں۔ایسی کمزوریوں کو بھی دُور کرنے کی بھی کوشش کرنی چاہئے۔اور اگر نہ کرسکیں۔تو پھر اپنے آپ کو جماعتی خدمت سے فارغ کرلیں (الفضل انٹرنیشنل ۰۷ جولائی ۲۰۰۶ء)

لوکل صدر جب بھی کوئی بات کہے، فوراً لبیک کہیں۔پردے کا خاص خیال رکھیں۔کہ یہ Basic شرط ہے۔جو کر رہی ہیں وہ اپنے پردہ کے معیار کو مزید بہتر کریں۔رپورٹ وقت پر بجھوائیں۔اگر لوکل رپورٹ لیٹ ہو تو نیشنل رپورٹس لیٹ ہوجاتی ہیں۔جب جماعتی کام کے سلسلہ میں فون کریں تو صرف To the point بات کریں اور بتائیں کہ یہ میں نے جماعتی فون کیا ہے۔

حال احوال اور پرسنل باتیں کرنی ہیں تو دوبارہ فون کر لیں مگر جماعتی

Report لیتے ہوئے کال لمبی نہ کریں۔

صدر صاحبہ نے West اور South West کی جماعتوں کی لوکل لجنہ سے بھی خطاب کیا۔ جس کا خلاصہ درج ذیل ہے۔

سب سے پہلے صدر لجنہ کی اطاعت۔ جس تنظیم میں اطاعت نہیں ہے ۔ وہ مضبوط نہیں ہوسکتی۔ اطاعت ہر حال میں واجب ہے۔ لوکل صدر کی ہر بات پر لبیک کہیں اوران کی فون کالز، ٹیکسٹ اور ای میلز کا فوراً جواب دیا کریں۔

ہم ہر میٹنگ میں یہ عہد دہراتی ہیں کہ ہم دین کو دنیا پر مقدم رکھیں گی۔ خالی زبان سے کہنا کوئی معنے نہیں رکھتا اگر ہم اس پر عمل نہیں کرتیں تو کوئی فائدہ نہیں۔ یاد رکھیں کہ آج اگر ہم اپنے آپ کو دین سے وابستہ کردیں گی تو کل کو اللہ تعالیٰ ہماری نسلیں سنوار دے گا۔

حضرت مسیح موعودؑ کی بعثت کا مقصد لوگوں کو خدا سے قریب کرنا تھا تاکہ وہ حقوق اللہ اور حقوق العباد کی صحیح طور پر ادائیگی کرسکیں۔ پس ہم اسلام کی حقیقی سفیر تب ہی کہلاسکتی ہیں جب ہم اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی تعلیمات پر صحیح طور پر کاربند ہوں۔

پردہ ہماری پہچان ہے، سب بہنیں کم سے کم اتنا پردہ تو ضرور کریں کہ آپکے کوٹ گھٹنوں تک ہوں۔ اور سکارف سے ماتھا، بال اور تھوڑی ڈھکے ہوئے ہوں۔

آپ کے نئے سال کی Resoulation (قرارداد) نیکیوں میں آگے بڑھنے کی روحانی اور پاکیزہ سوچ پر مبنی ہونی چاہیے۔ دوسرے کو نیکیوں کی باتیں بتائیں۔ ایک دُوسرے سے صحت مند مقابلہ ہونا چاہئے۔

ایک دوسرے سے نرمی سے پیش آئیں۔

آگے بڑھ کر سلام کرنے اور گلے ملنے کو رواج دیں۔

دلوں کو صاف رکھیں۔ کسی کے لئے بُغض اور کینہ اپنے دِل میں نہ رکھیں کیونکہ جس دل میں بُغض و کینہ ہوتا ہے اُسکی دعائیں قبول نہیں ہوتیں۔ کبھی بھی کوئی بات کسی کو نشانہ بنا کر نہ کریں۔ ہم الٰہی جماعت ہیں اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کریں۔

خود کو بڑی جماعتوں سے compare نہ کیا کریں۔ ہم چھوٹی سی جماعت ہیں۔ تجنید بھی کم ہے۔ ہم کسی بھی طرح سے ربوہ، لنڈن، کینیڈا یا جرمنی کا مقابلہ نہیں کرسکتے۔ اس چیز کو (تنقید) criticize مت کریں۔ ہمارے وسائل بڑی جماعتوں کے مقابلے میں ہر لحاظ سے بہت محدُود ہیں۔ بعض اوقات بجٹ بھی اس چیز کی اجازت نہیں دیتا۔ ہمیں الگ جماعت ہوئے محض چند سال ہوئے ہیں اور اس تناظر میں اگر دیکھا جائے تو ہم اللہ کے فضل سے بہت اچھی رفتار سے ترقی کررہے ہیں۔

میٹنگ پر آنے سے پہلے گھر سے کچھ سیکھنے کی نیت لے کر نکلیں نہ کہ ایک دوسرے پر تنقید کرنے کی نیت سے۔ ہر میٹنگ میں جا کر اپنے میں نیا change لائیں۔

میٹنگز کے دوران Intrupt (قطع کلامی) نہ کیا کریں۔ اگر کسی شعبہ میں یا کسی جگہ پر کمی لگے تو اسی وقت روک ٹوک نہ کیا کریں۔ ہر کسی کی Self Respect (عزتِ نفس) ہوتی ہے۔ اس کا خیال رکھا کریں۔ سب کے درمیان غلطی مت نکالیں۔ علیحدگی میں سمجھایا جائے اگر زیادہ غلطی لگے تو وہ لکھ کر صدر صاحبہ کو دیں۔ ایک کاپی لوکل صدر کو بھی دیں۔

ایک دوسرے کو (نیچا دکھانے کی کوشش) Let down نہ کریں۔ خیال رکھیں کہ آپ کی کسی بات سے کوئی Hurt (رنجیدہ) نہ ہو۔ سب کے سامنے روک ٹوک مت کریں۔ دوسرے کی اصلاح کریں، جو لوگ کم آتے ہیں ان کو جتا جتا کر اس طرح discourage (حوصلہ شکنی) مت کریں کہ وہ بالکل ہی آنا چھوڑ دیں۔ اصلاح indirctly (بالواسطہ) ہوتی ہے۔ self respect (عزتِ نفس) کا بہت خیال رکھیں۔

صدر صاحبہ نے ویسٹ جماعت کو خاص تاکید کرتے ہوئے فرمایا کہ پہلی آئرلینڈ کی مسجد گالوے میں بن رہی ہے۔ آپ سب خوش قسمت ہیں کہ آپکو میزبانی کا شرف حاصل ہورہا ہے۔ خلیفہء وقت آپکے کے پاس آئیں گے۔ اس لحاظ سے ساری ویسٹ جماعت کی ذمہ داریاں بڑھ گئی ہیں، ہر کوئی سمجھے کہ میں میزبان ہوں، ابھی سے تیاری شروع کردیں۔ پچھلی بار جو کمیاں رہ گئی تھیں، اب کے وہ نہیں ہونی چاہئیں۔ برتن، گھر، کچن، خدمت کے لیے ہر لحاظ سے خود کو پیش کریں۔

اس کے بعد تمام نیشنل ممبرات اور ان کے مقرر کردہ نمائندوں نے اپنے اپنے شعبوں سے متعلق ہدایات دیں اور کام کرنے کا طریقہ سمجھایا۔ آخر میں صدر صاحبہ نے تمام شرکت کرنے والی لجنہ کا شکریہ ادا کیا اور دعا کے بعد یہ میٹنگز اختتام پزیر ہوئیں۔

خدا تعالیٰ کے فضل سے یہ ریفریشر کورسز تینوں ریجنز (Regions) میں بہت فائدہ مند ثابت ہوئے۔ (فالحمد للّٰہ علیٰ ذالک)

☆☆☆☆☆☆

سالانہ کارکردگی شعبہ تعلیم
برموقع سالانہ اجتماع 2011ء

عزیز ممبرات، اسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سب سے پہلے تو تمام بہنوں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرنا چاہوں گی کہ آپ سب نے اتنی محنت اور جانفشانی سے مقابلہ جات کی تیاری کی اور پھر اپنی بھرپور شمولیت سے اس کو کامیاب بنایا۔اب میں آپ کے سامنے دوران سال شعبہ تعلیم کے تحت ہونیوالے کاموں کی مختصر رپورٹ پیش کرتی ہوں جو کہ امسال پہلی مرتبہ پیش کی جارہی ہے اس کا مقصد صرف یہ ہے کہ اس سے سارے سال کی کارکردگی کا اندازہ ہوسکے اور تمام مجالس کی کاوشوں کو سراہا جاسکے۔

سلیبس:

دوسالہ تعلیمی نصاب اکتوبر 2010ء تا ستمبر 2012ء پہلی دفعہ کتابی صورت میں چھپوایا گیا اس کو چار ششماہیوں میں منقسم کیا گیا ہے یہ نصاب انتہائی بنیادی نوعیت کا ہے تا کہ اس سے لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ کی مضبوط تعلیمی بنیاد استوار ہوسکے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے نصاب بروقت تقسیم کردیا گیا اور پھر تمام مجالس کی صدران اور سیکرٹری تعلیم صاحبان کو ایک سرکلر بھجوایا گیا کہ مقررہ وقت کے اندر اندر نصاب کور کروائیں۔

تعلیمی کلاسز (ہفتہ وار بنیاد پر):

سارا سال تینوں مجالس کی صدران اور سیکرٹریان (تعلیم) ہر ویک اینڈ پر تعلیم کلاس کا انعقاد کرتی رہیں۔جس کی اطلاع فون اور Text کے ذریعے ہر ہفتے کی جاتی رہی۔تمام مجالس میں تعلیم کلاسز میں قرآن مجید کے درست تلفظ کی ادائیگی پر بہت زور دیا گیا اور ضرورت کے مطابق عام فہم طریق پر فرداً فرداً تلاوت کے دوران قوائد بھی سکھائے گئے۔

علاوہ ازیں تعلیم سلیبس کو مدنظر رکھتے ہوئے تعلیم سیکرٹریان ممبرات کو ہوم ورک دیتی ہیں اور پھر اگلی کلاس میں سنتی ہیں۔

تعلیمی کلاسز کی تعداد:

تعلیمی کلاسز کی تعداد حلقہ وار کچھ یوں ہے کہ ایسٹ مجلس میں 34 ویسٹ میں 46 میں اور ساؤتھ ویسٹ میں 8 کلاسز ہوئیں ساؤتھ ویسٹ تجنید کم ہونے کے باعث ہر ماہ ایک اجلاس کرتے ہیں جس میں وہ تمام سلیبس کو follow کرتے ہیں۔

جنوری میں نیشنل سیکرٹری تعلیم کی طرف سے تینوں سیکرٹریان کو جائزے بھجوائے گئے اور انہیں Taleem Assessment Form بھجوایا گیا جس کا مقصد یہ تھا کہ ہر دو مہینوں بعد فرداً فرداً لجنہ ممبرات سے سلیبس میں دیئے گئے اجزاء یاد کروائیں اور پھر Assess. Form پر ان لجنات کے نام مندرج کر کے ماہانہ رپورٹ کے ساتھ سینٹر بھجوائے جائیں۔

نیشنل ریفریشر کورس:

فروری میں ایسٹ، ویسٹ اور ساؤتھ ویسٹ جماعتوں کا ریفریشر کورس منعقد ہوا جس میں نیشنل سیکرٹری تعلیم نے لوکل سیکرٹریان کی کاوشوں کو سراہا اور جو امور اصلاح طلب تھے ان کی طرف توجہ دلائی۔

تینوں مجالس کی تعلیم سیکرٹریان کی کارکردگی:

ایسٹ مجلس:

